رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
MEMBER OF APNS
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | منگل | یکم جمادی الاول | 1448ھ | 13 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 91

اپوزیشن اراکین بلوچستان اسمبلی نے خیبر پختونخواء میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کے فیصلے کو مسترد کر دیا

وفاق نے حالات کی بہتری کی کوشش کی، خیبر پختونخوا حکومت کا رویہ درست نہیں تھا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

خیبر پختونخواء میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں خیبر پختونخواء حکومت کو بحال کیا جائے، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

دونوں صوبائی حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں کیا جاسکتا، آئین بنانے والے اکابرین نے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین میں متعلقہ آرٹیکلز شامل کیے تھے، میر سرفراز بگٹی کا اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن اراکین نے خیبر پختونخواء میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنے کے فیصلے (بقیہ نمبر40 صفحہ 6پر)

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے حالات اور دونوں صوبائی (بقیہ نمبر39 صفحہ 6پر)

وزیراعظم نے خیبر پختونخواسے متعلق 11 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی قائم کردی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم نے خیبر (بقیہ نمبر44 صفحہ 6پر)

وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف کے فرسٹ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر سے ملاقات

دونوں رہنماؤں کا معاشی استحکام، ساختی اصلاحات اور بیرونی چیلنجز پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 (بقیہ نمبر43 صفحہ 6پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

دفاعی سیکیورٹی تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

فریقین کا پاکستان اور برازیل کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار، عسکری سطح پر تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پاک مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا، علاقائی امن واستحکام کیلئے پاک مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا

راولپنڈی (این این آئی) برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو کے دورے کے دوران چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں دفاعی وسیکیورٹی تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (بقیہ نمبر42 صفحہ 6پر)

کوئٹہ، پاک فوج کے ایوی ایشن ونگ کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا

انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شہید

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے ایوی ایشن ونگ کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس (بقیہ نمبر41 صفحہ 6پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف دانش آئی ٹی پارک سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت

آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان (بقیہ نمبر49 صفحہ 6پر)

صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیراعظم

ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

شہباز شریف کی پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا (بقیہ نمبر45 صفحہ 6پر)

خیبر پختونخواہ میں کوئی نیا صوبہ یا یونٹ نہیں بنایا گیا، پورا صوبہ پرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آجاتی ہے

مذاکرات کے تمام راستے بند ہونے کے بعد مشکل آئینی قدم اٹھایا گیا، محسن نقوی

پولیس دہشتگردی کیخلاف شہادتیں دے رہی ہے، پولیس، آرمی اور مشاورتی کونسل نے مل کر کام کرنا ہے، ایسے سنگین حالات میں محاذ آرائی کے بجائے باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے تھی

علاقائی ترقیاتی سیکرٹیریٹ کا مقصد مسائل مل کر حل کرنا ہے، وفاقی حکومت فنانس سمیت دیگر تمام وسائل مہیا کرے گی، وزیراعظم خود نگرانی کر رہے ہیں، علاقائی سیکرٹیریٹ کے اجلاس میں گفتگو

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پورا خیبر پختونخوا پرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آجاتی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہے، پولیس، آرمی اور مشاورتی کونسل نے مل کر کام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی فورس ہے آپ دیکھیں گے کہ ان کو جب حکومت لیڈ کرے گی تو (بقیہ نمبر46 صفحہ 6پر)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اور اس کے اتحادیوں نے خیبر پختونخوا حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت کے ساتھ پارلیمانی رابطوں، براہ راست بات چیت اور بیک چینل ڈپلومیسی سمیت ہر ممکن راستہ اختیار کیا تاہم تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم 'ایکس' پر اپنے (بقیہ نمبر47 صفحہ 6پر)

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں کوئی نیا صوبہ یا یونٹ نہیں بنایا گیا۔ علاقائی ترقیاتی سیکرٹیریٹ بنانے کا مقصد لوگوں کے مسائل مل کر حل کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علاقائی ترقیاتی سیکرٹیریٹ کے اجلاس میں ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا تاثر دیا جارہا ہے کہ کے پی کے میں کوئی نیا صوبہ بننے جا رہا (بقیہ نمبر48 صفحہ 6پر)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج، سہیل آفریدی سمیت 8 پی ٹی آئی رہنما پولیس تحویل میں ہیں، پولیس حکام

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سہیل آفریدی سمیت پی ٹی آئی کے 8 رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ خیبر پختون خوا (بقیہ نمبر51 صفحہ 6پر)

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سے (بقیہ نمبر52 صفحہ 6پر)

لکھ کر دیتے ہیں عمران خان سے ملوا دیں باہر آکر کچھ نہیں بتائیں گے، اپوزیشن لیڈر

جمہوری پاکستان کیلئے ہر طرح کے مذاکرات پر تیار ہیں، محمود اچکزئی کی حکومت کو پیشکش

تحریک انصاف کو رونے کی بھی اجازت نہیں، یہ مینڈیٹ بھی چوری کرتے ہیں رونے بھی نہیں دیتے، چیئرمین پی ٹی آئی

11 اکتوبر کے اقدامات کو واپس لیں، دہشت گردی کے خلاف عوام تقسیم نہ کریں، پاکستان کا مقدر جمہوریت ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم جمہوری پاکستان کے لیے ہر طرح کے مذاکرات کے لیے تیار ہیں، ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آکر کچھ نہیں بتائیں گے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ کے باہر پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیراعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر50 صفحہ 6پر)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

پشاور کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے بند رہے

پشاور (این این آئی) ضلع پشاور کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے بند رہے، سرکاری ذرائع کے مطابق بنوں تعلیمی بورڈ ایس ایس سی سالانہ امتحانات دوم کے تمام پرچے بھی ملتوی کردیے گئے۔ میٹرک کے ہونے والے سالانہ امتحان دوم کا پرچہ بھی تا حکم ثانی ملتوی کردیا گیا، امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ کوہاٹ میں بھی امتحانات ملتوی کردیے گئے (بقیہ نمبر52 صفحہ 7پر)

مردان میں سابق صوبائی وزیر ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ پر پولیس کا چھاپہ، ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے

سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی اور صوبائی صدر پی ٹی آئی جنید اکبر پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں، رپورٹ

پشاور (این این آئی) مردان میں سابق صوبائی وزیر اور ایم پی اے ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ اور حجرے پر پولیس نے چھاپہ مارا تاہم انہیں گرفتار نہ کیا جا سکا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس چھاپے کے دوران ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں (بقیہ نمبر51 صفحہ 7پر)

ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرکے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت سوئی میں ترقیاتی منصوبوں اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس

گوپٹ واٹر سپلائی اسکیم کو یکم اپریل 2027 تک ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو پانی کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سوئی میں ترقیاتی منصوبوں اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، تعلیم وصحت کی سہولیات، عوامی خدمات کی فراہمی اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کر کے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے (بقیہ نمبر53 صفحہ 6پر)

حکومت کے پاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا، نائب وزیراعظم

افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے، اسحق ڈار

پی ٹی آئی کے احتجاج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ دھرنوں اور احتجاج کے سبب معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا تھا۔ انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ دھرنوں اور احتجاج کے سبب معیشت کو شدید (بقیہ نمبر54 صفحہ 6پر)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے نوتعینات سیکرٹری خارجہ عاصم افتخار احمد ملاقات کر رہے ہیں

انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر ایف بی آر کا جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق ٹیکس فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے، جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں (بقیہ نمبر37 صفحہ 7پر)

وزیراعظم کا پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں دو پائلٹس کی شہادت پر اظہار افسوس

ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں، شہباز شریف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے ایوی ایشن کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور سٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت (بقیہ نمبر50 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے دفتر میں دعائیہ تقریب

مرحوم شمشاد خان، ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن، کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (پ ر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان میں پیر کے روز مرحوم شمشاد خان، ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن، کی روح کے ایصال ثواب کے لیے دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشن) (بقیہ نمبر49 صفحہ 7پر)

کوئٹہ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال مرحوم ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن شمشاد خان کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ملک کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کرے گی، محمد اورنگزیب

بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، وزیر خزانہ

حکومت مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے اثرات، خصوصاً تیل کی قیمتوں، مہنگائی اور معاشی نمو پر پڑنے والے دباؤ کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل کرنے اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع اور تیل کی بلند قیمتوں کے باوجود ملک کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کرے گی، پاکستان کی خود مختار (بقیہ نمبر53 صفحہ 7پر)

کراچی، شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 3 زخمیوں سمیت 4 ڈاکو گرفتار

زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران 4 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا گیا، جن میں سے 3 زخمی ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ پولیس اور چھیپا حکام کے (بقیہ نمبر54 صفحہ 7پر)

پاکستان سے ریاض کی 34 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے تمام ایئرپورٹس سے سعودی دارالحکومت ریاض کی 34 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے (بقیہ نمبر55 صفحہ 7پر)

گورنر راج، خیبر پختونخوا کے ایڈووکیٹ جنرل آفس کے تمام 57 افسران فارغ

وفاقی حکومت نے چیف سیکرٹری کے پی شہاب علی شاہ کو عہدے سے ہٹا کر گریڈ 22 کے افسر ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو نیا چیف سیکرٹری مقرر کیا

صدر مملکت نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئین پاکستان کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دی تھی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد بیوروکریسی اور پولیس ڈیپارٹمنٹ میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کے بعد ایڈووکیٹ جنرل آفس کے 57 افسران کو بھی عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل آفس کے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل (بقیہ نمبر56 صفحہ 7پر)

جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے اور بعد میں مبینہ طور پر رقم لے کر ملزمان کے حق میں بیانات دینے والوں (بقیہ نمبر58 صفحہ 7پر)

سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے متاثرہ ملازمین کو سننے کا موقع دینا لازم ہے، سپریم کورٹ

متاثرہ ملازم کو سنے بغیر انتظامی کارروائی کے ذریعے اس کی سنیارٹی ختم یا تبدیل کرنا قانونی تقاضوں کے منافی ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کی سنیارٹی میں تبدیلی سے پہلے اسے موقف پیش کرنے کا منصفانہ موقع دینا ضروری ہے خواہ پہلے مقرر کی گئی سنیارٹی متعلقہ سروس قواعد کے خلاف ہی کیوں نہ ہو، عدالت نے سندھ پولیس کے (بقیہ نمبر57 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے بعد کریک ڈاؤن، پی ٹی آئی کے 254 کارکن گرفتار

گرفتاریاں شیوہ اڈہ، یار حسین، رزڑ، صوابی خاص، ٹوپی، لاہور، گدون اور ضلع کے دیگر علاقوں میں کی گئی ہیں

پولیس نے پی ٹی آئی ضلع مردان کے 85 کارکن گرفتار کر لیے جبکہ دیگر عہدیداروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد ضلع صوابی میں پولیس نے کریک ڈاؤن تیز کردیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ضلع بھر میں پاکستان تحریک انصاف کے اب تک 169 کارکنوں کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتاریاں (بقیہ نمبر59 صفحہ 7پر)

افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں سرحد پار دہشتگردی کے شواہد پھر سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آگئے۔ پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہوگئی ہے۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی خفیہ ایجنسی (سی آئی اے) کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ (بقیہ نمبر60 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

حکومتی جبر اور فسطائیت کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم کو اٹھنا ہوگا، راجہ ناصر عباس

ہمارا مقابلہ ایسے جھوٹوں سے پڑا ہے جنہوں نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اراکین کو پریشرائز کر کے آئین کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے

ہمارا واسطہ ظالم اور جابر حکمرانوں سے پڑا ہے اور پیپلزپارٹی بھی ان کا اس جرم میں بھرپور ساتھ دے رہی ہے، سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت کے جبر اور فسطائیت کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم کو اٹھنا ہوگا۔ ہمارا واسطہ ظالم اور جابر حکمرانوں سے پڑا ہے اور پیپلز پارٹی بھی ان کا اس جرم میں بھرپور ساتھ دے رہی ہے، ہمارا مقابلہ ایسے جھوٹوں سے پڑا ہے جنہوں نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اراکین کو پریشرائز کر کے آئین کے ساتھ کھلواڑ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس (بقیہ نمبر38 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا، شوکت یوسفزئی

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا ہے، صوبے (بقیہ نمبر39 صفحہ 7پر)

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کا مطالبہ؛ وزیراعظم، حافظ نعیم سے ملاقات کے خواہاں ہیں، رانا ثناء اللہ

وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی ملاقات سے قبل مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ شہباز شریف، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رانا ثناء اللہ کی جانب سے جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ کو فون کیا گیا (بقیہ نمبر40 صفحہ 7پر)

بنوں، سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، سکیورٹی ذرائع

بنوں، راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ضلع بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ایک خارجی دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں (بقیہ نمبر48 صفحہ 7پر)

قرض ترقی کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ اس کی راہ میں رکاوٹ، محمد اورنگزیب

وزیر خزانہ نے بورورز پلیٹ فارم کی چیئرمین شپ سنبھال لی، قرض کو ترقی کے لیے مؤثر ذریعہ بنانے پر زور

بنکاک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر پاکستان کی جانب سے بورورز پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی چیئرمین شپ سنبھالی۔ انہوں (بقیہ نمبر47 صفحہ 7پر)

کیمروں پر مشتمل پیداوار کی خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں، شہباز شریف

صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، اجلاس سے خطاب

وزیراعظم کی ٹیکس استعداد رپورٹ مرتب کر کے پیش کرنے والے افراد کی خصوصی پذیرائی، اجلاس کے اختتام پر شیلڈز پیش کیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کیمروں پر مشتمل پیداوار کی خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں۔ صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیراعظم کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس پیر کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں (بقیہ نمبر42 صفحہ 7پر)

ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے، طارق فضل چوہدری

پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، مذاکرات کے دروازے بند نہیں کریں گے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی (بقیہ نمبر46 صفحہ 7پر)

ہارون اختر خان سے چینی شینگ تانگ گروپ کے وفد کی ملاقات

شینگ تانگ گروپ کا سرمایہ کاری کے مختلف مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے چینی شینگ تانگ گروپ کے وفد نے ملاقات کی ہے جس میں شینگ تانگ گروپ نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ (بقیہ نمبر45 صفحہ 7پر)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت صوبائی ایپکس کمیٹی کا اہم اجلاس

دہشتگردی کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کا سلسلہ جاری، تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

پولیس اور سی ٹی ڈی کو جدید آلات، ضروری گاڑیوں، بکتر بند گاڑیوں، موثر اسلحے اور مطلوبہ نفری سمیت تمام ضروری وسائل فراہمی کا فیصلہ

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کی صوبائی ایپکس کمیٹی نے واضح کیا کہ دہشتگردی کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ فورم نے پولیس اور سی ٹی (بقیہ نمبر41 صفحہ 7پر)

کراچی میں دفعہ 144 نافذ، اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کردی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی میں دفعہ 144 کے تحت اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ کراچی میں دفعہ 144 کے تحت پابندی کا اطلاق 20 اکتوبر تک رہے گا اس سلسلے میں نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق دفعہ 144 کا اطلاق کراچی ڈویژن کی تمام حدود میں ہوگا، پابندی امن (بقیہ نمبر43 صفحہ 7پر)

گلگت، غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کرنے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کردی گئی

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر (بقیہ نمبر44 صفحہ 7پر)

12-10-2026
MAJ HUSNAIN SHEHZAD HUMAYUN SHAHEED
12-10-2026
CAPT ABDUL SAMAD SHAHEED

کوئٹہ پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے پائلٹس کی فائل فوٹو

روزنامہ
عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج
شجاع

معاذ صداقت کو پاکستان ٹیم کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، محمد رضوان

کل کی بات ہے کہ پشاور میں میرے گھر مجھے ایک لڑکا ملنے آیا، لڑکے کا پاکستان کیلئے کھیلنا خواب تھا، ایکس پر پیغام

لاہور (این این آئی) پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے کہا ہے کہ معاذ صداقت کو پاکستان ٹیم کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کل کی بات لگتی ہے پشاور میں میرے گھر مجھے ایک لڑکا ملنے آیا، بھائی ہارون کے ساتھ آنے والے لڑکے کا پاکستان کے لیے کھیلنا خواب تھا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر معاذ صداقت کے حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں محمد رضوان نے کہا کہ اس نوجوان لڑکے کی آنکھوں میں بہت اُمیدیں تھیں اور دل میں عزم تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسی بچے معاذ صداقت کو پاکستان کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے، مجھے امید ہے کہ یہ خوبصورت سفر کا آغاز ثابت ہوگا۔ محمد رضوان نے کہا کہ پاکستان کی شرٹ پہننے کا خواب ہو یا کچھ اور حاصل کرنا ہو محنت، صبر اور اللہ پر یقین رکھیں۔ وکٹ کیپر بیٹر نے کہا کہ صاحبزادہ فرحان اور قومی ٹیم کو ہوم سیریز جیتنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، پاکستان زندہ باد۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز معاذ صداقت نے 96 رنز کی اننگز کھیلی، ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 7 چھکے شامل تھے۔

معاذ صداقت کی دھواں دار بیٹنگ

پاکستان نے سری لنکا کیخلاف نیا ریکارڈ قائم کردیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے معاذ صداقت کی دھواں دار بیٹنگ کی بدولت سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیا ریکارڈ قائم کردیا۔ راولپنڈی میں گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں نوجوان بیٹر معاذ صداقت اپنی پہلی بین الاقوامی سنچری مکمل کرنے سے صرف چار رنز کی دوری پر رہ گئے تاہم ان کی جارحانہ بیٹنگ نے پاکستان کو سری لنکا کے خلاف تاریخی مجموعہ بنانے میں مدد دی۔ پاکستان نے معاذ صداقت کے 51 گیندوں پر 96 رنز کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 7 چھکے شامل تھے۔ یہ پاکستان کا اپنی سرزمین پر ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں اب تک کا سب سے بڑا اسکور ہے۔ اس سے قبل قومی ٹیم نے 2021 میں کراچی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 3 وکٹوں پر 208 رنز بنائے تھے۔ مجموعی طور پر یہ پاکستان کا دوسرا بڑا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اسکور بھی ہے۔ قومی ٹیم نے 2021 میں ناٹنگھم میں انگلینڈ کے خلاف 6 وکٹوں پر 232 رنز بنائے تھے۔ معاذ نے کپتان صاحبزادہ فرحان کے ساتھ دوسری وکٹ کے لیے 88 رنز کی شراکت قائم کی۔ ان کے سات چھکے کسی پاکستانی بیٹر کی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اننگز میں سب سے زیادہ چھکوں کے ریکارڈ کے برابر ہیں۔ یاد رہے کہ اپنا دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلنے والے معاذ نے ڈیبیو میچ میں بھی نصف سنچری بنائی تھی۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ (آج) کھیلا جائیگا

پاکستان کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل، میچ شام چھ بجے شروع ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آخری اور تیسرا میچ (آج) منگل کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائیگا، پاکستان کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آخری اور تیسرا میچ (آج) منگل کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائیگا۔ میچ شام چھ بجے شروع ہوگا جبکہ ٹاس ساڑھے پانچ بجے کیا جائیگا۔ یاد رہے کہ تین ٹوئنٹی میچوں میں پاکستان کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے ۔ پاکستان ٹیم نے مہمان ٹیم کو پہلے دو میچوں میں شکست دیکر سیریز میں 0-2 کی برتری حاصل کر رکھی ہے۔

سات مرتبہ کے فارمولا ون عالمی چیمپئن لیوس ہیملٹن نے سنگاپور گراں پری میں اپنی حکمت عملی کی غلطی پر فراری ٹیم سے معذرت کرلی

سنگاپور (این این آئی) سات مرتبہ کے فارمولا ون عالمی چیمپئن لیوس ہیملٹن نے سنگاپور گراں پری میں اپنی حکمتِ عملی کی غلطی پر فراری ٹیم سے معذرت کرلی جبکہ مرسڈیز کے نوجوان ڈرائیور کیمی انتونیلی عالمی چیمپئن شپ جیتنے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق سنگاپور گراں پری میں میکس ورسٹاپن نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ فراری کے چارلس لیکلرک دوسرے اور کیمی انتونیلی تیسرے نمبر پر رہے۔ لوئس ہیملٹن چھٹے نمبر پر رہے، حالانکہ فراری کو امید تھی کہ اس کے دونوں ڈرائیور دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کریں گے۔ ریس کے آخری مرحلے میں لوئس ہیملٹن کے ٹائروں کی کارکردگی متاثر ہوئی اور وہ 3 حریف ڈرائیوروں سے پیچھے رہ گئے۔ انہوں نے ٹیم کے ریڈیو پر اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکمتِ عملی کا فیصلہ ان کا اپنا تھا اور اس کے باعث ٹیم کو قیمتی پوائنٹس کا نقصان ہوا۔ فراری کے سربراہ فریڈ ریک واسور نے کہا کہ ٹیم نے لوئس ہیملٹن کو پٹ سٹاپ کے لیے بلایا تھا، لیکن انہوں نے رکنے کے بجائے ٹریک پر رہنے کا فیصلہ کیا۔ بعد میں ہیملٹن کو احساس ہوا کہ یہ فیصلہ درست نہیں تھا۔ واسور کے مطابق غلطیاں کھیل کا حصہ ہیں

انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز میں سری لنکا نے پاکستان کو چھ وکٹوں سے شکست دیدی

فیصل آباد (این این آئی) انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز میں سری لنکا نے پاکستان کو چھ وکٹوں سے شکست دیدی۔ اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے آٹھ وکٹوں پر 105 رنز بنائے، پاکستان کی جانب سے شہر بانو 24 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ سری لنکا کی لیما نسا تھلا کرتنے نے 14 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں۔ سری لنکا نے 106 رنز کا ہدف 13.3 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ سری لنکا کی سچنا کو بندی نے 28 گیندوں پر 46 رنز کی اننگز کھیلی۔ سری لنکا اور بنگلہ دیش کے درمیان فائنل 16 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ سری لنکا اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں 14 اکتوبر کو آخری لیگ میچ میں مدمقابل ہوں گی۔



لاہور: پنجاب سپورٹس کمپلیکس میں فٹبال کے کھلاڑی تربیت حاصل کررہے ہیں

وسیم اکرم ڈراموں میں اداکاری کیلئے تیار، ماہ نور بلوچ پہلی ہیروئن

وسیم اکرم اس سے قبل فلم 'منی بیک گارنٹی' میں اداکاری کر چکے ہیں، پہلا ٹی وی ڈرامہ ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق اسٹار کرکٹر وسیم اکرم کی ٹی وی ڈراموں میں انٹری کی خبریں سامنے آئی ہیں جس پر سوشل میڈیا صارفین نے ملا جلا ردعمل دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وسیم اکرم کو معروف اداکارہ ماہ نور بلوچ کے ساتھ ایک نئے ڈرامے میں کاسٹ کیے جانے کا امکان ہے جس کی ہدایتکاری فہیم برنی کریں گے۔ ڈرامہ ابھی ابتدائی مراحل پر ہے اور فنکاروں سے بات چیت جاری ہے تاہم کاسٹ کو حتمی شکل نہیں دی گئی۔ وسیم اکرم اس سے قبل فلم 'منی بیک گارنٹی' میں اداکاری کر چکے ہیں تاہم یہ ان کا پہلا ٹی وی ڈرامہ ہوگا۔ اس خبر پر اداکارہ جویریہ عباسی نے خوشی کا اظہار کیا جبکہ بعض صارفین نے وسیم اکرم کی ممکنہ کاسٹنگ پر تنقید بھی کی۔

پریزیڈنٹ ٹرافی، پشاور اور ایبٹ آباد میں شیڈول میچز لاہور اور شیخوپورہ منتقل

اسلام آباد اور راولپنڈی میں ہونے والے میچز پہلے سے طے شدہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے صوبہ خیبر پختونخوا میں سیاسی صورتحال کے باعث پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے جاری فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کے پشاور اور ایبٹ آباد میں شیڈول میچز دوسرے شہروں میں منتقل کردیے ہیں۔ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق حکومت پاکستان کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے اعلان کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں ہونے والے میچز پہلے سے طے شدہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے جہاں چھٹے راؤنڈ کا آغاز پیر سے ہوگا۔ پشاور کے عمران خان اسٹیڈیم میں غنی اور حیدرآباد کنگز مین اکیڈمی کے درمیان میچ 14 اکتوبر سے شیخوپورہ کی رانا نوید اکیڈمی میں کھیلا جائے گا جبکہ ایبٹ آباد میں شیڈول سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ اور آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا مقابلہ لاہور کے ایل سی سی اے گراؤنڈ منتقل کردیا گیا ہے۔ آخری راؤنڈ کے میچز اب 19 اکتوبر سے شروع ہوں گے جبکہ مارخور آئی ٹی سلوشنز اور پاکستان ٹی وی کا میچ بھی لاہور میں ہوگا۔

عالمی شہرت یافتہ گلوکار قوال و موسیقار استاد نصرت فتح علی خان کا 78 واں یوم پیدائش آج منایا جائے گا

فیصل آباد (آن لائن) عالمی شہرت یافتہ گلوکار قوال و موسیقار استاد نصرت فتح علی خان کا 78 واں یوم پیدائش آج منایا جائے گا نصرت فتح علی خان اکیڈمی کے زیر اہتمام لائبریری پکچر گیلری دھوبی گھاٹ میونسپل کارپوریشن لائبریری میں میاں بشیر احمد اعجاز اور لندن میں اقبال نقیبی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کیک کاٹیں گے، جبکہ نصرت علی خان 13 اکتوبر 1948 کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے عالمی سطح پر جتنی شہرت انہیں ملی وہ شاید کسی اور موسیقار یا گلوکار کو نصیب نہیں ہوئی۔

آنجہانی اداکار نانا پاٹیکر اور راشد لطیف کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف

نانا پاٹیکر سے ابتدائی بات چیت 1994 میں ہوئی، دوستی کرانے میں اظہر الدین اور اجے جڈیجہ کا خصوصی کردار تھا، سابق وکٹ کیپر

کراچی (این این آئی) بالی ووڈ کے آنجہانی اداکار نانا پاٹیکر اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان راشد لطیف کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف ہوا ہے۔ راشد لطیف پاکستان کے لیجنڈری وکٹ کیپر بیٹر اور سابق کپتان ہیں جبکہ نانا پاٹیکر بالی ووڈ کے ورسٹائل اداکار جو چند روز قبل دل کے دورے کے باعث چل بسے تاہم ان کی موت کے بعد آنجہانی اداکار اور پاکستانی کرکٹر کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف ہوا ہے۔ سابق پاکستانی کپتان راشد لطیف اور نانا پاٹیکر کے درمیان 32 سال دیرینہ دوستی ہے، اس کا آغاز 1994 میں سنگر ٹرافی کے ذریعے کیسے ہوا۔ اس کا احوال شائقین کے لیے انتہائی دلچسپ ہوگا۔ لیجنڈری اداکار نانا پاٹیکر کا اداکاری کے ساتھ کرکٹ سے خاص لگاؤ تھا، یہ بات ان کے پرستار جانتے ہوں گے تاہم اسی کھیل کی نسبت ان کی خاص دوستی سابق قومی کپتان راشد لطیف سے ہوئی یہ بات شاید بہت کم لوگوں کے علم میں ہو، نانا پاٹیکر کی اچانک موت کے بعد راشد لطیف نے اپنے دیرینہ دوست کی یادیں تازہ کیں اور بھارتی میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ان کی اداکار سے دوستی کب اور کس طرح شروع ہوئی۔ راشد لطیف نے انکشاف کیا کہ ان کی نانا پاٹیکر سے ابتدائی بات چیت کا سلسلہ 1994 میں سری لنکا میں ہونے والی سنگر ٹرافی کے دوران ہوا، ان کے درمیان دوستی کرانے میں اس وقت کے بھارتی کپتان محمد اظہر الدین اور اجے جڈیجہ کا خصوصی کردار تھا۔ سابق وکٹ کیپر نے بتایا کہ دونوں بھارتی کرکٹرز ان کی نانا پاٹیکر سے ملاقات اور بات چیت کے مواقع پیدا کرتے تھے، بات چیت کا یہ سلسلہ برسوں تک جاری رہا اور پھر یہ دوستی کرکٹ اور فلموں کے دائرے سے آگے نکل گئی۔ راشد لطیف نے اس دوستانہ تعلق کا ایک دلچسپ واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ 1998 میں آنجہانی اداکار کو ایوارڈ ملا تھا۔ اس دوران وہ قومی ٹیم کے ساتھ جنوبی افریقہ کے دورے پر تھے، انہیں ایوارڈ کا پتہ چلا تو نانا پاٹیکر کو مبارکباد پیش کی۔ سابق پاکستانی کپتان نے بتایا کہ بعد میں نانا پاٹیکر نے بھارتی کرکٹرز سے ملاقات کی اور مزاحیہ انداز میں شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایوارڈ ملنے پر ایک پاکستانی کرکٹر نے تو مبارکباد دی، مگر بھارتی کھلاڑیوں نے ایسا نہیں کیا۔ راشد لطیف کے مطابق انہیں یہ واقعہ اجے جڈیجہ نے بتایا۔ بظاہر یہ ایک چھوٹا سا واقعہ تھا لیکن اس سے ان کی دوستی اور گرم جوشی کا اظہار ہوتا تھا۔ ان کی دوستی اس قدر گہری تھی کہ راشد لطیف کو ''نانا'' پکارا جانے لگا تھا۔ یہ دلچسپ انکشاف ان کے ساتھی سابق بلے باز باسط علی نے کیا اور بتایا کہ اداکار سے گہری دوستی کی وجہ سے ساتھی کرکٹرز راشد لطیف کی عرفیت ''نانا'' رکھ دی تھی اور وہ اسی نام سے پکارتے تھے۔ باسط علی نے نانا پاٹیکر کو جذباتی خراج تحسین بھی پیش کیا اور انہیں ایک ایسے قریبی دوست کے طور پر یاد کیا جن کی شخصیت کیمرے کے سامنے اور پیچھے، دونوں ہی صورتوں میں اتنی ہی یادگار تھی جتنی کہ ان کی اداکاری۔

انگلش پریمیئر لیگ مانچسٹر سٹی نے ٹائٹل کیلئے دوڑ میں برتری مستحکم کرلی

انگلش پریمیئر لیگ کے اہم میچ میں لیورپول کو اینفیلڈ کے میدان میں 0-3 سے شکست دے دی

مانچسٹر سٹی کی فتح نے ٹائٹل کی دوڑ کو دلچسپ بنا دیا ہے، لیکن کلب کے خلاف کارروائی کے حتمی فیصلے تک لیگ کی موجودہ صورتِ حال غیر یقینی رہے گی

لندن (این این آئی) مانچسٹر سٹی نے انگلش پریمیئر لیگ کے اہم میچ میں لیورپول کو اینفیلڈ کے میدان میں 0-3 سے شکست دے کر ٹائٹل کی دوڑ میں اپنی برتری مزید مستحکم بنالی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق اس فتح کے ساتھ ہی مانچسٹر سٹی نے تین قیمتی پوائنٹس حاصل کرلئے اور پوائنٹس ٹیبل پر 18 پوائنٹس کے ساتھ اپنی ٹاپ پوزیشن مزید بہتر بنالی تاہم کلب کے خلاف مالیاتی ضابطوں کی خلاف ورزیوں کے الزامات نے اس شاندار کامیابی کی اہمیت کو دھندلا دیا۔ مانچسٹر سٹی نے لیورپول کے خلاف دباؤ سے بھرپور ماحول میں بہترین کھیل پیش کیا۔ ارلنگ ہالینڈ، جیریمی ڈوکو اور ریان چرکی نے دوسرے ہاف میں گول کرکے ٹیم کی فتح یقینی بنائی۔ اس کامیابی کے بعد مانچسٹر سٹی کو لیگ میں اپنے حریفوں پر 3 پوائنٹس کی برتری حاصل ہوگئی۔ میچ سے قبل لیورپول کے شائقین نے مانچسٹر سٹی کے خلاف احتجاج کیا اور کلب پر مالیاتی بے ضابطگیوں کے الزامات کے حوالے سے بینرز بھی آویزاں کیے۔ لیورپول کے حامیوں کا موقف ہے کہ ماضی میں مانچسٹر سٹی کی مالی برتری نے ٹائٹل کی دوڑ پر اثر ڈالا۔ مانچسٹر سٹی کو انگلش پریمیئر لیگ کے مالیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں سے متعلق 114 الزامات کا سامنا ہے۔ ان الزامات کا تعلق 2009-10 سے 2017-18 کے عرصے سے ہے۔ کلب فیصلے کے خلاف اپیل کر چکا ہے، جبکہ ممکنہ سزاؤں میں پوائنٹس کی بڑی کٹوتی اور لیگ سے تنزلی جیسے اقدامات بھی زیرِ بحث رہے ہیں۔ مانچسٹر سٹی کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ ٹیم کی توجہ صرف ان معاملات پر ہے جنہیں وہ اپنے اختیار میں سمجھتے ہیں، جن میں کھیل کی حکمت عملی، تربیت اور میچوں میں کامیابی شامل ہیں۔ ارلنگ ہالینڈ نے بھی کہا کہ ٹیم نے ذہنی مضبوطی کا مظاہرہ کیا اور اجتماعی کوشش سے کامیابی حاصل کی۔ سابق انگلش فٹ بالر سٹیفن وارنک کے مطابق، مانچسٹر سٹی کی انفرادی صلاحیتوں اور کھیل کے معیار کو سراہا جاسکتا ہے، تاہم مالیاتی الزامات کے باعث ٹیم کی کامیابیوں پر سوالات برقرار ہیں۔ مانچسٹر سٹی کی فتح نے ٹائٹل کی دوڑ کو دلچسپ بنادیا ہے۔

All PAKISTAN
CM BALOCHISTAN
FOOTBALL GOLD CUP
Runner
1,500,000
Winner
3,000,000

بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر جمیل احمد سرپراہ، جنرل سیکرٹری امین اللہ کاکڑ، فیڈریشن کے ایگزیکٹو ممبر شکیل احمد زہری، آل پاکستان وزیر اعلی بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ میں اعلی کارکردگی کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

شی لیگ فٹسال، اسمرفز اور وائبرنٹ کو یکساں طور پر 13-0 سے شاندار فتوحات حاصل

جونیئرز مقابلوں میں مڈفیلڈ ایف سی نے اسٹرائیکرز کو 3-2 سے ہرا کر مسلسل دوسری فتح اپنے نام کی

اسلام آباد (این این آئی) شی لیگ فٹسال کے افتتاحی ویک اینڈ کے آخری روز اتوار کو اسمرفز اور وائبرنٹ نے یکساں طور پر 13-0 سے شاندار فتوحات حاصل کرلیں۔ مقابلے جناح اسٹیڈیم کے فٹسال گراؤنڈز میں کھیلے گئے۔ اسلام آباد سٹی نے مسلسل دوسرے روز کامیابی حاصل کرتے ہوئے فٹبال فیکٹری کو 3-0 سے شکست دی اور سینئرز کی پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ دوسری جانب جونیئرز مقابلوں میں مڈفیلڈ ایف سی نے اسٹرائیکرز کو 3-2 سے ہرا کر مسلسل دوسری فتح اپنے نام کی۔ سینئرز مقابلوں میں پہلی بار شرکت کرنے والی ٹیم اسمرفز نے اسٹرائیکرز کو 13-0 سے شکست دی۔ کپتان عسریٰ سعید نے ہیٹ ٹرک اسکور کی جبکہ فاطمہ خان، زینب شاہدین اور ہاجرہ نے دو، دو گول کیے۔ اسلام آباد سٹی کی جانب سے فاطمہ، علینہ اور امل نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ جونیئرز مقابلوں میں وائبرنٹ نے بلیوجیز کو 13-0 سے شکست دی۔ سحر نے پانچ گول کیے جبکہ خدیجہ نے چار گول کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے ساتھ دو گول بھی اسکور کیے۔ مڈفیلڈ ایف سی کی کامیابی میں حیا نے نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے دو گول اسکور کیے اور تیسرا گول کرنے میں معاونت فراہم کی، جس کی بدولت مڈفیلڈ نے جونیئرز کی پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔

ابھیشیک شرما نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کردیا

ابھیشیک نے محض 18 گیندوں پر اپنی نصف سنچری مکمل کر کے حریف بولرز کو دباؤ میں ڈال دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اوپنر ابھیشیک شرما نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں گیندوں کے اعتبار سے تیز ترین 2 ہزار رنز مکمل کر کے نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ انہوں نے یہ سنگ میل محض 1024 گیندوں پر عبور کیا اور سابق کپتان سوریا کمار یادیو کو پیچھے چھوڑ دیا جنہوں نے اس مقام تک پہنچنے کے لیے 1164 گیندیں کھیلی تھیں۔ اندور میں ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں ابھیشیک شرما نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے صرف 30 گیندوں پر 69 رنز بنائے۔ انہوں نے محض 18 گیندوں پر اپنی نصف سنچری مکمل کر کے حریف بولرز کو دباؤ میں ڈال دیا۔ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں گیندوں کے اعتبار سے تیز ترین دو ہزار رنز بنانے والوں کی فہرست میں آسٹریا کے کرنبیر سنگھ تیسرے، آسٹریلیا کے ایرون فنچ چوتھے اور یو اے ای کے محمد وسیم پانچویں نمبر پر ہیں۔

15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوی ایشن کے تعاون سے 15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں شروع ہو گی۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے تعلیمی اداروں کے عہدیداران، اپنی ٹیم کی رجسٹریشن 25 اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کرواسکتے ہیں۔ چیمپئن شپ 31 اکتوبر تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد کے علاوہ دیگر انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے۔

مجھے اسکول کے زمانے میں انگریزی زبان نہ سیکھنے کا پچھتاوا آج بھی ہے، لیونل میسی

بیونس آئرس (این این آئی) فٹ بال کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار ہونے والے ارجنٹینا کے کھلاڑی لیونل میسی نے اعتراف کیا ہے کہ مجھے اسکول کے زمانے میں انگریزی زبان نہ سیکھنے کا پچھتاوا آج بھی ہے۔ ارجنٹینا کے اسٹار فٹ بالر لیونل میسی نے وہ تمام اعزازات حاصل کیے ہیں جن کا ایک فٹ بالر خواب دیکھتا ہے، انفرادی اعزازات میں بیلن ڈی اور سے لے کر کلب کی سطح پر چیمپئنز لیگ اور ارجنٹینا کے ساتھ فیفا ورلڈ کپ جیتنے تک میسی نے تقریباً ہر کامیابی اپنے نام کی ہے، تاہم بین الاقوامی فٹ بال سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے 39 سالہ کھلاڑی کے دل میں کچھ پچھتاوے بھی ہیں، ان میں سے ایک انگریزی زبان نہ سیکھنا ہے۔ میسی کے مطابق اگر میں کوئی دوسری زبان جانتا تو زندگی میں ملنے والی بعض غیر معمولی شخصیات سے براہِ راست گفتگو کرسکتا تھا لیکن زبان کی رکاوٹ کے باعث ایسا ممکن نہ ہوسکا۔

یوم پنجاب پر نمائشی کبڈی میچ، غوری کبڈی کلب نے میدان مار لیا

غوری کلب کو 50 ہزار روپے اور ٹرافی، رنر اپ شاہین کبڈی کلب کو 30 ہزار روپے نقد انعام دیا گیا

نارووال (این این آئی) یوم پنجاب کی مناسبت سے لیب ماڈل سکول نارووال کے گراؤنڈ میں نمائشی کبڈی میچ کا انعقاد کیا گیا، جس میں شاہین کبڈی کلب اور غوری کبڈی کلب کے مابین سرکل کبڈی کا کانٹے دار اور سنسنی خیز مقابلہ ہوا۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی مہارت، پھرتی اور بہترین کھیل سے شائقین کو محظوظ کیا۔ مقابلے کے دوران کھلاڑیوں کی جانب سے عمدہ کھیل پیش کیا گیا، جس سے گراؤنڈ میں موجود شائقین کی دلچسپی اور جوش و خروش برقرار رہا۔ سخت مقابلے کے بعد غوری کبڈی کلب نے فتح اپنے نام کر لی۔ میچ کے اختتام پر فاتح ٹیم غوری کبڈی کلب کو 50 ہزار روپے نقد انعام اور ٹرافی جبکہ رنر اپ ٹیم شاہین کبڈی کلب کو 30 ہزار روپے نقد انعام اور ٹرافی پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے کہا کہ کھیلوں کے انعقاد سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع ملتے ہیں اور صحت مند سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔ کبڈی پنجاب کی ثقافت اور روایتی کھیلوں کا اہم حصہ ہے، جسے فروغ دینا ہماری ثقافتی روایات کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔

رکن کانگریس پاکستان فٹ بال فیڈریشن راجہ محمد اشتیاق کی مولابخش بلوچ سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) رکن کانگریس پاکستان فٹ بال فیڈریشن راجہ محمد اشتیاق نے ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن ساؤتھ کراچی کے جوائنٹ سیکرٹری مولابخش بلوچ کے بھائی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے خواتین آرچری ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں اوپن ٹرائلز 13 اکتوبر کو ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے خواتین آرچری ٹیم کے چنا کے سلسلہ میں اوپن ٹرائلز 13 اکتوبر سے پشاور سپورٹس کمپلیکس پشاور میں ہونگے۔ خیبر پختونخوا آرچری ایسوی ایشن کی جنرل سیکرٹری سارہ خان نے بتایا کہ ٹرائلز دن 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جاری رہیں گے اور ٹرائلز میں یکم جنوری 2026 کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ منتخب ٹیم آئندہ ماہ 23 سے 26 نومبر تک پشاور میں کھیلی جانے والی انڈر 21- گیمز میں شرکت کرے گی۔

پاکستان سپورٹس بورڈ ایمپلائز یونین کے چیئرمین وسیم مغل کا نورنواص خان کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان سپورٹس بورڈ ایمپلائز یونین کے چیئرمین وسیم مغل نے پاکستان سپورٹس بورڈ ایمپلائز کے سابق مارکر نور نواص خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

عرفان پٹھان کو افغان دعوت کی ویڈیو شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا

دبئی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر عرفان پٹھان کو دبئی میں افغان کرکٹر راشد خان کے گھر کھانے کی دعوت میں شرکت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ افغان کرکٹر راشد خان نے اپنی رہائش گاہ پر عرفان پٹھان اور ان کے بھائی یوسف پٹھان کی میزبانی کی، اس دعوت میں مہمانوں کی ضیافت روایتی افغان کھانوں سے کی گئی۔ عرفان پٹھان نے سوشل میڈیا پر اس دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے راشد خان اور ان کی اہلیہ لیلوما کی مہمان نوازی اور کھانوں کی تعریف کی۔ انہوں نے دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ یہ ناقابل یقین افغان دعوت تھی، ہر ڈش کا اپنا الگ ذائقہ تھا لیکن جس چیز نے اس دعوت کو اور بھی خاص بنا دیا وہ محبت اور گرمجوشی تھی جو کہ ہر چیز میں شامل تھی۔ عرفان پٹھان کہاں ہو؟۔ سابق بھارتی کرکٹر نے اپنی پوسٹ کے آخر میں راشد خان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ میرے بھائی، میں ابھی تک اس کھانے کے بارے میں سوچ رہا ہوں۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر چند ہی لمحات میں وائرل ہوگئی اور انتہا پسند بھارتی صارفین کی جانب سے گائے کا گوشت کھانے پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔

ڈسٹرکٹ سب اکاؤنٹ آفیسر ضلع سبی سید ایوب شاہ بخاری نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا



سبی (پ ر) ڈسٹرکٹ سب اکاؤنٹ آفیسر ضلع سبی سید ایوب شاہ بخاری نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ سب اکاؤنٹ آفیسر ضلع سبی سید محمد ایوب شاہ بخاری نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا۔ اس موقع پر سبی کے تمام ملازمین اور پنشنر بیواؤں و دیگر دوست احباب کی جانب سے مبارکباد پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ واضح رہے کہ موصوف نہایت ہی ایماندار اور فرض شناس آفیسر ہیں اس سے پہلے بھی سبی میں اپنی گراں قدر خدمات سرانجام دے چکے ہیں اور اب دوبارہ غریب ملازمین کی سروس بک۔ جی پی فنڈ و پنشنرز بیواؤں کے کئی سالوں سے زیر التواء کیسز نمٹانے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے امید ہے کہ سید محمد ایوب شاہ بخاری اس بار بھی اپنی زمہ داری نہایت ہی احسن طریقے سے سرانجام دیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ جب بھی کھیلوں گا، صاحبزدہ فرحان

جارحانہ انداز میں کھیلوں گا، پاکستان ٹی ٹوئنٹی کپتان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹی ٹوئنٹی کپتان صاحبزادہ فرحان نے کہا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ جب بھی کھیلوں گا، جارحانہ انداز میں کھیلوں گا۔ پاکستان ٹی ٹوئنٹی کپتان صاحبزادہ فرحان نے سیریز جیتنے کے بعد پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیریز شروع ہونے سے پہلے مختلف کرکٹ کھیلنے کا مائنڈ سیٹ بنایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ جب بھی کھیلوں گا، جارحانہ انداز میں کھیلوں گا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے پتہ ہے کہ میرے بعد معاذ، حسن، صائم آتے ہیں اس لیے اٹیکنگ شاٹس کھیلی۔ انہوں نے کہا کہ معاذ صداقت انڈر 16، انڈر 19 کے پراسس سے آیا ہے، بہت زبردست کھیل رہا ہے۔ صاحبزادہ فرحان نے کہا کہ محمد عمران رندھاوا ڈومیسٹک پرفارمر ہے، تسلسل سے ایک جگہ باؤلنگ کروا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے لگا اسکا دن ہے تو اسی لیے چار اوورز ایک ساتھ کروادیئے۔ پاکستان اور سری لنکا کے مابین سیریز کا تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل (آج) منگل کو کھیلا جائے گا، پاکستان کو سیریز میں دوصفر کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔

ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ایسا ریکارڈ قائم جو شاید کبھی نہ ٹوٹ سکے

کرکٹ کی 149 سالہ تاریخ میں ایسا ریکارڈ پہلی بار قائم ہوا ہے جس کا ٹوٹنا تقریباً ناممکن ہے، رپورٹ

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے چار رکنی بولنگ اٹیک نے ٹیسٹ کرکٹ میں ایک ایسا تاریخی اعزاز حاصل کرلیا ہے جو اس سے قبل کسی ٹیم کے بولرز کے حصے میں نہیں آیا۔ پیٹ کمنز، مچل اسٹارک، جوش ہیزل ووڈ اور نیتھن لائن نے جنوبی افریقا کے خلاف کنگز میڈ میں پہلے ٹیسٹ کے دوران مشترکہ طور پر 600 وکٹوں کا سنگ میل عبور کرلیا۔ اعداد و شمار کے مطابق چاروں بولرز نے ایک ساتھ 38 ٹیسٹ میچز میں مجموعی طور پر 602 وکٹیں حاصل کی ہیں جو ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں کسی بھی بولنگ یونٹ کی جانب سے سب سے بڑی تعداد ہے۔ کرکٹ کی 149 سالہ تاریخ میں ایسا ریکارڈ پہلی بار قائم ہوا ہے جس کا ٹوٹنا تقریباً ناممکن ہے کیونکہ اس فہرست میں دوسرے نمبر پر انگلینڈ کے معین علی، جیمز اینڈرسن، اسٹورٹ براڈ اور بین اسٹوکس کا مجموعہ تقریباً 430 وکٹیں رہا۔ تیسرے نمبر پر جنوبی افریقا کے جیک کیلس، مکھایا این تینی، نکی بوئے اور شان پولاک نے 341 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ آسٹریلوی بولرز کی جانب سے 602 وکٹوں میں میں پیٹ کمنز 158 وکٹوں کے ساتھ سرفہرست ہیں، مچل اسٹارک نے 155، جوش ہیزل ووڈ نے 150 اور نیتھن لائن نے 139 وکٹیں حاصل کیں۔ چاروں بولرز کی کامیابی کا راز ان کے مختلف انداز میں پوشیدہ ہے۔ کمنز کی رفتار، اسٹارک کی بائیں ہاتھ سے سوئنگ، ہیزل ووڈ کی نپی تلی لائن و لینتھ اور لائن کی اسپن حریف بلے بازوں کے لیے مسلسل مشکلات پیدا کرتی ہے۔

ڈربن ٹیسٹ خراب روشنی سے شدید متاثر

پنک بال کے استعمال کی تجویز زور پکڑنے لگی

ڈربن (این این آئی) کرکٹ میں خراب روشنی کے باعث کھیل کا رکنا ایک پرانا مسئلہ ہے تاہم جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کے درمیان ڈربن ٹیسٹ میں اس نے ایک بار پھر توجہ حاصل کرلی ہے، میچ کے ابتدائی تین دنوں میں خراب روشنی کے باعث 60 سے زائد اوورز ضائع ہوچکے ہیں جس سے ٹیسٹ کرکٹ میں پنک بال کے استعمال پر بحث چھڑ گئی ہے۔ ڈربن میں اکتوبر کے دوران سورج شام چھ بجے کے کچھ دیر بعد غروب ہوتا ہے اس کے باوجود پہلے روز کھیل مقامی وقت کے مطابق سہ پہر 3 بج کر 23 منٹ پر روکنا پڑا۔ اس روز مقررہ 90 اوورز میں سے صرف 65.2 اوورز ہی کرائے جاسکے۔ دوسرے اور تیسرے روز بھی کھیل مقررہ وقت سے پہلے ختم ہوا۔ ماہرین کے مطابق گرم موسم کے بعد سمندری ہواؤں اور نمی میں اضافے سے بادل گہرے ہوجاتے اور نیچے آجاتے ہیں جس کے باعث روشنی کم ہوجاتی ہے۔ آئی سی سی نے حال ہی میں ٹیسٹ میچز میں پنک بال کے استعمال کی اجازت دی ہے تاکہ خراب روشنی کے مسائل سے نمٹا جاسکے تاہم اس کے لیے میچ سے قبل دونوں ٹیموں کا اتفاق ضروری ہے۔ جنوبی افریقا اور آسٹریلیا نے ڈربن ٹیسٹ میں اس آپشن پر غور نہیں کیا۔ سابق جنوبی افریقی بولر شان پولاک نے کہا کہ پنک بال کے استعمال سے مزید 45 اوورز کا کھیل ممکن ہوسکتا تھا۔ دوسری جانب ورنن فلینڈر نے تجویز دی کہ روشنی کم ہونے پر امپائرز کو پنک بال متعارف کرانے کا اختیار دیا جائے اگرچہ اس سے مقابلے کی یکسانیت اور انصاف سے متعلق سوالات پیدا ہوسکتے ہیں۔

پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے مرد اور خواتین تھرو بال ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روزہ اوپن ٹرائلز 13 اکتوبر کو ہونگے

اسلام آباد (ای این آئی) پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے مرد اور خواتین ٹیموں تھرو بال ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روزہ ٹرائلز 13 اکتوبر کو پشاور میں ہونگے۔ خیبر پختونخوا تھرو بال ایسوی ایشن کے جنرل سیکرٹری ارشد حسین نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ مردوں کی ٹیم کے چنا کے سلسلہ میں ٹرائلز 13 اکتوبر کو طہماس فٹ بال سٹیڈیم پشاور میں جبکہ خواتین ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز 14 اکتوبر کو صبح دس بجے گورنمنٹ سٹی گرلز کالج، گلبہار پشاور میں ہونگے اور ٹرائلز میں یکم جنوری 2026 کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔

CORRIGENDUM

The Office of the Executive Engineer, Irrigation Division Chaman, invited tenders vide PRQ No. 1659/02-10-2026, published in Daily newspapers on 02-10-2026, under TSE-2627091200903. The Eligibility and Evaluation Criteria specified in the bidding documents for the work titled "CLEANLINESS OF KOTNI KAREZ, DISTRICT CHAMAN" are hereby amended. The amended bidding documents may be viewed and downloaded from the official BPPRA website. The last date and time for submission of bids shall remain 16-10-2026 at 12:00 PM, as previously notified. All other terms and conditions shall remain unchanged. Corrigendum

EXECUTIVE ENGINEER,
Irrigation Division,
Chaman

PRQ No.1863/12-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

☆☆☆☆☆ نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کبڈی میچ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں ☆☆☆☆☆

شکاگو میراتھون میں پاکستانی رنرز کی شرکت، نزار نیانی سب سے نمایاں

نزار نیانی محض 46 سیکنڈ کے فرق سے تین گھنٹے سے کم وقت میں میراتھون مکمل کرنے کا ہدف حاصل نہ کر سکے

نیویارک میں مقیم بشریٰ انجم 3 گھنٹے 31 منٹ ایک سیکنڈ کے ساتھ پاکستانی خواتین میں سب سے نمایاں، رپورٹ

شکاگو (این این آئی) امریکا میں ہونے والی شکاگو میراتھون 2026 میں دنیا کے مختلف ممالک سے پاکستانی رنرز نے شرکت کی، امریکی ریاست ٹیکساس میں مقیم نزار نیانی 3 گھنٹے 45 سیکنڈ میں ریس مکمل کرکے پاکستانی شرکا میں سب سے نمایاں رہے۔ نزار نیانی محض 46 سیکنڈ کے فرق سے تین گھنٹے سے کم وقت میں میراتھون مکمل کرنے کا ہدف حاصل نہ کرسکے۔ کراچی کے مصطفیٰ نے 3 گھنٹے 29 منٹ 18 سیکنڈ میں ریس مکمل کی، جبکہ نیویارک میں مقیم بشریٰ انجم 3 گھنٹے 31 منٹ ایک سیکنڈ کے ساتھ پاکستانی خواتین میں سب سے نمایاں رہیں۔ ابوبکر محمد افضل نے 3 گھنٹے 32 منٹ 39 سیکنڈ اور پاکستانی نژاد امریکی بابر غیاث نے 3 گھنٹے 42 منٹ 44 سیکنڈ میں فنش لائن عبور کی۔ نزار نیانی نے ابتدائی 10 کلومیٹر 40 منٹ 22 سیکنڈ اور نصف میراتھون کا فاصلہ ایک گھنٹہ 25 منٹ 41 سیکنڈ میں طے کیا، تاہم ریس کے دوسرے حصے میں رفتار کم ہونے کے باعث وہ تین گھنٹے سے کم وقت میں میراتھون مکمل نہ کر سکے۔ ریس کے بعد نزار نیانی کا کہنا تھا کہ شکاگو میراتھون ان کے دل کے بہت قریب ہے، نتائج اور حالات جیسے بھی ہوں، جب تک اللہ نے اجازت دی اور وہ فٹ رہے، اس ریس میں شرکت کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس بار کنڈیشن مثالی نہیں تھی، لیکن 26.2 میل کی دوڑ انسان کی ہمت اور برداشت کا بھرپور امتحان لیتی ہے۔ پاکستانی خواتین میں سب سے نمایاں بشریٰ انجم نے نصف میراتھون ایک گھنٹہ 41 منٹ 34 سیکنڈ میں مکمل کی، تاہم دوسرے حصے میں رفتار کم ہونے کے بعد ان کا مجموعی وقت 3 گھنٹے 31 منٹ ایک سیکنڈ رہا۔ دیگر پاکستانی رنرز میں ریاض کے ابراہیم عبدالخالق نے 3 گھنٹے 44 منٹ ایک سیکنڈ، جبکہ لاہور کے 67 سالہ بٹ نے 3 گھنٹے 49 منٹ 48 سیکنڈ میں ریس مکمل کی۔ حامد بٹ دو مرتبہ سکس اسٹار فنشر کا اعزاز رکھتے ہیں تیمور ملک نے 4 گھنٹے 5 منٹ 34 سیکنڈ، برطانوی پاکستانی حسن علی نے 4 گھنٹے 14 منٹ 55 سیکنڈ، باسل خان نے 4 گھنٹے 16 منٹ 56 سیکنڈ اور سارہ راٹھور نے 4 گھنٹے 22 منٹ 6 سیکنڈ میں ریس مکمل کی۔ عماد شیخ نے 4 گھنٹے 38 منٹ 9 سیکنڈ، برطانوی پاکستانی وردہ میر نے 5 گھنٹے 3 منٹ 55 سیکنڈ، غسان طیب نے 5 گھنٹے 12 منٹ 21 سیکنڈ، زارا آرڈونیز نے 5 گھنٹے 16 منٹ 36 سیکنڈ، حسن سلیم نے 5 گھنٹے 17 منٹ 5 سیکنڈ اور دانیال امیر لکڑاوالا نے 5 گھنٹے 18 منٹ 6 سیکنڈ کا وقت لیا۔ کراچی کے انیس کاسانی نے 5 گھنٹے 25 منٹ، برطانوی پاکستانی حماد علی نے 5 گھنٹے 29 منٹ 5 سیکنڈ، احمد زبیر نے 5 گھنٹے 32 منٹ 8 سیکنڈ اور کراچی کی عائشہ انحصار نے 5 گھنٹے 35 منٹ 14 سیکنڈ میں میراتھون مکمل کی۔ پاکستان میں تعینات رہنے والے سابق برطانوی سفارت کار مائیک نیتھاوریانا کس نے بھی شکاگو میراتھون میں شرکت کی اور 3 گھنٹے 18 منٹ 4 سیکنڈ میں ریس مکمل کی۔ انہوں نے پاکستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے کام کرنے والے ادارے دی سٹیزنز فاؤنڈیشن کے لیے عطیات جمع کرنے کی غرض سے ریس میں حصہ لیا۔ شکاگو میراتھون دنیا کی آٹھ ورلڈ میراتھن میجرز میں شامل ہے۔ اس سال ایونٹ میں 55 ہزار سے زائد رنرز شریک ہوئے۔ 42.195 کلومیٹر طویل ریس کا آغاز اور اختتام گرانٹ پارک میں ہوا، جبکہ روٹ شہر کے 29 مختلف علاقوں سے گزرا۔ مینز ایلیٹ ریس میں کینیا کے ایموس کیپروٹو نے 2 گھنٹے ایک منٹ 9 سیکنڈ میں ٹائٹل جیت لیا۔ ایتھوپیا کے تاڈیسے ٹیکیلا 2 گھنٹے 2 منٹ 56 سیکنڈ کے ساتھ دوسرے اور ملکسا مینگیشا 2 گھنٹے 3 منٹ 46 سیکنڈ کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔ ویمنز ایلیٹ ریس میں ایتھوپیا کی ہاوی فیسا نے 2 گھنٹے 13 منٹ 33 سیکنڈ میں کامیابی حاصل کرکے اپنے اعزاز کا دفاع کیا۔ کینیا کی شیرون لوکیڈی 2 گھنٹے 14 منٹ 7 سیکنڈ کے ساتھ دوسرے اور بریگیڈ کوسگی 2 گھنٹے 14 منٹ 55 سیکنڈ کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہیں۔ میراتھون کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کی ایک ہی ریس میں تین ایتھلیٹس نے 2 گھنٹے 15 منٹ سے کم وقت میں مقررہ فاصلہ مکمل کیا۔

میکڈونلڈ نیشنل جونیئر اسکواش

سندھ کی وشناوی، دامیہ خان سیمی فائنل میں داخل

کراچی (این این آئی) سندھ کی وشناوی، سدامیہ خان، کے پی کی آمنہ ملک اور رانیہ قاضی نے پانچویں میکڈونلڈ نیشنل جونیئر اسکواش چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی، بوائز انڈر 15 میں سہیل عدنان، فیضان علی، فواد خان اور دانش سکندر نے ٹاپ فور راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ آٹھ لاکھ روپے مالیت کی انعامی رقم کی حامل چیمپئن شپ پاکستان اسپورٹس بورڈ کراچی سینٹر کے وینس جہانگیر خان اسکواش اکیڈمی میں جاری ہے، جس میں گزشتہ روز تمام کیٹیگریز کے کوارٹر فائنلز کھیلے گئے۔ سندھ اسکواش ایسوی ایشن کے سیکریٹری نوید رحمان کی جانب سے جاری کیے گئے نتائج کے مطابق بوائز انڈر 15 کے کوارٹر فائنلز میں ٹاپ سیڈ ایس این جی پی ایل کے سہیل عدنان نے پنجاب کے عبدالرحمان شوریم کو 0-3 سے، آرمی کے فیضان علی خان نے پنجاب کے ایم جاسم کو 0-3 سے، کے پی کے فواد خان نے سندھ کے راحیل وکٹر کو 1-3 سے اور کے پی کے دانش سکندر نے پی اے ایف کے ایم اشتیاق کو 0-3 سے مات دی اور سیمی فائنل میں نشست کنفرم کی۔ گرلز انڈر 19 کے پہلے کوارٹر فائنل میں ٹاپ سیڈ واپڈا کی آمنہ ملک نے کے پی کی علشبا عزیز کو 0-3 سے، سندھ کی وشناوی نے سندھ ہی کی ایمن فاطمہ کو 0-3 سے، سندھ کی دامیہ خان نے سندھ ہی کی زونیرا عمران کو 0-3 سے اور کے پی کی رانیہ قاضی نے کے پی کی وجیہہ الطاف کو 0-3 سے زیر کیا اور سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ بوائز انڈر 11 میں کے پی کے عاطف علی ناز نے پنجاب کے شاہ زیب احمد کو 0-3 سے، سندھ کے ایم ایان نے کے پی کے ایم طلحہ کو 0-3 سے، سندھ کے عبدالکریم قدیر نے کے پی کے ایم آلیان کو 0-3 سے اور ایم بن نسیم نے پی اے ایف کے عبداللہ عزیز کو 0-3 سے شکست دے کر ٹاپ فور مرحلے تک رسائی حاصل کی۔ بوائز انڈر 9 کے کوارٹر فائنلز میں پنجاب کے عبدالہادی فرزان نے سندھ کے داؤد نذیر ملک کو 1-3 سے، سندھ کے رائف علی احمد نے سندھ کے ہی ایم ابراہیم کو 0-3 سے، سندھ کے ایم حمزہ نے سندھ کے ہی یزدان احمد کو 0-3 سے اور کے پی کے ایم ابراہیم نے پنجاب کے عبدالہادی کو 1-3 سے زیر کیا اور سیمی فائنل تک رسائی یقینی بنائی۔ تمام سیمی فائنلز آج کھیلے جائیں گے۔

اسلام آباد میں جنید فیملی فاؤنڈیشن ویمنز ورلڈ ٹینس چیمپئن شپ کا دوسرا مرحلہ (آج) شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) جنید فیملی فاؤنڈیشن ورلڈ ٹینس ویمنز چیمپئن شپ 2026 کے ڈبلیو 15 اسلام آباد ایونٹ کا دوسرا مرحلہ (آج) منگل سے پاکستان ٹینس فیڈریشن ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ ایونٹ میں 17 ممالک کی 31 کھلاڑی شرکت کریں گی، جن میں فرانس، چین، روس، ڈنمارک، میکسیکو، ازبکستان، جنوبی افریقا، نیدرلینڈز، کوریا، نیپال، جاپان، ہانگ کانگ، جرمنی، تھائی لینڈ، ترکیہ، جمہوریہ چیک اور پاکستان کی کھلاڑی شامل ہیں۔ پاکستان کی 5 کھلاڑی عشنا سہیل، ماہین آفتاب قریشی، مہک کھوکھر، روبیبا ملک اور حاجرہ سہیل بھی چیمپئن شپ میں حصہ لیں گی۔ چیمپئن شپ کی سرپرستی جنید فیملی فاؤنڈیشن کررہی ہے

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا ABC Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ
عوام
کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

آبنائے ہرمز کی بندش امریکی و اسرائیلی حملوں کا ردعمل تھی دباؤ ڈالنے کا حربہ نہیں، ایران

امریکی جو کچھ کہتے ہیں، وہ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا، ہرمز کی بندش کسی فریق پر دباؤ ڈالنے یا اسے رعایتیں دینے پر مجبور کرنے کے لیے نہیں کی گئی، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر کیے گئے حملوں کے ردعمل میں آبنائے ہرمز کی بندش کی گئی ہے۔ انہوں نے پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش کسی فریق پر دباؤ ڈالنے یا اسے رعایتیں دینے پر مجبور کرنے کے لیے نہیں کی گئی۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ہم نے یہ اقدام بین الاقوامی قانون کے مطابق کیا ہے۔ انہوں نے امریکی بحری ناکہ بندی کو جارحیت قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب تک امریکا اپنی بحری ناکہ بندی جاری رکھے گا، آبنائے ہرمز میں سلامتی بحال نہیں ہوسکے گی۔ ایرانی ترجمان نے کہا کہ امریکی جو کچھ کہتے ہیں، وہ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے ساتھ ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے، ایرانی تجاویز پر امریکی جواب کا جائزہ لیا جارہا ہے، جائزہ مکمل ہونے پر ثالثوں کے ذریعے جواب دیں گے۔ ترجمان (بقیہ نمبر1 صفحہ 6پر)


رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

آئندہ سال اے آئی کی مدد سے کیے جانے والے سائبر حملوں میں اضافہ ہوگا، بل گیٹس

واشنگٹن (این این آئی) مائیکروسافٹ کے شریک بانی بل گیٹس نے مصنوعی ذہانت کے غیر منظم استعمال سے بڑھتے ہوئے خطرات (بقیہ نمبر5 صفحہ 6پر)

سادہ لوح افغان شہری اسمگلرز کا آسان ہدف بننے لگے، امریکی رپورٹ میں انکشافات

متاثرین کے تحفظ اور ملزمان کیخلاف کارروائیوں کا ریکارڈ پیش نہ کرسکی، محکمہ خارجہ

کابل (این این آئی) افغانستان میں بڑھتی غربت، بیروزگاری اور معاشی عدم تحفظ کے باعث سادہ لوح افغان شہری اسمگلرز کا آسان ہدف بننے لگے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی 2026 کی انسانی اسمگلنگ سے متعلق اہم رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم انسانی حقوق کے (بقیہ نمبر4 صفحہ 6پر)

چین اور یورپ کو اپنی شراکت داری اور تعاون پر مبنی موقف پر قائم رہنا چاہیے، چینی میڈیا

بیجنگ (این این آئی) چین-یورپی یونین تجارتی و سرمایہ کاری مشاورتی میکانزم کا دوسرا باقاعدہ اجلاس بیجنگ میں منعقد ہوا۔ فریقین نے عملی اور نتیجہ خیز بات چیت کی اور اس کے نتائج پر اتفاق رائے حاصل کیا۔ دونوں فریقوں نے مارچ 2027 میں میکانزم کے تیسرے باقاعدہ اجلاس کے انعقاد پر بھی اتفاق کیا جو ظاہر کرتا ہے کہ چین اور یورپی یونین دانشمندانہ طور پر اختلافات کو بات چیت اور مشاورت کے ذریعے (بقیہ نمبر3 صفحہ 6پر)

یونیسکو میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے پاکستان کا قومی بیان پیش کردیا

کثیر الجہتی نظام بین الاقوامی تعاون اور مکالمے و باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے وزیراعظم کے مشیر اور یونیسکو میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے یونیسکو کے ایگزیکٹو بورڈ کے 225ویں اجلاس میں پاکستان کا قومی بیان پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کثیر الجہتی نظام بین الاقوامی تعاون اور مکالمے و باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ اپنے بیان میں سید توقیر حسین شاہ نے کثیر الجہتی اداروں، ساتھ - ساتھ (ترقی پذیر ممالک کے مابین) تعاون اور عالمی چیلنجوں خاص طور پر ترقی پذیر ممالک کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی حمایت پر زور دیا۔ انہوں نے تنازعات اور بحرانوں بالخصوص غزہ کی صورتحال کے دوران انسانی (بقیہ نمبر2 صفحہ 6پر)

صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ اسمبلی اجلاس میں قائمہ کمیٹی کی رپورٹ سے متعلق تحریک پیش کر رہے ہیں

مشی گن میں کسی جہادی کو سینیٹر نہیں دیکھنا چاہتا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ مشی گن میں کسی جہادی کو سینیٹر نہیں دیکھنا چاہتے۔ بینٹے سی ریلی سے خطاب میں انہوں نے سینیٹ کے ڈیموکریٹک امیدوار محمد ال سید پر تنقید کی اور شواہد پیش کیے بغیر محمد ال سید کو انتہا پسند جہادی کہہ (بقیہ نمبر6 صفحہ 6پر)

سعودی عرب کو نشانہ بنانا تمام خلیجی ریاستوں کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے، متحدہ عرب امارات

اجتماعی خلیجی سلامتی کو نظرانداز کرنے سے دوسروں کو حدود سے تجاوز کرنے کی شہ ملی ہے، انور قرقاش، فریقین ایسے اقدامات سے گریز کریں جن سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہو، چینی وزارت خارجہ

ابوظہبی + بیجنگ (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدارتی مشیر انور قرقاش نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو نشانہ بنانا تمام خلیجی ریاستوں کی سلامتی کو نقصان پہنچاتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے بیان میں خلیجی ممالک پر زور دیا کہ وہ بالخصوص سلامتی اور دفاع کے شعبوں میں مشترکہ تعاون بحال کریں۔ انور قرقاش کا کہنا تھا کہ اجتماعی خلیجی سلامتی کو نظرانداز کرنے سے دوسروں کو حدود سے تجاوز کرنے کی شہ ملی ہے۔۔۔ چین نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے مرکزی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حوثیوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین ہمیشہ شہریوں اور شہری تنصیبات پر حملوں کی مخالفت کرتا آیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے (بقیہ نمبر7 صفحہ 6پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے صوبہ بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے اسٹوڈنٹس ولی اللہ ترین ملاقات کر رہے ہیں

یارکشائر وائلڈ لائف پارک میں شیر کا حملہ، ایک شخص ہلاک

حملے کے دوران شیر کو کوئی چوٹ نہیں آئی اور وہ واقعے کے بعد بھی اپنے احاطے میں موجود رہا، پولیس

لندن (این این آئی) برطانیہ کے علاقے یارکشائر میں واقع یارکشائر وائلڈ لائف پارک میں شیر کے حملے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ ساتھ یارکشائر پولیس کے مطابق واقعہ ڈونکاسٹر کے قریب قائم وائلڈ لائف پارک میں پیش آیا، پولیس کو برطانوی وقت کے مطابق دوپہر ایک بج کر 35 منٹ پر واقعے کی اطلاع دی گئی۔ حکام کے مطابق متوفی کے اہل خانہ کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق واقعے کی تحقیقات اور حقائق معلوم کرنے کے لیے پولیس اور متعلقہ حکام کے ساتھ قریبی تعاون کیا جارہا ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ حملے کے دوران شیر کو کوئی چوٹ نہیں آئی اور وہ واقعے کے بعد بھی اپنے احاطے میں موجود رہا۔ حکام کے مطابق عوام کے لیے کسی (بقیہ نمبر36 صفحہ 6پر)

آسٹریا کے دارالحکومت ویانا میں حجاب پر پابندی کیخلاف طلبہ کا احتجاج

احتجاجی ریلی شہر کے مرکزی علاقوں سے گزری، منتظمین اور طلبہ کا پابندی کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار

ویانا (این این آئی) آسٹریا کے دارالحکومت ویانا میں جمعہ 9 اکتوبر 2026 کو اسکولوں میں حجاب پر پابندی کے خلاف طلبہ نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے 14 سال سے کم عمر لڑکیوں کے اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی کے خلاف آواز بلند کی اور مذہبی آزادی، مساوات اور عدم امتیاز کے مطالبات پیش کیے۔ مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق مظاہرے کا آغاز دوپہر 12 بجے ویانا سے ہوا۔ احتجاجی ریلی شہر کے مرکزی علاقوں سے گزری، جبکہ منتظمین اور طلبہ نے حجاب پر پابندی کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کیا۔ مظاہرے کے باعث شہر کے بعض مرکزی راستوں پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی۔ آسٹریا میں یکم ستمبر 2026 سے 14 سال سے کم عمر لڑکیوں کے (بقیہ نمبر35 صفحہ 6پر)

آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثی ملیشیا کے 900 سے زائد ارکان ہلاک ہوئے، یمنی فوج کا دعوی

یمنی فضائیہ نے مارب کے جنوب مغربی محاذوں پر حوثی ملیشیا کی بیرکوں اور گوداموں کو بھی نشانہ بنایا، بیان

صنعا (این این آئی) یمنی فوج نے دعوی کیا ہے کہ آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثی ملیشیا کے ایک ہزار 732 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 900 سے زائد حوثی (بقیہ نمبر34 صفحہ 6پر)

باب المندب کے قریب بحری جہازوں کی حفاظت کے لیے دو جنگی جہاز موجود ہیں، فرانسیسی فوج

پیرس (این این آئی) بحیرہ احمر میں اپنے بحری مشن اسپیڈز کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے یورپی الرٹ کے درمیان فرانسیسی فوج نے کہا ہے کہ اس کی افواج خطے سے گزرنے والے تجارتی بحری جہازوں کو حوثی ملیشیا کی جانب سے بحری نقل وحمل کے لیے بڑھتے ہوئے خطرات (بقیہ نمبر33 صفحہ 6پر)

ریاض ایئرپورٹ پر سیکڑوں پروازیں منسوخ، دیگر ایئرپورٹس بھی متاثر

ریاض ایئرپورٹ دنیا کے سب سے زیادہ متاثرہ ہوائی اڈوں میں سرفہرست آگیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں حوثیوں کے تازہ حملوں کے بعد فضائی سفر کا نظام بری طرح متاثر ہوگیا جہاں دارالحکومت ریاض کے ایئرپورٹ سے سیکڑوں پروازیں منسوخ کردی گئیں جبکہ متعدد طیاروں کا رخ دوسرے شہروں کی جانب موڑ دیا گیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اتوار کو ریاض ایئرپورٹ سے طے شدہ 750 پروازوں میں سے 446 منسوخ ہوئیں۔ ریاض پہنچنے والی متعدد پروازوں کو جدہ، دمام اور مدینہ کے ہوائی اڈوں پر اتارا گیا جبکہ دمام جانے والے بعض طیاروں کو لینڈنگ کے لیے انتظار کرنا پڑا۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث (بقیہ نمبر32 صفحہ 6پر)

روس نے 2016 کے بریگزٹ ووٹ میں مداخلت کی تھی، برطانوی وزیراعظم

اس معاملے کو ریکارڈ پر لانا ضروری ہے تاکہ فرانس اور جرمنی کے ووٹرز بھی سمجھ سکیں، گفتگو

لندن (این این آئی) برطانوی وزیرِاعظم اینڈی برنہم نے کہا ہے کہ یہ واضح ہے کہ روس نے 2016 میں برطانیہ کے یورپی یونین سے علیحدگی کے ریفرنڈم میں مداخلت کی تھی، اینڈی برنہم کے اس بیان کو کسی بھی برطانوی وزیرِاعظم کی جانب سے اس معاملے پر پہلا باضابطہ عوامی اعتراف قرار دیا جارہا ہے۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اینڈی برنہم نے کہا کہ میں نے وزیرِاعظم کا منصب سنبھالنے کے بعد اس معاملے کی تصدیق چاہی جس پر مجھے واضح جواب ملا کہ روس نے مداخلت کی تھی۔ پوڈ کاسٹ کے دوران اینڈریو برنہم نے اس دعوے کے حق میں (بقیہ نمبر31 صفحہ 6پر)

متعدد یورپی ممالک میں فلسطین کی حمایت میں مظاہرے غزہ کی پٹی میں فوجی آپریشن روکنے کے مطالبات

برطانیہ اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی بند، فلسطین کو آزاد اور غزہ کی پٹی میں فوجی آپریشن روکا جائے، مظاہرین

لندن (این این آئی) متعدد یورپی ممالک میں فلسطین کی حمایت میں مظاہرے ہوئے۔ مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ اسرائیل فلسطینیوں کے خلاف نسل کشی بند کرے اور یورپی حکومتیں اسرائیل کو ہتھیار یا دیگر امداد فراہم کرنا بند کریں۔ اس دن لندن میں لوگ بڑی تعداد میں فلسطین کی حمایت میں کیے جانے والے مظاہرے میں شریک ہوئے۔ برطانوی پولیس کا اندازہ ہے کہ مظاہرے میں ہزاروں افراد موجود تھے۔ مظاہرے میں شریک لوگوں نے مختلف بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر برطانیہ سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی بند کرنے، فلسطین کو آزاد (بقیہ نمبر30 صفحہ 6پر)

آبنائے ہرمز میں حملوں میں شدت، جنگ ختم کرانے کی کوششیں تعطل کا شکار

حملوں کے آغاز کے 7 ماہ گزرنے کے باوجود ایرانی افواج دفاعی اور جارحانہ کارروائیوں کے لیے تیار ہیں، رپورٹ

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز کے اطراف بحری جہازوں پر حملوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے، جبکہ امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ ختم کرانے کے لیے ثالثی کی کوششیں تعطل کا شکار ہیں۔ ایران کی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے ہفتے کی شب دعوی کیا کہ ایک نامعلوم سپر ٹینکر نے آبنائے ہرمز میں بحری سرنگ سے ٹکرانے کے بعد آگ پکڑ لی۔ ایرانی بحریہ کے مطابق جہاز بغیر اجازت مقررہ راستے سے ہٹ کر گزر رہا تھا اور اس کا نیوی گیشن نظام بھی بند تھا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ آبنائے ہرمز کے سکیورٹی ضوابط نظرانداز کرنے والے دیگر آئل ٹینکرز (بقیہ نمبر8 صفحہ 6پر)

امریکا کا خلیج عمان میں تجارتی کارگو جہاز پر حملہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے خلیج عمان میں بحری ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی کوشش کرنے پر تجارتی کارگو جہاز کو ناکارہ بنا دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے کہا کہ بحری جہاز (بقیہ نمبر10 صفحہ 6پر)

ریاض الجنہ کی زیارت کے لیے نیا اجازت نامہ 365 دن بعد جاری کرنیکا اعلان

365 دن بعد اہل افراد کو نسک ایپ پر دستیاب اوقات کے مطابق نئے اجازت نامے کا اجرا ممکن ہوگا، وزارت حج وعمرہ

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت حج وعمرہ نے مسجد نبوی ﷺ، مدینہ منورہ میں ریاض الجنہ کی زیارت کے لیے نیا اجازت نامہ جاری کرنے کی شرط مقرر کی ہے کہ گزشتہ اجازت نامے کے اجرا کے بعد 365 دن گزر چکے ہوں۔ وزارت نے وضاحت کی کہ یہ مدت مکمل ہونے کے بعد مستفید ہونے والے کی اہلیت اور نسک ایپ پر دستیاب اوقات کے مطابق نئے اجازت نامے کا اجرا ممکن ہوگا۔ سعودی وزارت حج وعمرہ نے وضاحت کی ہے کہ مسجد نبوی ﷺ کے (بقیہ نمبر9 صفحہ 6پر)

اے آئی ایجنٹس کی امریکی ویب سائٹ تک رسائی کی کوشش

واشنگٹن (این این آئی) اینتھروپک کمپنی کے تیار کردہ مصنوعی ذہانت کے حامل ایجنٹس نے خود سے امریکی محکموں کی ویب سائٹ تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ مصنوعی ذہانت کے حامل ایجنٹس نے محکمہ خارجہ کی ویب سائٹ پر ویزا درخواستیں بھر دیں اور (بقیہ نمبر12 صفحہ 6پر)

ریاض ایئرپورٹ پر حملے کے بعد سعودی اسٹاک مارکیٹ میں مندی

سعودی عرب کے بڑے بینکوں میں شامل سعودی نیشنل بینک کے حصص بھی ایک فیصد نیچے آگئے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حملے کے بعد سعودی اسٹاک مارکیٹ میں مندی ریکارڈ کی گئی ہے۔ حملے کے بعد سعودی عرب کی مرکزی اسٹاک مارکیٹ کا انڈیکس تداول آل شیئر انڈیکس ایک فیصد گر گیا، جبکہ مارکیٹ میں شامل بیشتر کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ سعودی عرب کے بڑے بینکوں میں شامل سعودی نیشنل بینک کے حصص بھی ایک فیصد نیچے آگئے، جبکہ تیل کی بڑی کمپنی سعودی آرامکو کے حصص میں 0.6 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ریاض ایئرپورٹ پر حملے اور اس کے (بقیہ نمبر11 صفحہ 6پر)

حوثیوں کے حملے، سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا

سعودی عرب بیرونِ ملک سے مزید فضائی دفاعی نظام حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے، رپورٹ

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثیوں کے حملوں کے باعث سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا ہے۔ امریکی اخبار نے سعودی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ حوثی ملیشیا کے بڑھتے ہوئے حملوں کا مقابلہ کرنے کے لیے سعودی عرب کے پاس فضائی دفاعی میزائل انٹرسیپٹرز کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب بیرونِ ملک سے مزید فضائی دفاعی نظام حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے، کیونکہ حوثیوں کے حملوں میں سعودی ہوائی اڈوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو تیزی سے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اخبار سے گفتگو (بقیہ نمبر13 صفحہ 6پر)

سردار کوہیار خان ڈومکی نے بادینی ہاؤس میں حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر ان کے فرزند حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی و دعا کی۔

بھارت میں مظاہرین کی گرفتاریوں پر اقوام متحدہ کا اظہارِ تشویش

اقوام متحدہ کا بیان بھارت کے اندرونی معاملات میں بلاجواز مداخلت کے مترادف ہے، بھارتی وزارت خارجہ کا ردعمل

نیویارک/نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں چیف الیکشن کمشنر کے خلاف احتجاج کرنے والے مظاہرین کی گرفتاریوں پر اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسانی حقوق نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ دفتر کے مطابق بھارت میں بڑے پیمانے پر مظاہرین، سیاسی رہنماں، وکلا اور صحافیوں کو گرفتار کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ اقوام متحدہ کے دفتر نے بھارتی حکام پر زور دیا ہے کہ وہ پرامن اجتماع کے حق کا مکمل احترام یقینی بنائیں۔ دوسری جانب بھارتی وزارت خارجہ نے اقوام متحدہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے اس کے طرزِ عمل کو امتیازی قرار دیا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق (بقیہ نمبر29 صفحہ 6پر)

سی ایم جی کی جانب سے برینڈ اسٹرینتھنگ چائنا پراجیکٹ 2027 کا آغاز

بیجنگ (این این آئی) چائنا میڈیا گروپ کے زیرِ اہتمام برینڈ اسٹرینتھنگ چائنا پراجیکٹ 2027 کے تحت مشترکہ اقدامات اور قومی برانڈز کے مستند ڈیٹا پلیٹ فارم کی افتتاحی تقریب بیجنگ میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں چائنا میڈیا گروپ کے متعدد جدید منصوبے پیش کیے گئے، جن میں تخلیقی صلاحیتوں اور متنوع (بقیہ نمبر27 صفحہ 6پر)

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان قائمہ کمیٹی کی رپورٹ ایوان میں پیش کر رہے ہیں

تعز کا حوثی محاصرہ 25 لاکھ سے زائد افراد کی مشکلات میں اضافے کا باعث ہے، انسانی حقوق تنظیم

بہت سے لوگ محاذوں کے قریب علاقوں میں اپنی زندگیوں اور روزی روٹی کو خطرے میں ڈال کر زندگی گزار رہے ہیں، رپورٹ

لندن (این این آئی) صدر آرگنائزیشن فار رائٹس اینڈ فریڈمز نے زور دیا ہے کہ تعز شہر میں حوثی ملیشیا کا شہریوں کی نقل وحرکت پر مسلسل محاصرہ اور عائد کردہ پابندیاں اور اس کے نتیجے میں خوراک، ادویات، تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی میں رکاوٹ بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی حقوق کے قانون کی ایک سنگین خلاف ورزی ہے اور حالات اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر محاصرے سے جڑے ہوئے افعال جنگی جرائم کی حد تک پہنچ سکتے ہیں۔ تنظیم نے حوثی ملیشیا کی طرف سے تعز شہر پر مسلط کردہ محاصرے کے تسلسل کی مذمت کی جو کہ پچیس لاکھ سے زائد آبادی کے مصائب میں اضافہ کررہا ہے جن میں تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار بے گھر افراد شامل ہیں جن (بقیہ نمبر14 صفحہ 6پر)

برطانوی گلوکارہ نے 1 سال میں کاروبار سے 2 کروڑ 34 لاکھ پاؤنڈ کمالیے

لندن (این این آئی) برطانوی گلوکارہ دعا لیپا نے اپنی میڈیا کمپنی کے ذریعے گزشتہ سال روزانہ 64 ہزار پاؤنڈ کمائے، جبکہ سال بھر میں ان کی مجموعی آمدن 2 کروڑ 34 لاکھ پاؤنڈ رہی۔ برطانوی اخبار کے مطابق گلوکارہ کی کمپنی ریڈیکل 22 لمیٹڈ کی آمدن میں ان کے (بقیہ نمبر15 صفحہ 6پر)

امریکی شہریوں کو سعودی ایئرپورٹس استعمال کرنے کے لیے پیشگی اجازت لینے کی ہدایت

امریکی شہریوں کو پروازوں کی ممکنہ منسوخی، فضائی حدود کی بندش اور سفری رکاوٹوں سے آگاہ رہنا چاہیے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں امریکی سفارت خانے نے اپنے عملے کو اطلاع دی ہے کہ مملکت کے بعض ایئرپورٹس استعمال کرنے کے لیے اجازت لینا ضروری ہے جیسا کہ وہاں کے بڑے ایئرپورٹس استعمال کرتے وقت انتہائی احتیاط برتنے پر زور دیا گیا ہے۔ امریکی مشن کی ویب سائٹ پر شائع کردہ الرٹ نوٹس میں کہا گیا کہ امریکی مشن 10 اکتوبر کو ریاض میں کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ (کے کے آئی اے) پر ہونے والے حملوں سے واقف ہے اور تمام امریکی شہریوں کو مشورہ ہے کہ وہ اس ایئرپورٹ اور اردگرد کے علاقوں میں جانے سے (بقیہ نمبر26 صفحہ 6پر)

پوپ لیو کا پھیپھڑے میں رسولی کا انکشاف، جلد سرجری کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) پوپ لیو چہاردہم نے اپنی صحت سے متعلق بتایا ہے کہ پھیپھڑے میں ابتدائی مرحلے میں تشخیص ہونے والی رسولی نکلوانے کے لیے جلد سرجری کروانا پڑے گی۔ امریکی نژاد پوپ نے گزشتہ روز ویٹیکن کے سینٹ پیٹرز اسکوائر میں دعائیہ تقریب کے (بقیہ نمبر28 صفحہ 6پر)

اے آئی اور جوہری تنازع 2100 میں انسانیت کی بقا کیلئے خطرہ بن سکتے ہیں، محققین کا انتباہ

انسانیت کی بقا اور صحت سے متعلق سنگین ترین خطرات آپس میں جڑے ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) آرٹی فیشل انٹیلی جنس (اے آئی) ٹیکنالوجی کا غلط استعمال اور جوہری تنازع سنہ 2100 میں انسانیت کی بقا کے لیے سب سے بڑے خطرات ثابت ہوسکتے ہیں۔ ایک رپورٹ میں 17 ایسے تباہ کن خطرات کی نشاندہی کی گئی جو انسانیت کے خاتمے کا باعث بن سکتے ہیں۔ یہ خطرات امراض، سماجی اور معاشی حالات، ماحولیاتی تبدیلیوں، ٹیکنالوجی اور تنازعات سے متعلق ہیں۔ انسانیت کی بقا کے لیے 2 بڑے خطرات کے ساتھ ساتھ اس رپورٹ میں انسانی صحت کے لیے تباہ کن مزید 15 خطرات کی نشاندہی بھی کی گئی۔ ان میں فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلیاں، الکحل کا استعمال، قدرتی متعدی وبائیں، موٹاپا، تمباکو نوشی اور (بقیہ نمبر25 صفحہ 6پر)

اور تالیاں بجائیں تو ٹرمپ کو آدھا انعام دے دوں گی، نوبیل امن انعام یافتہ خاتون کا مذاق

اوسلو (این این آئی) سنہ 2026 کے نوبل امن انعام کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نامزد نہ ہونے کا معاملہ طنزیہ تبصروں کا مرکز بن گیا ہے، جہاں طنز اور سیاسی پیغامات کے امتزاج میں جنوبی افریقہ کی جج ناوی پلائی نے امریکی صدر کے بارے میں اپنے موقف کا اظہار ایک ایسے دلچسپ مذاق کے ساتھ کیا جس نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی۔ ناوی پلائی کو سنہ 2026 کے نوبل امن انعام کا اعلان ہونے کے (بقیہ نمبر17 صفحہ 6پر)

جاپان میں سونے کا منفرد مقابلہ، جیتنے والے کو بھاری انعامی رقم سے نوازا گیا

مقابلے کا مقصد لوگوں کو نیند کے بارے میں زیادہ سنجیدگی سے سوچنے کی ترغیب دینا ہے، منتظمین

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں سونے کے منفرد مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں جیتنے والے کو بھاری انعامی رقم سے نوازا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں جاپان کے شہر ٹوکیو میں اپنی نوعیت کا پہلا 'نیند کا مقابلہ' منعقد ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے حصہ لیا۔ مقابلے میں شرکا نے 90 منٹ کے سیشن کے دوران گہری نیند لی اور جیتنے والے کو 22 لاکھ 20 ہزار ین کی انعامی رقم سے نوازا گیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اس مقابلے کا نام 'میٹ ریس' تھا، یہ کوئی معمولی مقابلہ نہیں تھا بلکہ اس مقابلے میں شرکا کے سروں پر برین ویو کی نگرانی کرنے والے آلات لگائے گئے تاکہ نیند کی گہرائی اور معیار، نیند آنے میں لگنے والا وقت، اور پورے (بقیہ نمبر16 صفحہ 6پر)

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے انجمن تاجران کیچ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نوبیل انعام برائے معاشیات 2 امریکی ماہرین کو دینے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) سال 2026 کا نوبیل انعام برائے معاشیات 2 امریکی معاشی ماہرین کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ رابرٹ ای ہال اور مائیکل ووڈ فورڈ کو رواں سال کا آخری نوبیل انعام دینے کا اعلان کیا گیا۔ ان دونوں کو یہ اعزاز مائیکرو اکنامک فائونڈیشن کے حوالے سے تحقیقی کام پر دیا گیا جس سے بڑے پیمانے پر معاشی نظام کو مستحکم رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ نوبیل انعام کے ساتھ دیے جانے والا 12 لاکھ ڈالرز (بقیہ نمبر23 صفحہ 6پر)

ایمازون کے بانی کی جیف بیزوز کی اے آئی ٹیکنالوجی کے حوالے سے حیران کن پیشگوئی

درحقیقت صرف ایک فرد کی آمدنی ہی پورے گھرانے کی کفالت کے لیے کافی ثابت ہوگی، انٹرویو

نیویارک (این این آئی) ایمازون کے بانی جیف بیزوز نے آرٹی فیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کے حوالے سے حیران کن پیشگوئی کی ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ اے آئی ٹیکنالوجی کی بدولت لوگ کم دن کام کرکے بھی کافی زیادہ کماسکیں گے۔ دیے گئے انٹرویو میں جیف بیزوز نے کہا کہ اے آئی ٹیکنالوجی کے باعث لوگوں کو چند گھنٹے کام کرنا ہوگا اور پھر بھی اپنے خاندان کی کفالت کے لیے مناسب آمدنی حاصل کرسکیں گے۔ درحقیقت ان کا کہنا تھا کہ اے آئی کے باعث لوگ ہفتے میں محض 3 دن کام کرکے بھی کافی زیادہ آمدنی حاصل کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ درحقیقت صرف ایک فرد کی آمدنی ہی پورے گھرانے کی کفالت کے لیے کافی ثابت ہوگی۔ ان کا یہ بھی ماننا ہے (بقیہ نمبر24 صفحہ 6پر)

انسٹاگرام کا ریلز کو ایپ کا بنیادی فیچر بنانے کے لیے بڑا فیصلہ

صارفین کو ایپ اوپن کرنے پر روایتی فیڈ کی بجائے براہ راست ریلز فیڈ اوپن کرنے کا آپشن دیا جائے گا، کمپنی

نیویارک (این این آئی) انسٹاگرام کی جانب سے ریلز کو ایپ کا بنیادی فیچر بنانے کے لیے ایک نیا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میٹا کی زیر ملکیت فوٹو شیئرنگ ایپ کے اندر ایک متبادل یوزر انٹرفیس کی آزمائش کی جارہی ہے۔ اس کے تحت صارفین کو ایپ اوپن کرنے پر روایتی فیڈ کی بجائے براہ راست ریلز فیڈ اوپن کرنے کا آپشن دیا جائے گا۔ ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ کمپنی کی جانب سے اس کی آزمائش محدود صارفین میں کی جارہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق انسٹاگرام کی جانب سے صارفین کو آپشن دیا جائے گا کہ وہ ریلز کو مین فیڈ بنادیں۔ ایسا کرنے پر اسٹوریز بدستور ہوم اسکرین کے اوپر نظر آئیں گی جبکہ صارفین روایتی فیڈ پر بھی جاسکیں گے۔ انسٹاگرام کی جانب سے اس پر (بقیہ نمبر18 صفحہ 6پر)

دہلی میٹرو میں سیٹ کے تنازع پر جھگڑا، 48 سالہ شخص ہلاک، سابق آئی اے ایس افسر و بیٹا گرفتار

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں بزرگ شہریوں کے لیے مخصوص نشست پر جھگڑے کے دوران مبینہ طور پر تھپڑ مارنے اور دھکا دینے سے 48 سالہ شخص ہلاک ہوگیا، پولیس نے سابق بھارتی آئی اے ایس افسر اور اس کے بیٹے کو گرفتار کرلیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعہ 8 اکتوبر کو سپریم کورٹ (بقیہ نمبر19 صفحہ 6پر)

روشنی سے آن اور آف ہونے والی ٹیٹو سیاہی تیار

اس سیاہی کے محفوظ ہونے کی تصدیق کے لیے مزید تجربات ضروری ہیں، محققین

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سائنس دانوں نے ایسی منفرد ٹیٹو سیاہی تیار کرلی ہے جسے مختلف روشنی کے ذریعے آن اور آف کیا جاسکتا ہے، جس سے مستقل ٹیٹو کے تصور میں تبدیلی آسکتی ہے۔ یونیورسٹی آف کولوراڈو بولڈر کے محققین کی تیار کردہ اس ٹیکنالوجی کو فوٹوٹیٹ کا نام دیا گیا ہے، اس میں روشنی سے رنگ تبدیل کرنے والے مادوں کو طبی استعمال کے لیے موزوں پلاسٹک پولی میتھائل میتھاکریلیٹ کے نینو ذرات میں بند کیا گیا ہے۔ یہ سیاہی عام روشنی میں نظر نہیں آتی، تاہم بالائے بنفشی روشنی پڑنے پر چند سیکنڈ میں نیلے، گلابی اور پیلے رنگوں میں نمایاں ہوجاتی ہے۔ تحقیق کے مرکزی مصنف اور بایومیڈیکل انجینئرنگ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر کارسن برنز کے مطابق اس ٹیکنالوجی کے ذریعے ایسا ٹیٹو بنانا ممکن ہوگا جسے ضرورت پڑنے پر روشنی کی مدد سے چھپایا جاسکے۔ روشنی کی صورتحال کے مطابق ٹیٹو کے رنگ کئی گھنٹوں سے کئی دنوں تک برقرار رہ سکتے ہیں، تاہم تیز دھوپ میں یہ تیزی سے غائب ہوجاتے ہیں۔ کارسن برنز نے خود بھی اپنی ٹانگ پر مچھلی کے (بقیہ نمبر20 صفحہ 6پر)

برطانیہ کی یورپی یونین میں دوبارہ شمولیت کا معاملہ پارلیمنٹ پہنچ گیا

لندن (این این آئی) برطانیہ کی یورپی یونین میں دوبارہ شمولیت کا معاملہ پارلیمنٹ پہنچ گیا جہاں اراکینِ پارلیمنٹ آج اس مطالبے سے متعلق عوامی درخواست پر بحث کریں گے، درخواست پر 1 لاکھ 10 ہزار سے زائد افراد دستخط کرچکے ہیں۔ عوامی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ یورپی یونین سے علیحدگی جسے بریگزٹ کہا جاتا ہے، موثر ثابت نہیں ہورہی، (بقیہ نمبر21 صفحہ 6پر)

ٹرمپ کے ساتھ موجود ڈیل کے سی ای او کی اہلیہ سوشل میڈیا پر وائرل

سوشل میڈیا صارفین نے ان کے چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور مجموعی انداز پر تبصرے شروع کردیئے

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ایک تقریب میں شرکت کے بعد معروف کاروباری شخصیت اور مخیر خاتون سوزن ڈیل سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئیں۔ سوزن ڈیل 7 اکتوبر کو وائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں اپنے شوہر اور ڈیل ٹیکنالوجیز کے چیف ایگزیکٹو مائیکل ڈیل کے ہمراہ موجود تھیں، تقریب کا مقصد بچوں کے لیے سرمایہ کاری کھاتوں پر مشتمل امریکی حکومت کے پروگرام ٹرمپ اکاؤنٹس کو اجاگر کرنا تھا۔ اس پروگرام کے تحت 2025 سے 2028 کے دوران پیدا ہونے والے اہل بچوں کے سرمایہ کاری کھاتوں میں حکومت کی جانب سے 1 ہزار ڈالرز کی ابتدائی رقم جمع کرائی جاسکتی ہے، مائیکل ڈیل اور سوزن ڈیل (بقیہ نمبر22 صفحہ 6پر)

صوبائی وزراء سردار کوہیار خان ڈومکی، میر ظہور احمد بلیدی، حاجی علی مدد جتک صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ، پارلیمانی سیکرٹریز سنجے کمار پنجوانی، حاجی محمد خان لہڑی اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل اور فرح عظیم شاہ اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

روزنامہ
عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
منگل 13 اکتوبر 2026ء

نوجوانوں کا مستقبل

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل پہاڑوں پر نہیں بلکہ کھیلوں کے میدانوں روزگار کے مواقع اور پرامن پاکستان سے وابستہ ہے، بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ میں دھکیل کر ان کے ہاتھوں میں بندوق تھمائی گئی، تاہم صوبائی حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کر کے انھیں قومی دھارے میں شامل کرنے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے، صوبے کے تمام اضلاع کے کھیلوں کے میدانوں کو آباد رکھا جائے گا، نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا مقصد انھیں ایسے عناصر کے ہاتھوں گمراہ ہونے سے بچانا ہے، جو مخصوص بیانیہ کے ذریعے بلوچ نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں، دہشت گرد عناصر لوگوں کو اکٹھا کر کے شہریوں پر حملوں اور تشدد کی راہ اختیار کرتے ہیں، بلوچستان کا بڑا مسئلہ بے روزگاری ہے ہم اپنے اس موقف کو دہرانا چاہتے ہیں کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے سے ہی ان میں پائی جانے والی مایوسی و بے چینی کو ختم کیا جا سکتا ہے، سرکاری محکموں اور اداروں میں خالی تمام اسامیوں پر شفاف بھرتی کے ساتھ ساتھ مزید اسامیاں پیدا کی جائیں تاکہ نوجوان قومی دھارے میں شامل ہو سکیں۔

آوارہ کتوں کی بہتات

صوبائی دارالحکومت میں آوارہ کتوں کی بہتات ہو گئی ہے، رات کو سڑکوں اور گلیوں میں ہر جانب آوارہ کتوں کے غول نظر آتے ہیں جو شہریوں کو کاٹ کھاتے ہیں، ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کتوں کو تلف کرنے کیلئے فوری طور پر کتا مار مہم شروع کی جائے۔

عراقی پر بس نہ چلا، گدھے کے کان مروڑے

تحریر۔ڈاکٹر سعدیہ بشیر

کہتے ہیں، ایک جنگل میں اچانک کیمرا آ گیا۔ کیمرا کیا آیا، گویا حسرت زدہ پھول بھی کھل اُٹھے اور بنجر زمین سے شور زدہ چشمے بھی پھوٹنے لگے۔ جنگل کے ہر باسی کو اپنی ذات، اپنا حسن، اپنی صلاحیت، اپنی ذہانت اور اپنی خوبی دنیا کے سامنے دکھانے کا موقع مل گیا۔ جو لوگ کل تک گمنامی میں زندگی گزار رہے تھے۔ آج کیمرے کے سامنے آ کر ایسی ایسی ادائیں دکھانے لگے کہ بہت سے لوگوں کو یہ کہنا پڑا کہ "آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں۔" کیونکہ شکایت کو کوئی بھی درخورِ اعتنا نہیں سمجھتا تھا۔

زبان سے سب کہتے تھے کہ ہمیں کیمرے کی کوئی پروا نہیں، مگر کیمرا سامنے آتا تو نظریں خود بخود اس کی طرف اٹھ جاتیں۔ انگلیاں بٹن دبا دیتیں اور یوں، نہ چاہتے ہوئے بھی، واچ ٹائم بڑھتا چلا جاتا۔ کیمرے نے جنگل کے کئی ایسے کرداروں کو بھی مشہور کر دیا جنہیں خود بھی اپنی صلاحیتوں پر صرف شک نہیں بلکہ "یک" تھا۔ خیر و شر کے مصداق حسن و بدصورتی میں کوئی تمیز نہ رہی۔ بہت سوں نے صرف خود کو دکھانے میں دلچسپی لی۔ سب سے زیادہ بندر کی بن آئی۔ بندر چاہے ادرک کا سواد نہ جانتا ہو، مگر ٹک ٹاک سے اس کی خوب آشنائی تھی۔ ٹھوسیاں مارنے میں اس کا جواب تھا اور نہ شیخیاں مارنے میں۔ اس کے ہاتھ ماچس تو نہیں، کیمرے کے ہزار ہا گر تھے۔ وہ خود کو Hidden کیمروں میں بھی خوب دکھا سکتا تھا۔ بس ایک گدھا تھا جو خالص گدھا ہی رہا۔ وہ صبح سے شام تک بوجھ اٹھاتا تھا۔ راستوں پر چلتا، دھوپ میں جلتا، بارش میں بھیگتا، تھکتا، ہانپتا، پھر بھی اگلے دن دوبارہ اسی راستے پر نکل آتا۔ جنگل کی بہت سی ضرورتیں صحیفوں کی طرح اس کے کاندھوں پر گویا اتر آئی تھیں مگر کیمرے کی نظر اکثر اس کے پاس سے گزر جاتی تھی۔ اسی جنگل میں ایک گھوڑا بھی تھا۔ گھوڑا خوبصورت تھا، تیز رفتار تھا، اس کی چال میں شان تھی اور کیمرے کو بھی جیسے اس کی عادت پڑ گئی تھی۔ کیمرا اکثر اس کی طرف آتا، اس کی دوڑ دکھاتا، اس کے قدم محفوظ کرتا اور جنگل کے باسی اسے دیکھ کر داد دیتے۔ گدھا گھوڑے کو دیکھتا اور سوچتا۔

کاش! کبھی کیمرا میری طرف بھی اسی طرح آئے۔ کاش! کبھی مجھے بھی موقع ملے کہ میں اپنا ہنر دکھاؤں، اپنی محنت دکھاؤں، اپنی طاقت دکھاؤں۔ کاش کبھی میں بھی گھوڑے کے ساتھ کھڑا ہو سکوں اور ایک تصویر بن جائے جس میں دونوں ایک ہی فریم میں ہوں۔ گدھا گھوڑے کے قریب جانے کی کوشش کرتا رہا۔ کہاوت جو بھی ہو، گدھا گھوڑے کو چھونے کی حسرت میں ناکام الجھتا گدھا ہی رہا۔ وہ کبھی اپنی گردن سیدھی کرتا، کبھی کان کھڑے کرتا، کبھی اپنی چال سنوارتا اور کبھی کیمرے کی طرف دیکھ کر ٹھہر جاتا۔ اسے لگتا شاید اب کیمرا دونوں کو ایک ساتھ دکھائے گا۔ مگر وائے ناکامی! متاعِ کارواں جاتا رہا۔ جنگل میں گھوڑا، گھوڑا تھا اور گدھا، صرف گدھا۔ دونوں کی حیثیتیں الگ تھیں، دونوں کے فریم الگ تھے، دونوں کے لئے پیمانے الگ تھے۔ یہی جنگل کی مہابھارت تھی۔ گدھا پھر بھی حسرتوں کا بوجھ لیے بھاگتا رہا۔ اسے یقین تھا کہ شاید کسی دن کیمرا اس پر بھی ٹھہرے گا۔ شاید کسی دن دنیا اسے بھی دیکھے گی۔ شاید کسی دن اس کی محنت بھی اتنی ہی اہم سمجھی جائے گی جتنی گھوڑے کی رفتار۔ لیکن گدھا "مافیا کا تمغہ" سجائے مگن، جون ایلیا کو گنگناتا رہا۔

دکھ تو یہ ہے کہ جیتا رہا میں بھی
دکھ تو یہ ہے کہ تم بھی زندہ ہو

مگر جنگل کے کیمرے نے آخر کار فیصلہ سنا دیا۔

گھوڑا تصویر کے لئے تھا اور گدھا تصویر کے بعد کی دنیا اٹھانے کے لئے۔ سو گدھا آج بھی چل سو چل ہے۔ عراقی کے سارے بوجھ، سب الزام، سب گناہ گدھے پر ڈال کر اسی کے کان مروڑے جاتے۔ کبھی کبھی کیمرا واقعی اس کی طرف آتا بھی تھا۔ گدھا خوشی سے اپنی تھکن بھول جاتا۔ وہ سیدھا کھڑا ہو جاتا، اپنی مشقت دکھانے کی کوشش کرتا۔ زرد چہرے پر اپنے ہی خون سے غازہ ملتا۔ پوز بنانے کی اس کی اوقات نہیں تھی۔ وہ جان جوکھوں میں ڈال کر بھی گدھا ہی رہا۔ کیمرا چلتا رہتا۔ تماشائی دیکھتے رہتے۔ واچ ٹائم بڑھتا رہتا۔ اور گدھا؟ وہ پھر اٹھ کھڑا ہوتا۔ وہ کبھی چلتے چلتے ہار جاتا، کبھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا، کبھی اپنی سانسیں پوری کر کے زمین پر ڈھیر ہو جاتا۔ مگر جنگل کے کیمرے کو اگلے منظر کی جلدی ہوتی۔ گدھا ہر تماشے کا بوجھ اٹھاتا رہا، مگر جب تصویر بنی تو اکثر فریم سے باہر رہا۔ شاید جنگل کی سب سے بڑی ستم ظریفی یہی تھی کہ جسے کیمرے نے کبھی ٹھہر کر نہیں دیکھا۔ وہی کیمرے کے ہر منظر کا بوجھ اٹھاتا رہا جس دن گدھے نے کیمرے کے بجائے اپنے بوجھ کو دیکھ لیا، اس دن جنگل کی پوری تصویر بدل جائے گی اور جس دن وہ بوجھ اٹھانے سے انکار کر دے گا۔ اس دن کیمرے کے پاس دکھانے کو شاید بہت کچھ ہو۔ مگر جنگل کے پاس چلنے کو کچھ نہیں ہوگا۔

☆☆☆☆

معاشی بحران حل کرنے کی ضرورت!

تحریر۔ندیم اختر ندیم

پاکستان کئی دہائیوں سے تاریخ کے ایک ایسے موڑ پر کھڑا ہے جہاں اس کے سامنے صرف مسائل نہیں، بلکہ بحرانوں کا ایک پورا سلسلہ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کھڑا ہے۔ ایک طرف سیاسی اداروں کی بے بسی اور مفلوج ساخت ہے، تو دوسری طرف معاشی ریلیف کا خواب جو عوام کی پہنچ سے روز بروز دور ہوتا جا رہا ہے۔ اس تاریک منظر نامے میں بڑھتی ہوئی بھوک کی آہ و زاری اور ماحولیاتی چیلنجز کی بربادی ایک ایسے خوفناک سائے کی طرح منڈلا رہی ہیں جس نے ہماری نسلوں کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔

پاکستان کے سیاسی نظام اور اس کے اداروں کی موجودہ حالت زار پر نظر ڈالی جائے تو ہر طرف بے بسی اور ناہمواری کا راج دکھائی دیتا ہے۔ وہ سول ادارے، جن کا بنیادی مقصد آئین و قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا، عوامی مفادات کا تحفظ اور پالیسی سازی کے ذریعے ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا تھا، آج شدید سیاسی کشمکش اور اقتدار کی کھینچ تان کی نذر ہو چکے ہیں۔ جمہوری عمل محض بیانیوں کی جنگ بن کر رہ گیا ہے جہاں عوامی فلاح و بہبود کی بات صرف انتخابی جلسوں تک محدود نظر آتی ہے۔ ادارے کمزور اور ناپائیدار ہیں کہ بحران کے حل کی بجائے نئے بحران کو جنم دیتے ہیں۔ اس سیاسی اور ادارہ جاتی کمزوری نے ملک کی معاشی بنیادوں کو کھوکھلا کر رکھ دیا ہے۔

جب سیاسی استحکام مفقود ہو، تو اس کا سب سے پہلا اور براہِ راست اثر معیشت پر پڑتا ہے۔ پاکستان کی معاشی حالت آج اس نہج پر پہنچ چکی ہے جہاں "معاشی ریلیف" ایک ایسا دلکش نعرہ ہے جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا۔ ساہوکاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کی سخت شرائط، بڑھتا ہوا قرضوں کا بوجھ، اور کرنسی کی بے قدری نے عام شہری کی کمر توڑ دی ہے۔ بجلی اور گیس کے بل، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں اور روزمرہ کی بنیادی اشیا عام آدمی کی قوتِ خرید سے باہر ہو چکی ہیں۔ متوسط طبقہ، جو کسی بھی معاشرے کا معاشی ستون ہوتا ہے، اب آہستہ آہستہ خطِ غربت سے نیچے دھکیلا جا رہا ہے، جبکہ غریب کے لئے دو وقت کی روٹی کا حصول ایک ناقابلِ فتح معرکہ بن چکا ہے۔ حکومت کی طرف سے اعلانات اور وعدے تو بہت کیے جاتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ غریب تک ریلیف کا کوئی ایک قطرہ بھی نہیں پہنچتا۔

معاشی تنزلی کا سب سے دردناک پہلو بڑھتی ہوئی بھوک اور غذائی غیر یقینی حالت ہے۔ پاکستان جو بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے اور جس کی زمینیں سونا اگلتی رہی ہیں، آج اپنے ہی شہریوں کا پیٹ بھرنے سے قاصر دکھائی دیتا ہے۔ مہنگائی کی بلند ترین سطح نے غریب گھرانوں سے نوالہ تک چھین لیا ہے۔ بچوں میں غذائی قلت کے اعداد و شمار روح فرسا ہیں۔ لاکھوں بچے مناسب خوراک نہ ملنے کے باعث جسمانی اور ذہنی نشوونما کی کمی کا شکار ہو رہے ہیں۔ بھوک صرف پیٹ کی آگ نہیں ہوتی، یہ انسان سے اس کی عزتِ نفس، اس کی اخلاقیات اور اس کی زندگی کی امید بھی چھین لیتی ہے۔ جب ایک باپ اپنے بچوں کو بھوکا سوتا دیکھتا ہے تو سیاسی نعرے اس کیلئے بے معنی ہو جاتے ہیں۔ بھوک کے اس پھیلتے ہوئے سائے نے معاشرتی تانے بانے کو بھی شدید زدوکوب کیا ہے، جس کی وجہ سے جرائم، خودکشیوں اور بے چینی کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ اس تمام معاشی و سیاسی بگاڑ کے اوپر جو سب سے بڑا اور بھیانک تازیانہ برس رہا ہے، وہ ماحولیاتی چیلنجز ہیں۔ پاکستان عالمی سطح پر گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا حصے دار ہے، لیکن یہ دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جو ماحولیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہم نے بن بلائے اور بے وقت کے سیلاب، خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیئرز کا پگھلنا دیکھا ہے۔ 2022ء کے تباہ کن سیلاب نے ملک کے ایک تہائی حصے کو ڈبو دیا تھا، جس سے کروڑوں لوگ بے گھر ہوئے اور اربوں ڈالر کا معاشی نقصان ہوا۔ زرعی زمینیں تباہ ہو گئیں، فصلیں بہہ گئیں اور مویشی مر گئے۔ اس ماحولیاتی بربادی نے نہ صرف معیشت کو اپاہج کیا بلکہ ملک میں بھوک اور غربت کے بحران کو کئی گنا بڑھا دیا۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ یہ تمام بحران الگ الگ نہیں ہیں، بلکہ مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جس سے نکلنا اس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ تمام مسائل کو ایک جامع حکمتِ عملی کے تحت حل نہ کیا جائے۔ سیاسی بے بسی معاشی بحران کو جنم دیتی ہے؛ معاشی بحران کے نتیجے میں بھوک اور غربت پھیلتی ہے؛ اور جب ماحولیاتی آفت آتی ہے تو یہی غریب اور بھوکا طبقہ سب سے پہلے اس کا شکار بنتا ہے۔ اداروں کی کمزوری کی وجہ سے ہم ماحولیاتی آفت سے پہلے کوئی ٹھوس تیاری کر پاتے ہیں اور نہ ہی آفت کے بعد متاثرین کو سنبھال پاتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس دلدل سے نکلنے کا کوئی راستہ موجود ہے؟ جواب ہاں ہے، لیکن اس کیلئے بنیادی اور انقلابی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے، سیاسی قیادت کو اپنے ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ادارہ جاتی استحکام کیلئے کام کرنا ہو گا۔ جب تک ادارے آزاد، بااختیار اور شفاف نہیں ہوں گے، معاشی پالیسیوں میں تسلسل نہیں آ سکتا۔ سیاسی اتفاقِ رائے وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے، جس میں تمام سیاسی و مقتدر طبقات کو معاشی استحکام کا ایک کم از کم ایجنڈا طے کرنا ہو گا۔ ثانیاً، معاشی ریلیف کی فراہمی کیلئے روایتی اور عارضی اقدامات کے بجائے ساخت جاتی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ غیر پیداواری اخراجات میں کمی، ٹیکس کے نظام کی اصلاح، اور اشرافیہ کو دی جانے والی رعایتوں کو ختم کر کے اس کا فائدہ غریب طبقے تک پہنچانا ہو گا۔ سماجی تحفظ کے پروگراموں کو زیادہ شفاف اور وسیع بنانا ہو گا تاکہ بھوک کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کو سنبھالا دیا جا سکے۔ ثالثاً، زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ کرنا ہو گا۔ پاکستان کو اپنی زراعت میں جدید ٹیکنالوجی، پانی کے بچاؤ کی تکنیکس، اور ایسی فصلوں کی پیداوار پر توجہ دینی ہو گی جو موسم کی سختیوں کا مقابلہ کر سکیں۔ ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جنگلات کے تحفظ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی مضبوطی اور گرین انرجی کی طرف پیشرفت کو قومی ترجیح بنانا ہو گا۔ اگر ہمارے اداروں نے اب بھی اپنی بے بسی پر قابو نہ پایا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام رہے، تو تاریخ کا فیصلہ بہت سخت ہو گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اقتدار کی راہداریوں میں بیٹھے حکمران ہوش کے ناخن لیں اور باتوں و نعروں کی دنیا سے نکل کر عملی قدم اٹھائیں۔ قبل اس کے کہ بھوک اور بربادی کا یہ طوفان سب کچھ بہا کر لے جائے۔

☆☆☆☆

مشرق وسطیٰ کی جنگ: انجام کیا ہوگا؟

تحریر۔مصطفیٰ کمال پاشا

مشرق وسطیٰ کی کایا کلپ ہو رہی ہے۔ 1918ء میں جنگ عظیم اول میں عثمانی اتحادی افواج کی شکست کے بعد عثمانی سلطنت کے ٹکڑے ہو گئے۔ برطانیہ اور فرانس نے ان پر قبضہ کر لیا اور مشرق وسطیٰ کو چھوٹی چھوٹی عرب ریاستوں میں تقسیم کر کے اپنے حمایتیوں کو یہاں حکمران بنا دیا۔ عثمانی ریاست کو ٹکڑوں میں تقسیم کر کے جو حکمران بنائے گئے وہ سارے مسلمان تھے ان میں ایسے بھی تھے جنہوں نے عثمانیوں کے خلاف اقوام مغرب کی مدد کی وہ بھی تھے جنہوں نے ففتھ کالمسٹوں کا کردار ادا کر کے عثمانیوں کے زیر انتظام علاقوں میں دشمنوں کو قدم جمانے کے مواقع دیئے۔ اس وقت مشرق وسطیٰ آگ و خون میں نہلایا جا رہا ہے۔ صیہونی ریاست کے حکمران گریٹر اسرائیل کے قیام کے لئے راستے میں آنے والی ہر رکاوٹ کو نیست و نابود کرتے چلے جا رہے ہیں۔ عظیم ریاست اسرائیل کے قیام کی ابتدا 1909ء میں تل ابیب شہر بسانے سے ہوئی یہ شہر عثمانی حکمرانوں کی اجازت سے بسایا گیا ویسے ارض مقدس میں گریٹر اسرائیل کو قائم کرنے کی منظم کاوشوں کی ابتدا 1899 میں ورلڈ زائینسٹ Zionist آرگنائزیشن کے قیام کے ساتھ ہو گئی تھی تھیوڈور ہرزل نے اس تنظیم کی بنیاد سوئٹزرلینڈ کے شہر باسل میں رکھی۔ تھیوڈور ہرزل کی کاوشوں کے نتیجے میں برطانوی وزیر خارجہ آرتھر بالفور نے برطانوی یہودی کمیونٹی لیڈر لارڈ روتھ چائلڈ کو ایک خط لکھا، جس میں برطانوی حکومت کی یہودی ریاست کے قیام کے لئے حمایت کا اعادہ کیا۔ یہی خط 1948ء میں یہودی ریاست اسرائیل کے قیام کا باعث بنا۔ صیہونی اس سے پہلے 1909 میں ارض مقدس میں تل ابیب شہر قائم کر کے ریاست اسرائیل کی بنیادیں قائم کر چکے تھے۔ یورپی عیسائی قوتوں کا مل کر عثمانی ریاست کا خاتمہ، اس سے پہلے تل ابیب شہر کا قیام ارض مقدس میں عظیم ریاست کے قیام کی طرف پیش قدمی تھا۔

1933ء میں جب اڈولف ہٹلر نے یہودیوں کی نسل کشی شروع کی تو بہت سے یہودی ہجرت کر کے ارض مقدس کی طرف جانا شروع ہو گئے۔ تل ابیب میں آبادی کے باعث یہ شہر پھیلنا شروع ہوا، حتیٰ کہ 1948ء میں ریاست اسرائیل کے قیام کے اعلان کے ساتھ یہ شہر ساری ریاست کا مرکز قرار پایا۔ 78 سالوں سے اس ریاست کا جغرافیہ پھیل رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں کوئی ایسی عسکری و نظری قوت باقی نہیں رہ گئی، جو گریٹر اسرائیل کے قیام کی راہ میں مزاحم ہو سکے۔ خلافتِ عثمانیہ کے خاتمے کے ساتھ ہی جو سیاست یہاں شروع کی گئی تھی جو مقاصد طے کئے گئے جو منصوبہ سازی کی گئی تھی اس کے حتمی نتائج ہمارے سامنے آنے کا وقت آن پہنچا ہے۔

بیت المقدس صیہونی ریاست کا دارالحکومت بنایا جا چکا ہے ہم مانیں یا نہ مانیں گریٹر اسرائیل کی تکمیل کے انتظامات حتمی مراحل میں ہیں۔ فلسطینیوں کا آخری بازوئے شمشیرزن حماس مکمل بربادی کا شکار ہو چکا ہے۔ مصر، عراق، شام وغیرہ کو تباہ و برباد کرنے کے بعد ایران پر حتمی یلغار جاری ہے ایسے لگتا ہے کہ ایران پر حتمی بربادی طاری کر دی جائے گی۔ اس سے پہلے ایران اور اس کی پراکسیز صیہونی مقاصد کے حصول میں بالواسطہ مدد و معاون تھیں۔ عرب و عجم کی چپقلش کو قائم رکھ کر اہل حرم کو کمزور کیا گیا۔ مصر، عراق اور شام میں بعثی حکمران مسلط کئے گئے جنہوں نے اخوان المسلمون کو کچلنے اور عرب قومیت کو فروغ دینے کی منظم کاوشیں کیں، پھر انہی حکمرانوں کو یا تو منظر سے غائب کر دیا گیا یا انہیں اسرائیل کا باجگزار بنا دیا گیا۔ حافظ الاسد و بشار الاسد ہو یا صدام حسین مصری انوار السادات سب نے کیا کیا۔ اپنے ہی ہم مذہبوں پر قیامت ڈھائی، پھر ان کا کیا بنا۔ مصر مشرق وسطیٰ کی بڑی عسکری قوت تھی کیمپ ڈیوڈ معاہدے کے تحت اسے اسرائیل کا ساتھی بنا دیا گیا۔ غزہ میں جس قدر ظلم اسرائیل کرتا ہے اسی قسم کا سلوک مصری حکومت فلسطینیوں کے ساتھ روا رکھتی ہے۔ شامی حکمران شامی عوام پر قہر ڈھاتے رہے ہیں اب شام کہاں ہے اسرائیلی فوج شام کے ان علاقوں پر قابض ہو رہی ہے جو گریٹر اسرائیل کا حصہ ہیں، عراق تقسیم ہو چکا ہے۔ ایرانی پراکسیز کا دھڑن تختہ کیا جا چکا ہے۔ ایران کی بربادی ہمارے سامنے ہے۔ حوثیوں کو سعودی عرب کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے۔ حوثی کہہ چکے ہیں کہ باب المندب سے اسرائیلی و امریکی ٹینکروں کو بحفاظت گزرنے دیا جائے گا۔ حرم شریف یعنی بیت المقدس ہماری دسترس سے نکل چکا ہے۔ اسرائیل شہر مقدس کو گریٹر اسرائیل کا دارالحکومت قرار دے چکا ہے بہت سے ممالک نے اپنے اپنے سفارت خانے وہاں منتقل بھی کر دیئے ہیں۔ دشمن اب حرمین شریفین کو نشانے پر لے چکے ہیں، مدینہ پاور سٹیشن پر حوثی حملے نے نازک صورت حال کی نشاندہی کر دی ہے۔ مسجد الحرام میں کسی دہشت گرد یا خودکش بمبار کی خبریں بھی سننے میں آ رہی ہیں۔ گو سعودی حکمران اس بات کی تردید کر رہے ہیں لیکن ایک بات طے ہے کہ حرمین شریفین اب دشمنوں کے نشانے پر ہیں۔ حوثی سعودی شہروں پر میزائل داغ چکے ہیں۔ ہم تھوڑی دیر کے لئے مان لیتے ہیں کہ کوئی حوثی یا ایرانی گروپ حرمین شریفین پر حملہ آور نہیں ہوگا لیکن حالیہ ڈرون و میزائل جنگ جس طرح جاری ہے اس میں ممکن ہے کہ اسرائیل ہی ایسی ناپاک جسارت کر گزرے اور ہمیں بتایا جائے کہ یہ حوثیوں یا کسی ایرانی پراکسی کی کارکردگی ہے تو ہم کیا کر لیں گے۔ ہم کثیر تعداد میں ہونے کے باوجود کچھ بھی کرنے کی صلاحیت سے عاری ہیں۔ سعودی عرب اپنی حفاظت کے لئے امریکہ پر تکیہ کئے ہوئے تھا۔ محمد بن سلمان نے امریکہ کو حوثیوں پر حملہ کرنے کا کہا لیکن امریکیوں نے انکار کر دیا۔

اب مکہ معاہدے کے تحت پاکستان وترکی کچھ کریں گے۔ لگ رہا ہے کہ پاکستان کو اس جنگ میں ملوث کر دیا جائے گا۔ پاکستان پہلے ہی چومکھی لڑائی لڑ رہا ہے۔ افغانستان، خیبر پختونخوا کے ذریعے ہم پر حملہ آور ہے۔ بلوچستان میں بی ایل اے مصروف جنگ ہے۔ ہندوستان در پردہ ایسی تمام پراکسیز کو اسلحہ بھی دے رہا ہے اور روپیہ پیسہ بھی۔ انڈیا خود بھی ہم پر حملہ آور ہونے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ پاکستان معاشی طور پر بھی مشکلات کا شکار ہے اگر مکہ معاہدے کے تحت پاکستان ایک اور جنگ میں ملوث ہو گیا تو معاملات مزید بگاڑ کا شکار ہو جائیں گے۔ مشرق وسطیٰ میں معاملات حتمی انجام کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے۔ یہ سب اسرائیل کو فائدہ دے رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی جنگ پھیلتی ہوئی تباہی اسرائیل کے مفاد میں ہے۔

☆☆☆☆

بلاول کا نہایت غیر معقول بیان

تحریر۔عبداللہ طارق سہیل

حالیہ کنٹینر بحران عرف لانگ مارچ بحران کے اندر سے ایک نتیجہ یہ برآمد ہو گیا کہ بظاہر سہیل آفریدی ملک کا سب سے بڑا لیڈر بن کر سامنے آیا۔ نواز شریف سے بھی بڑا، زرداری سے بھی بڑا، مریم نواز سے بھی بڑا، مراد علی شاہ سے بھی بڑا اور حتیٰ کہ سرفراز بگٹی سے بھی بڑا۔ اس "بڑے پن" کا ایک سو فیصد کریڈٹ وفاقی حکومت کو جاتا ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ 5 سالہ دور حکومت میں حکومت کی یہ واحد کامیابی ہے جو اس نے ملک کو ایک "قدآور" قیادت فراہم کرنے کیلئے حاصل کی۔

سچ پوچھئے تو وفاقی حکومت نے بڑا معرکہ مارا ہے۔ اس نے 27 ستمبر (لانگ مارچ کی پہلی تاریخ جو بعد ازاں آگے بڑھا دی گئی) سے ایک مہینہ پہلے ہی اسلام آباد اور ملحقہ علاقوں کی ناکہ بندی اور پورے ملک سے کنٹینروں کی پکڑ دھکڑ شروع کر دی تھی۔ ہر طرف کہرام مچ گیا، ہر شخص ایک ہی سوال پوچھ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور ہر طرف سے ایک ہی جواب آ رہا تھا کہ سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ سندھ کے ایک چھوٹے سے شہر کوٹ ڈیجی کے نزدیک سڑک پر بنے ڈھابے میں کسی کنٹینر کا ڈرائیور کھانا کھا رہا تھا کہ ناگاہ پولیس آ گئی اور ڈرائیور کو پکڑ کر اس کی مناسب ٹھوکا ٹھوکی کی اور پھر اسے کنٹینر میں بٹھا کر لے گئے۔ دہائی مچ گئی، لوگ اکٹھے ہو گئے۔ ہر شخص پوچھ رہا تھا کیا ہوا، کوئی "دھاڑیل" (ڈاکو) پکڑا گیا ہے یا دہشت گرد۔ وہاں ایک "باخبر ذرائع" بھی موجود تھا۔ اس نے کہا، ایسی کوئی بات نہیں، دراصل سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ کچھ سکولی بچے بھی وہاں تھے، سب نے حیرت سے پوچھا، سہیل آفریدی کس چیز کا نام ہے۔ کسی نے کہا شاید پنجابی لوگ زلزلے کو سہیل آفریدی کہتے ہیں، کسی نے کہا، دریا میں باڑ آ گئی ہے۔ سائنس فکشن کے کامکس پڑھنے والے ایک بچے نے کہا، اسلام آباد پر مریخ حملہ کرنے والا ہے، پنجابی لوگ مریخ کو سہیل آفریدی کہتے ہیں۔

حب چوکی سے کاشمور تک، گھوٹکی سے صادق آباد تک، ملتان سے لیہ تک، ساہیوال سے سیالکوٹ تک، مرید کے سے میانوالی تک یہ پکڑ دھکڑ جاری تھی، ہر جگہ ایک ہی سوال، آخر یہ ہو کیا رہا ہے اور ہر جگہ ایک ہی جواب، سہیل آفریدی آ رہا ہے۔

اسلام آباد پنڈی میں بچے ماؤں سے پوچھتے تھے، آج گھر میں دودھ کیوں نہیں آیا۔ مائیں جواب دیتیں، چپ، سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ سڑکوں پر گڑھے کھود دیئے گئے ہیں، پوچھا یہ کیوں کھودے جا رہے ہیں، جواب ملا سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ وفاقی کابینہ کا ہنگامی اجلاس بلا لئے گئے۔ کیوں؟ سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ میڈیا کو پیغام ملا، فلاں اتنے بجے اور فلاں اتنے بجے پریس کانفرنس کرنے والا ہے، رپورٹر بھیج دو، پوچھا، پریس کانفرنس کیوں ہو رہی ہے، جواب ملتا تھا سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ امریکہ روس کے دارالحکومتوں میں بھی خبر پہنچ گئی کہ پاکستان میں غیر معمولی ہلچل ہے۔ پوچھا کس بات کی ہلچل، جواب ملا سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ کسی نے سوشل میڈیا پر لکھا، وفاقی وزیر داخلہ سخت برہم ہیں، پوچھا کیوں، جواب ملا سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ کابینہ نے دس گیارہ ارب روپے کی لگژری گاڑیاں درآمد کرنے کا آرڈر دے دیا۔ پوچھا کیوں، بتایا سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ وزیر اعظم بھاگم بھاگ جاتی عمرہ پہنچے، برادر بزرگ سے ہنگامی ملاقات کی۔ کیوں؟ سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ ایمرجنسی لگے گی، آفریدی آ رہا ہے۔ مارشل لا کا خطرہ ہے، سہیل آفریدی آ رہا ہے۔ 70 ہزار پولیس بلا لی گئی، سہیل آفریدی آ رہا ہے، رینجرز طلب، سہیل آفریدی آ رہا ہے۔

یہ سب کچھ وفاقی حکومت نے کیا، سہیل آفریدی کو ملک کا سب سے بڑا لیڈر، سب سے بڑا ہوا بنا دیا اور سہیل آفریدی ایسے ناشکر گزار کہ وفاقی حکومت کیلئے "شکریہ" کا ایک لفظ بھی ادا کرنے کو تیار نہیں۔ حد ہو گئی۔

بلاول بھٹو زرداری نے دو تین روز پہلے یہ مطالبہ کیا کہ موٹر وے کو سکھر سے آگے حیدر آباد اور کراچی تک توسیع دی جائے۔ یہ زیر تکمیل منصوبہ جو دس سال سے ایک جگہ رکا ہوا ہے، اسے آگے بڑھایا جائے۔

بلاول ایک معقول آدمی ہیں، ان سے ایسے نامعقول مطالبے کی توقع نہیں تھی۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ موٹر وے کو سکھر سے بڑھا کر حیدر آباد اور کراچی تک لے جایا گیا تو اس کا نتیجہ کتنا غیر معقول اور خطرناک نکلے گا؟۔

نتیجہ یہ نکلے گا کہ کراچی بندرگاہ سے سارا ملک یا کم از کم تین صوبے تیز رفتار ذریعہ سفر و تجارت سے جڑ جائیں گے۔ ملک میں ترقی ہو گی، بے روزگاری کم ہو گی، روزگار کے مواقع بڑھ جائیں گے۔ ملک کی پسماندگی میں کمی ہو جائے گی۔ کیا بلاول یہ سارے "ناپسندیدہ" مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں؟۔

کیا بلاول نہیں جانتے کہ وفاقی حکومت کس طرح شبانہ روز محنت کر رہی ہے کہ بے روزگاری اور غربت بڑھے، ملک پسماندگی کی شاہراہ پر قلانچیں لگائے، پسماندگی میں اضافہ ہو، آپ ایسا نامعقول مطالبہ کر کے وفاقی حکومت کی شبانہ روز محنت پر پانی پھیرنا چاہتے ہیں؟۔ لاحول ولا۔

ایک دور تھا جب یہ نعرہ لگتا تھا، چاروں صوبوں کی زنجیر بے نظیر، بے نظیر۔ پھر بے نظیر نہ رہیں، مشرف + چھوٹے پرویز کے گٹھ بندھن نے طالبان کی مدد سے انہیں شہید کر دیا۔

اب کوئی فرد "زنجیر" نہیں رہا لیکن موٹر وے کم سے کم تین صوبوں کی زنجیر کہی جا سکتی ہے۔ پشاور سے اسلام آباد، ہزارہ سے اسلام آباد اور پھر پنجاب کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک موٹر وے بچھی ہوئی ہے۔ سندھ کے پنجاب والے بارڈر سے سکھر تک نواز شریف پہنچا گئے، یعنی جزوی طور پر سندھ بھی اس زنجیر میں شامل ہو گیا، کراچی تک پہنچ جائے تو تین صوبوں کی زنجیر بن ہی جائے گی، رہا بلوچستان تو خیر، اس کا ذکر رہنے ہی دیں۔

کل ایک اخبار میں ایک دو کالمی سرخی دیکھی کہ سکھر سے آگے موٹر وے کی تعمیر نومبر سے شروع ہو گی۔ سنسنی خیز "چونکاہٹ" نے آ لیا۔ ارے، یہ کیا انقلاب آ گیا۔ خبر کا متن پڑھا تو سنسنی ہنسی میں بدل گئی۔ یہ خبر نہیں، وفاقی وزیر علیم خاں کا بیان تھا۔ ارے آپ بھی ہنسنے لگے! کمال ہے۔ ٹھیک ہے، ضرور ہنسیئے کہ آپ کا بنیادی حق ہے لیکن اتنے زور سے تو مت ہنسیئے، خدارا_!

☆☆☆☆

پوپٹ (نمک پارے) اور یادِ ماضی!

تحریر۔چوہدری خادم حسین

نسٹلجیا انگریزی کا لفظ ہے جس کا مفہوم اب عام فہم ہے لیکن ہم تو یاد ماضی ہی کہیں گے کہ انگریزی کے اس لفظ کے معنی اس پر پورے نہیں اترتے۔ شاعر نے تو یاد ماضی کو عذاب کہا اور حافظہ تو چھین لینے کی دعا کی لیکن یہ ہر یاد سے جڑی دعا نہیں ہو سکتی۔ شاعر شاید تلخ ماضی کی بات کرنا چاہتے تھے اگرچہ ماضی صرف ناخوشگوار ہی نہیں خوشگوار بھی تو ہوتا ہے اگرچہ گرما گرم موضوع مولانا فضل الرحمٰن کی پُر معنی گفتگو اور کرکٹ ٹیموں کی سلیکشن بھی ہے لیکن یہ اب اتنے عام ہو گئے کہ سیر صبح کی محفل میں زیر بحث نہیں آئے وہاں ناشتہ ہی زیر غور آیا، ماضی کے حوالے سے جو عرض کیا تو دراصل یہ خود پر طاری کیفیت کے حوالے سے ہے کہ قریباً ایک ہفتے سے میں اپنے اس ماضی میں کھویا ہوا ہوں جب چوک نواب صاحب کے رفیق عرف فیقا پہلوان اور حاجی لال دین حلوائی یاد آئے اور اب تک یاد آتے چلے جا رہے ہیں اس کے ساتھ ہی وہ دور بھی یاد آ رہا ہے جب ہم زیر تعلیم اور لڑکے تھے یہ سب حضرات ہمارے چچا تھے ان سے پسند کی شے لینے کے لئے شور کرتے تو ڈانٹ بھی سنتے۔

قصہ یہ ہے کہ چار روز قبل میری بیٹی (بہو) شام کو گھر آئی تو اپنے ساتھ نمک پارے لیتی آئی جو مجھے بہت پسند ہیں، ذرا رکئے اس سے پہلے کہ نمک پاروں کی آمد اور ان کے اثرات کا ذکر کروں یہ عرض کروں کہ آج جو نمک پارے کہلاتے ہیں، یہ ہمارے شہر اور بچپن میں پوپٹ کہے جاتے تھے، نمک پارے تو شاید کہیں بعد میں شہر سے باہر کہلائے اور پھر پوپٹ معدوم ہو گئے اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس دور میں پوپٹ ذومعنی لفظ تھا، نمک پارے تو پوپٹ تھے ہی لیکن خوبصورت اور نازک مزاج فرد کو بھی پوپٹ کہہ دیا جاتا تھا۔ ممکن ہے یہ تشبیہ نمک پاروں کی پسند کی وجہ سے ہو کہ اس دور میں جب ہم طالب علم اور بچے کہلاتے تھے تو یہ پوپٹ بہت ہی پسندیدہ مٹھائی تھی اگرچہ یہ نمکین ہوتے ہیں اور بعد میں اسی وجہ سے نمک پارے کہلائے ہوں گے۔

تمہید ذرا طوالانی ہو گئی، بات تو یہ کرنا تھی کہ بیٹی نے جب ہماری پسند کی یہ شے ہمیں دی تو دیکھتے ہی حیرت کا ایک جھٹکا لگا اور بچپن کے ساتھ ہی اندرون شہر لاہور کی وہ ساری زندگی یاد آ گئی جو ہنستے کھیلتے گزاری تھی، جو نمک پارے دیئے گئے وہ بہت خستہ اور چھوٹے چھوٹے کٹے ہوئے تھے اور میرے سامنے یہ کئی سالوں بعد آئے کہ حالیہ دور میں بڑی سے بڑی دکان سے بھی یہ سائز، خشک اور مزے دار نمک پارے نہیں ملے تھے جہاں سے بھی لئے وہ بڑے بڑے ہوتے اور بعض ڈھیلے بھی ہوتے لیکن یہ بہت خستہ اور بالکل ویسے تھے جیسے بچپن میں فیقا پہلوان کی دکان سے لے کر کھایا کرتے تھے، میں نے عرض کیا کہ چوک نواب صاحب میں رفیق پہلوان اور حاجی لال دین کی مٹھائی کی دکانیں تھیں، صبح کا ناشتہ حلوہ پوری، سادہ اور قیمہ والا قتلمہ ملتا اور یہ سب خستہ اور دیسی گھی میں تلے ہوتے تھے۔ چھٹی کے روز یہ ناشتہ بھی چلتا تاہم روز کے معمول میں شام کے وقت جب مٹھائی کی فروخت کا سلسلہ شروع ہوتا تو تازہ تازہ نکلے پوپٹ (نمک پارے) کھانے کا جو لطف تھا وہ شہر سے چلے آنے کے بعد سالوں سے اب تک نہیں آیا تھا لیکن میری بیٹی نے جو نمک پارے دیئے وہ واقعی پوپٹ تھے اور میں تین روز تک کھاتا اور لطف اندوز ہوتا رہا ہوں۔

آپ ذرا تصور کریں کہ ہمارے اس چوک نواب صاحب کی صرف یہ پوپٹ، مٹھائی اور ناشتہ ہی خصوصیت نہیں تھے بلکہ یہاں ایک دکان نان پکوڑے کی بھی تھی، چاچا کماں شام سے تھوڑی دیر پہلے ڈیرہ جماتے اور کڑاہی گرم کر لیتے، سرسوں کے خالص تیل میں پکوڑے، آلو اور بینگن تلتے، دکان پر بھیڑ ہوتی اور خریداروں کا ہجوم ہوتا، ہم بھی پکوڑے لینے آتے اور شور مچاتے تو ڈانٹ کھاتے۔ یہ پکوڑے اتنے خستہ اور لذیز ہوتے کہ ایک خاص موسم میں گھروں میں تنور کی روٹی کے ساتھ ڈنر ہوتا تھا، یوں یہ چوک شام کو پُر رونق ہوتا جبکہ دن کے وقت ناشتہ ہوتا تو سامنے ہی دودھ دہی کی دکان سے لسی بھی لی جاتی، اگر پوری نہ لینا ہوتی تو پھر کلچہ لے کر دہی اور لسی سے ناشتہ ہو جاتا تھا۔

آج کل لاہور ہیری ٹیج کا بہت چرچا ہے۔ تاریخی عمارتیں بحال ہو رہی ہیں، ان کے حوالے سے تاریخ کے ورق الٹ کر کتابیں لکھی جا رہی ہیں لیکن وہ سوشل لائف (زندگی) جو اس شہر کی جان تھی اس کا ذکر نہیں ہوتا، آج کل ماڈرن اور بدیسی کھانوں کا بہت شہرہ ہے لیکن جو لطف حاجی عبدالرحمٰن (مقتول) کے کبابوں کا تھا وہ آج تک کہیں اور نہیں ملا۔ ان کبابوں کی خوبی یہ ہے کہ قیمے اور پیاز کا مکسچر اس قدر بہترین ہوتا ہے کہ اب سادہ بھی کھایا جائے تو مزا دیتا ہے اگرچہ ہم یہ کباب دیسی گھی میں تل کر کھاتے تھے دیسی گھی کے ذکر سے عرض کر دوں کہ تب یہ خالص دیسی گھی تین سے چار روپے سیر کے درمیان ملتا تھا۔ بناسپتی گھی اور پکانے کے آئل کا کوئی تصور ہی نہیں تھا، وہ دور ایسا تھا جب بکرے کا گوشت بھی ایک روپے کا سیر بکتا تھا، مجھے گھر سے چار آنے دے کر بھیجا جاتا اور میں چاچا قصائی کی دکان پر جا کر سلام کرتا اور ایک پاؤ گوشت مانگتا جو چار آنے میں ملتا۔ قصاب گوشت کا ٹکڑا اتار کر صاف کرتا اور پھر ترازو میں تولتا اور پلڑا گاہک کی طرف جھکا ہوتا تھا ایک پاؤ گوشت اور سبزی گھر کے لئے کافی ہوتا، آج کے دور میں ڈیجیٹل کانٹے ہیں جو دکان دار نرخ کے حساب سے سیٹ کرتا ہے تین ہزار دو سو پچاس روپے کلو کا گوشت چھیچھڑوں سمیت تولا جاتا ہے اور ڈیجیٹل کانٹا تو معمولی سی بوٹی کے بھی 25 گرام گرا دیتا ہے یوں جو کلو گوشت لیا جائے وہ 850 یا 800 گرام ہی رہ جاتا ہے کہ صفائی کے بعد یہی صورت ہوتی ہے۔

قصہ مختصر کہ ہماری بیٹی کو لبرٹی میں جو دکان ملی اس نے مجھے میرا لڑکپن ہی یاد نہیں کرایا سارا ماحول پھر سے آنکھوں کے سامنے فلم کی طرح چلنے لگا ہے اب اس چوک میں یہ دکانیں نہیں اور وہ بزرگ اللہ کو پیارے ہو چکے، اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔

☆☆☆☆

ایک سپرنٹنڈنٹ جیل کی جرائت؟

تحریر۔محسن گواریہ

پنجاب کی بیوروکریسی، محکمانہ امور یا پھر اسے سول سیکرٹیریٹ کی رپورٹنگ کا نام دیں، میں نے اس محاذ پر اپنی عملی صحافت کے اوائل میں ہی کام شروع کر دیا تھا، جن محکموں سے مجھے بہت دلچسپی تھی اور ہے، ان میں جیل خانہ جات بھی ایک ہے، نوے کی دہائی کے ابتدائی سالوں میں ہی جیلوں کے متعلقہ امور پر مجھے کافی دسترس حاصل ہو چکی تھی، جیل خانہ جات کے اس وقت کے آئی جی چیمہ صاحب سے لے کر موجودہ آئی جی سالک جلال تک سب سے پیشہ وارانہ کام سے بڑھ کر قریبی تعلق کا رشتہ استوار رہتا ہے، اسی طرح باقی تمام جیل افسروں سے بھی علیک سلیک رہتی ہے، بہت سوں کو میں اچھی طرح جانتا ہوں اور کچھ مجھے بھی پہچانتے ہیں، موجودہ آئی جی جیل کے ساتھ اٹک جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے جو ہاتھ کرنے کی کوشش کی اس پر ہنسی ہی آتی ہے، وہ جیل سپرنٹنڈنٹ ہو کر بھی بہت ناسمجھ نکلا، کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے، وہ اس سالک جلال کو نہیں جانتا جس کو میں جانتا ہوں، لوگ مجھے بھی شاہ کا مصاحب سمجھ کر ٹریپ کرنے کی کوشش کرتے ہیں کیونکہ ہمیں بھی اتراتے پھرنے کی عادت تو ہے مگر "غالب برا نہ مان جو واعظ برا کہے" اور بعد ازاں "کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی" کہ کر آگے بڑھ جاتے ہیں، مگر سالک جلال تو ایسا بندہ ہے نہ اسکی شہرت ایسی کہ کوئی اسے اس طرح لفافہ دینے کی کوشش کرے، وہ تو جیلوں کے نخلستان میں بھی پیاسا رہا اور اب چند ماہ بعد ریٹائر ہو رہا ہے، وہ تو یہ شعر کہنے میں حق بجانب ہے،

عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن
آخری عمر میں کیا خاک مسلماں ہوں گے

پنجاب کی جیلوں میں کرپشن کوئی نئی بات نہیں، قیدیوں سے ملاقات، بہتر سہولت، ہسپتال، بیرک کی تبدیلی، بار بار فون کی اجازت، گھر سے سامان منگوانے سے لے کر رہائی کے معاملات تک، مختلف ادوار میں جیلوں کے اندر پیسے کے لین دین کی شکایات سامنے آتی رہی ہیں، لیکن کرپشن کی بھی ایک حد ہوتی ہے، ایک احتیاط ہوتی ہے اور شاید ایک "پیشہ ورانہ سمجھ" بھی، اٹک جیل کے سپرنٹنڈنٹ کے حالیہ واقعہ نے تو یوں محسوس کرایا جیسے کسی نے واقعی "آ بیل مجھے مار" کا محاورہ زندہ کر دیا ہو، اطلاعات کے مطابق اٹک جیل کے سپرنٹنڈنٹ عمران بھرتھ آئی جی جیل خانہ جات میاں سالک جلال کی رہائش گاہ پر دو لاکھ روپے لے کر پہنچے اور یہ رقم رشوت کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی، آئی جی نے رقم لینے کے بجائے معاملہ سیکرٹری داخلہ پنجاب کو رپورٹ کر دیا، جس کے بعد ڈی جی اینٹی کرپشن کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ کو گرفتار کر لیا۔

اب ذرا اس واقع کی عجیب و غریب نوعیت پر غور کیجیے، رشوت دینے والا کوئی ماتحت وارڈر نہیں بلکہ ایک جیل کا سپرنٹنڈنٹ ہے اور جسے رشوت دینے کی کوشش کی گئی وہ پنجاب کی جیلوں کا سربراہ ہے، مزید حیرت اس لیے بھی ہوتی ہے کہ میاں سالک جلال نے جولائی 2026ء میں آئی جی جیل خانہ جات کا منصب سنبھالا اور محکمہ جیل خانہ جات کی اپنی ویب سائٹ پر ان کے پیغام میں احتساب، شفافیت، پیشہ ورانہ قیادت اور قیدیوں کی بحالی کو بنیادی ترجیحات قرار دیا گیا ہے۔

یہ صرف دو لاکھ روپے کا معاملہ نہیں، اصل سوال یہ ہے کہ ایک سپرنٹنڈنٹ جیل کو آخر یہ اعتماد کہاں سے ملا کہ وہ اپنے ہی محکمے کے سربراہ کی رہائش گاہ پر جا کر رشوت پیش کرے؟ کیا اسے یہ توقع تھی کہ رقم قبول کر لی جائے گی؟ کیا اسے کسی نے یہ یقین دلایا تھا کہ "سب چلتا ہے"؟ کیا یہ ایک نیک نام آئی جی کو بدنام کرنے کی کوشش تھی؟ جیلوں میں کرپشن کی بڑی بڑی غضب کہانیاں سامنے آتی ہیں، جیل کی چار دیواری کے اندر موجود انسان عام شہری سے کہیں زیادہ بے بس ہوتا ہے، ایک آزاد شخص کسی دفتر میں رشوت مانگنے والے اہلکار کو انکار کر سکتا ہے، افسرِ بالا سے شکایت کر سکتا ہے، میڈیا یا عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا سکتا ہے، لیکن ایک قیدی؟ اس کے پاس اختیارات محدود ہوتے ہیں، معلومات محدود ہوتی ہیں اور اکثر اوقات اس کی سب سے بڑی ضرورت ہی اس کی کمزوری بن جاتی ہے، جیلوں میں کرپشن کا ایک بڑا مسئلہ یہی ہے کہ معمول کی سہولت بھی بعض اوقات "احسان" بنا دی جاتی ہے، ملاقات کے لیے آسانی، گھر والوں سے اضافی ملاقات، طبی سہولت، بیرک یا جگہ کی تبدیلی، ضروری سامان کی فراہمی، کاغذات یا درخواست کی کارروائی، حتیٰ کہ بعض اوقات عدالت سے ملنے والے ریلیف کے بعد رہائی کے انتظامات تک، اگر کسی مرحلے پر غیر قانونی رقم طلب کی جائے تو قیدی اور اس کے خاندان کے پاس انکار کی گنجائش بہت کم رہ جاتی ہے۔

ماضی میں پنجاب کی جیلوں سے متعلق ایسی شکایات پر کارروائیاں بھی ہوتی رہی ہیں اور ہو بھی رہی ہیں، حال ہی میں گوجرانوالہ جیل کے ایک سپرنٹنڈنٹ سمیت متعدد جیل افسروں اور اہلکاروں کے خلاف ترقیاتی منصوبے میں مبینہ رشوت اور فنڈز میں خورد برد کا مقدمہ درج ہونے کی خبر بھی سامنے آئی ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسئلہ صرف قیدیوں سے چند ہزار یا چند لاکھ روپے وصول کرنے تک محدود نہیں اور جیل کے ترقیاتی منصوبے، خریداری، ٹھیکے، سپلائی اور انتظامی اختیارات بھی کرپشن کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ جیل میں موجود شخص ریاست کے مکمل کنٹرول میں ہوتا ہے، اس لیے جیل افسر کے پاس اختیار اور قیدی کے پاس ضرورت ہوتی ہے، جب اختیار اور ضرورت کے درمیان پیسے کا پل بن جائے تو ظلم صرف مالی نہیں رہتا، انسانی بھی بن جاتا ہے، کسی غریب قیدی کے گھر والے اگر اس سے ملنے کے لیے کئی گھنٹے سفر کر کے آئیں اور انہیں کسی غیر ضروری رکاوٹ کا سامنا ہو، تو وہ اکثر اپنے پیارے سے ملاقات کے لیے بھی پیسے دینے پر مجبور ہو سکتے ہیں، کسی بیمار قیدی کو بروقت طبی سہولت نہ ملے اور خاندان یہ سمجھے کہ پیسے دینے سے کام جلدی ہو جائے گا تو وہاں بھی استحصال کا دروازہ کھل جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ جیلوں میں کرپشن کو عام سرکاری دفاتر کی کرپشن سے مختلف سمجھنے کی ضرورت ہے، یہاں رشوت صرف سرکاری خزانے کو نقصان نہیں پہنچاتی، بلکہ ایک ایسے شخص کی مجبوری سے بھی فائدہ اٹھاتی ہے جو پہلے ہی آزادی سے محروم ہے۔

جیلوں کے موجودہ آئی جی میاں سالک جلال ایک سخت گیر، ایماندار اور اصول پسند افسر ہیں، ان کا اب اصل امتحان ہے، ایک طرف یہ واقعہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ کارروائی قانون کے مطابق مکمل ہو اور اس بات کا بھی جائزہ لیا جائے کہ سپرنٹنڈنٹ بھرتھ، کس کس افسر کے ساتھ تعینات رہا؟ وہ اب جس رینج میں تعینات تھا وہاں کرپشن کے حالات کیا ہیں؟ اچھی بات یہ ہے کہ حالیہ معاملے میں آئی جی نے رقم قبول کرنے کے بجائے اعلیٰ حکام کو اطلاع دی، یہی وہ طرزِ عمل ہے جس سے ادارے میں ایک واضح پیغام جاتا ہے کہ رشوت کی پیشکش بھی ناقابلِ قبول ہے، تاہم ایک افسر کی دیانت داری سے زیادہ اہم پورے نظام کا ایسا ہونا ہے جس میں رشوت پیش کرنے کی نوبت ہی نہ آئے۔

☆☆☆☆

شہباز شریف کی عالمی امن کیلئے پکار

تحریر۔محمد علی یزدانی

دنیا آج ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں جنگ کے شعلے صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہے بلکہ ان کی تپش پوری انسانیت محسوس کر رہی ہے۔ کہیں بارود کی بو ہے، کہیں بے گھر انسانوں کی آہیں، کہیں معیشتوں پر جنگ کا بوجھ ہے اور کہیں سفارت کاری کے دروازے کھولنے کی مسلسل کوششیں۔ ایسے نازک عالمی ماحول میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس محض عالمی رہنماؤں کا اجتماع نہیں بلکہ دنیا کے ضمیر سے خطاب کا ایک موقع بن جاتا ہے۔

اسی عالمی منظر نامے میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب پاکستان کی سفارتی آواز کا ایک اہم اظہار تھا۔ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے عالمی فورم پر پاکستان کا مؤقف پیش کرتے ہوئے جنگ کے بجائے امن، تصادم کے بجائے مذاکرات، طاقت کے بجائے قانون اور تقسیم کے بجائے تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ میاں شہباز شریف کے خطاب کی سب سے نمایاں خوبی یہ تھی کہ اس میں پاکستان کے قومی مفادات کے ساتھ امت مسلمہ کے اہم مسائل کو بھی عالمی ضمیر کے سامنے رکھا گیا۔ فلسطین اور کشمیر جیسے دیرینہ مسائل سے لے کر اسلاموفوبیا، دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی اور ترقی پذیر دنیا کے معاشی مسائل تک وزیر اعظم نے ایک ایسے عالمی نظام کی ضرورت اجاگر کی جس میں انصاف، مساوات اور انسانی وقار کو بنیادی حیثیت حاصل ہو۔ فلسطین کا مسئلہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف کے خطاب کا اہم محور رہا۔ غزہ میں جاری انسانی المیے اور فلسطینی عوام کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان نے اپنے دیرینہ مؤقف کو دہرایا کہ فلسطینی عوام کو حق خودارادیت ملنا چاہیے اور ایک آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ضروری ہے۔ یہ مسئلہ اس وقت مزید اہم ہو جاتا ہے جب خود اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بھی دو ریاستی حل کو خطے میں پائیدار امن کی بنیادی راہ قرار دے رہے ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان نے کشمیر کا معاملہ بھی عالمی برادری کے سامنے رکھا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں مسئلہ کشمیر ہمیشہ ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اقوام متحدہ وہی عالمی فورم ہے جہاں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا معاملہ بارہا اٹھایا جاتا رہا ہے۔ میاں محمد شہباز شریف کا پیغام یہ تھا کہ دنیا میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب تنازعات کو نظرانداز کرنے کے بجائے انصاف اور بین الاقوامی قانون کی بنیاد پر حل کیا جائے۔ اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بھی وزیر اعظم پاکستان نے عالمی توجہ مبذول کرائی۔ دنیا میں مذہب کی بنیاد پر نفرت اور امتیاز صرف مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ انسانی معاشرے کے امن اور باہمی احترام کا مسئلہ ہے۔ جب کسی مذہب کے ماننے والوں کو محض ان کے عقیدے کی بنیاد پر نشانہ بنایا جائے تو اس کے اثرات معاشرے کی اجتماعی سلامتی پر پڑتے ہیں۔ پاکستان نے اسی لیے مذہبی ہم آہنگی، برداشت اور باہمی احترام کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم کا خطاب صرف جنگ زدہ خطوں تک محدود نہیں تھا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی اور ترقی پذیر ممالک کے مسائل کو بھی عالمی ایجنڈے کا حصہ بنایا۔ پاکستان خود موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات کا سامنا کر چکا ہے، اس لیے عالمی برادری سے یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ موسمیاتی انصاف کو محض وعدوں کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے۔ معاشی انصاف بھی وزیر اعظم کے خطاب کا اہم پہلو تھا۔ دنیا میں ایک طرف ترقی یافتہ معیشتیں نئی ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے دور میں داخل ہو رہی ہیں، جبکہ دوسری طرف کئی ترقی پذیر ممالک قرضوں، غربت، بے روزگاری اور محدود مالی وسائل کے مسائل سے دوچار ہیں۔ ایسے میں ایک ایسا عالمی معاشی نظام ضروری ہے جس میں ترقی کے مواقع صرف چند طاقتور ریاستوں تک محدود نہ رہیں۔ میاں شہباز شریف نے عالمی اداروں میں اصلاحات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ دنیا بدل چکی ہے

(باقی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 38)

"ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں"

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

آج اچانک ایک سفید پوش خاندان کی لڑکی سے ملاقات ہوئی چند منٹ بات کرنے کے بعد وہ زارو قطار رونے لگی، پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس کے والد وفات پا چکے ہیں۔ ماں فالج کی مریضہ ہے وہ اور اس کی والدہ کرائے کے گھر میں رہتے ہیں۔ وہ ایک سکول میں پڑھاتی ہے دس ہزار تنخواہ میں گزر بسر انتہائی مشکل ہے اسی تنخواہ میں اس نے ماں کی دوائی لینی ہے، گھر کا راشن، گیس، گھر کا کرایہ اور بجلی کا بل کیسے گزارہ کروں، کون سا بل اتاروں۔ ایک صاحب وہاں بیٹھے تھے کہنے لگے! لو یہ ایک ہزار رکھو اس وقت میرے پاس یہی ہیں۔ وہ زارو قطار رونے لگی اور بولی میں مانگنے والی نہیں۔ پڑھی لکھی ہوں اگر آپ یہ بجلی کا بل کم کروا دیں تو میں آپ کی بے حد شکر گزار ہوں گی۔ 15000 بل آیا ہے میں 10 ہزار تنخواہ میں کس طرح ادا کروں۔ یہ ایک حقیقت تھی آج کل گھر گھر غریب ہو یا متوسط طبقے کے لوگ، بجلی، پانی گیس کے بلوں کو ادا کرتے کرتے بے حال ہو چکے ہیں۔ اچھی خوراک ان کی پہنچ سے دور ہے۔ سبزی، چاول، دالیں، مصالحے، دودھ، دہی سب کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ غریب کا زندگی گزارنا دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ کسی کاروباری سے سوال کریں تو وہ بھی یہی کہتا ہے کہ کاروبار میں منافع برائے نام ہے۔ مارکیٹیں ویران ہو رہی ہیں، سڑکیں خاموش ہوتی جا رہی ہیں۔ پٹرول مہنگا ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کے لئے مسئلہ بن چکا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہے۔ انڈسٹریز بند ہوتی چلی جا رہی ہیں جب بجلی مہنگی ہو گی تو انڈسٹری کیسے چل سکتی ہے۔ انڈسٹری زراعت، تعلیم اور میڈیکل کسی بھی ملک کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتے ہیں۔ ہماری ایکسپورٹ نہ ہونے کے برابر ہے ہم انٹرنیشنل مارکیٹ میں سب سے پیچھے ہیں، جب ایکسپورٹ نہیں ہوگی تو فارن کرنسی ملک میں کیسے آئے گی۔ نئی انڈسٹری اگر نہیں لگ سکتی تو حکومت کو چاہیے کہ پرانی انڈسٹریز ہی کو چلا دے اور ان کو سہولتیں مہیا کر دے تو انڈسٹری کے چلنے سے ایک عام آدمی خوشحال ہو سکتا ہے۔ عوام کو ملازمت کے مواقع میسر آ جائیں گے، بے روزگاری کا خاتمہ ہو جائے گا، ملک خوشحال ہوگا تو حکومت کو ٹیکس بھی زیادہ ملنے لگے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ انڈسٹری کو بجلی، گیس اور پانی سستے داموں فراہم کرے اور ابتداء میں انہیں ٹیکس سے استثنٰی دے تاکہ جو لوگ یہاں کے حالات سے تنگ آ کر اپنا سرمایہ ملک سے باہر لے جا رہے ہیں وہ اپنا سرمایہ اپنے ملک میں ہی لگائیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زراعت کو فروغ دیں، پاکستان کی گندم اور چاول دنیا کے بہترین اناج میں شامل ہے، مگر حکومتی تعاون نہ ہونے کی وجہ سے اب زمیندار اپنی زمینوں کو بیچ رہے ہیں یا پھر ان زمینوں پر سوسائٹیاں بنائی جا رہی ہیں، اگر ہم نے اپنی زراعت پر توجہ نہ دی تو ملک میں سبزی، گندم، چاول نایاب ہوتے چلے جائیں گے یہ نہ ہو کہ ہمیں دوسرے ممالک سے یہ سب چیزیں خریدنا پڑ جائیں اس کے لئے ضروری ہے کہ زراعت کے لئے کسانوں اور زمینداروں کو اچھی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ ٹیوب ویل چلانے کے لئے بھی انہیں چند دن بجلی فلیٹ ریٹ پر دی جائے یعنی کسی ٹیکس کے بغیر دی جائے تاکہ وہ اپنی فصلوں کو بھرپور پانی لگا سکیں۔ حکومت کو چاہیے کہ زمیندار کی فصل بروقت اور اچھے ریٹ پر خریدے تاکہ زمیندار کو فائدہ ہو اور اس کے تمام اخراجات بھی پورے ہوں۔

عوام کو بازار سے اگر سستی گندم ملے گی تو ظاہر ہے لوگوں کو سستی روٹی بھی میسر آئے گی۔ ہمارے زمیندار خوش اور خوشحال ہوں گے تو وہ زیادہ سے زیادہ فصل لگائیں گے اور اگر خدانخواستہ انہیں نقصان ہوگا تو ملک میں گندم، چاول کی فصل نہ لگنے کی صورت میں ہمیں قحط کا منہ بھی دیکھنا پڑ سکتا ہے۔

ملک کے تعلیمی نظام کو بھی درست کرنے کی ضرورت ہے۔ تعلیم کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ تعلیم کو عام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ تعلیمی بجٹ کو بھی بڑھانے اور اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پورے ملک میں ایک ہی سلیبس ہونا چاہیے، تمام غیر ضروری مضامین کو سلیبس سے نکال دینا چاہیے جس کے پڑھنے سے کسی طالب علم کو فائدہ نہیں ہوتا۔ عام طور پر اگر کوئی طالب علم تھرڈ ڈویژن لیتا ہے تو اسے کسی بھی کالج میں داخلے کے قابل نہیں سمجھا جاتا اس سے بہتر یہ نہیں کہ اسے فیل ہی کر دیا جائے اور وہ دوبارہ اسے اچھے نمبروں میں پاس کرے اور کالج میں داخلہ لے۔ ہمارے اساتذہ کو بھی جدید تعلیمی نظام سے روشناس کروانا چاہیے۔ چھوٹے معصوم بچوں کے لئے بھاری بستوں کا بوجھ کم کرنا چاہیے۔ ہمارے بچوں کے ماں باپ کو بھاری فیسیں بھی ادا کرنا پڑتی ہیں اگر ہم دوسرے ملکوں سے موازنہ کریں تو دنیا کے زیادہ تر ملکوں میں بچوں کی پرائمری تعلیم سے لے کر میٹرک تک تعلیم مفت ہے اور وہاں گورنمنٹ اور پرائیویٹ تمام سکولوں کا سلیبس ایک ہی ہے۔ کاش ایسا ہو کہ ہمارے ملک میں بھی بچوں کی تعلیم پرائمری سے انٹرمیڈیٹ تک تعلیم لازمی قرار دے دی جائے۔ ایسا کرنے سے ہمارا ملک وقت کے ساتھ ترقی کی منازل طے کرتا چلا جائے گا۔

پاکستان کی معاشی صورتِ حال بے شک چیلنجز سے بھری ہے مگر یہ ناممکن نہیں، مستقل معاشی پالیسیاں اصلاحات اور عوامی ریلیف کے ذریعے ہم بہتری لا سکتے ہیں۔ پاکستان کا مستقبل صرف قرضوں کے اتارنے اور چڑھانے میں نہیں بلکہ ایک مضبوط پیداواری اور عوام دوست معیشت بنانے میں ہے اگر ہم مسلسل محنت، دیانت اور قومی مفاد کو ترجیح دیں تو آج کے مسائل کل کے روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ حکومت سے امید ہے اور ہم سب اس امید کو زندہ رکھتے ہیں ہماری مثبت سوچ اور مسلسل جدوجہد ہی ہماری سب سے بڑی طاقت بن کر ابھرے گی، انشاء اللہ

☆☆☆☆

بے صبری کے زخم!

تحریر- نسیم شاہد

جب کسی معاشرے میں بے صبری پھیل جائے تو اس کی حالت اُس گاڑی جیسی ہو جاتی ہے جس کے بریک فیل ہو گئے ہوں۔ پھر وہ بے لگام اور بلا رکاوٹ چلتی جاتی ہے تاوقتیکہ کوئی حادثہ اسے روک نہ دے۔ بے صبری کا کیا دھرا ہے کہ ہمارے ہاں آج تک قطار میں لگ کر انتظار کرنا ہمارا بہت بڑا دکھ ہے جہاں کہیں لمبی قطار دیکھیں، سفارشیں ڈھونڈتے ہیں یا راستے نکالتے ہیں کہ کسی طرح لائن کو توڑ کر آگے نکل جائیں۔ ہماری اس بے صبری سے فائدہ اٹھا کر بعض اداروں نے لائن سے بچنے کے دوگنا ریٹ رکھ دیئے ہیں۔ پاسپورٹ جب قطار میں لگ کر بنوانے میں شرم آئے تو ہم ایگزیکٹو سنٹر چلے جاتے ہیں، جہاں دوگنا فیس بھر کر وی آئی پی طریقے سے کام کروا کے واپس آتے ہیں۔ ریلوے پھاٹک پر اپنی سائیڈ اور قطار میں کھڑے ہونے کی بجائے سامنے سے آنے والوں کے راستے میں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر جب ٹریفک پھنستی ہے تو گالیاں ریلوے پولیس یا وارڈنز کو دیتے ہیں۔ یہ ایک وتیرا ہے جو ہماری جان نہیں چھوڑ رہا۔ بے صبری کے مظاہر قدم قدم پر نظر آتے ہیں حتیٰ کہ دہی بھلے کی ریڑھی پر بھی ہماری بے صبری کم نہیں ہوتی اور ہم چاہتے ہیں دہی بھلے والا سب کو چھوڑ کر ہمیں دہی بھلے پہلے دے۔ ایسے میں لڑائی جھگڑے بھی ہو جاتے ہیں۔ اب کوئی اُن سے پوچھے کیا دہی بھلے پہلے یا بعد میں کھانے پر جھگڑا بنتا ہے؟ بنتا ہو یا نہ بنتا ہو ہم نے بنا لینا ہے۔ بعض اوقات بات اتنی بڑھ جاتی ہے کہ بندہ تک مار دیتے ہیں۔ بے صبری کا فائدہ اٹھانے والے بھی بہت ہیں بلکہ ان کا تو کاروبار ہی لوگوں کی بے صبری سے چلتا ہے۔ دفاتر میں معمول کے مطابق بھی کام ہو جاتے ہیں مگر ہم جان بوجھ کر رشوت کیلئے اپنا کندھا پیش کرتے ہیں۔ اسی بے صبری کی وجہ سے کلرک بادشاہ فائل ایک دو دن روک دیتے ہیں، جس پر انہیں منہ مانگی مٹھائی دے کر فائل نکلوالی جاتی ہے۔ اب سوال یہ ہے بے صبری نظام نے ہمارے اندر ڈالی ہے یا خود ہم اس کے ذمہ دار ہیں۔ میرا خیال ہے اس میں بڑا کردار ہماری بے صبری کا ہے۔ میں کل شمس آباد چوک ملتان سے گزر رہا تھا تو میں نے گرین بس دیکھی، جو سٹاپ پر کھڑی تھی اور چھ سات مسافر ہوں گے جنہوں نے بس میں سوار ہونا تھا مگر ایسے گیٹ پر دھکم پیل کر رہے تھے جیسے رہ گئے تو جنت سے محروم ہو جائیں گے۔ بس کے شیشوں سے صاف نظر آ رہا تھا کہ اس میں کافی گنجائش موجود ہے، مگر ہائے بے صبری وہ چین کہاں لینے دیتی ہے جب ہم قطار توڑتے ہیں تو درحقیقت خود بھی ایک کرپشن کرتے ہیں۔ ہمارے اس رویے سے فائدہ اٹھانے والے کرپٹ مافیا کی چاندی ہو جاتی ہے۔ ہمارے دفاتر، کچہریوں، پٹوار خانوں حتیٰ کہ ہسپتالوں میں بھی ایک کردار جس کا نام ٹاؤٹ ہے پایا جاتا ہے۔ ہم میں سے اکثر لوگ اس بات کا فخریہ اعلان کرتے ہیں کہ فلاں جگہ رش بہت تھا، تاہم ٹاؤٹ کو دو ہزار روپے دے کر جلدی کام کرا لیا۔ اس بے صبری نے معاشرے میں وی وی آئی پی کلچر کو پروان چڑھایا جو اختیار والے ہیں وہ سفارش کرا کے کام نکلواتے ہیں، جو پیسے والے ہیں وہ پیسہ پھینک کر تماشا دیکھتے ہیں۔ رہ گیا عام آدمی تو وہ بے چارہ قطار میں لگ کر اپنا تماشا دیکھ رہا ہوتا ہے۔ دفتروں میں بیٹھے بابوان سے بھی یہی چاہتے ہیں وہ پیسہ پھینکیں اور تماشا دیکھیں مگر غریبوں کے پاس دکھ، تکلیفوں اور محرومیوں کا تو بڑا سٹاک موجود ہے، پیسہ نہیں ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے قوم کی حالت جاننی ہو کہ وہ کتنی مہذب ہے تو اس کی ٹریفک کو دیکھ لیں۔ اگر ٹریفک ہموار ہے، قانون قاعدے کے مطابق چل رہی ہے، ہر ڈرائیور اپنی لین اور لائن کا خیال رکھ رہا ہے۔ کہیں ہڑبونگ ہے اور نہ ٹریفک جام تو سمجھو معاشرہ مہذب اور حسن ترتیب کا حامل ہے اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو پھر معاشرے کے پُر انتشار ہونے میں کوئی کلام نہیں۔ ٹریفک کو پُر انتشار بنانے میں بھی ہماری یہ بے صبری ہی سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آپ جس ٹریفک حادثے کو بھی دیکھیں اُس میں بے صبری کا کردار سب سے نمایاں ہوگا۔ اوورٹیک کرنے کا موقع نہیں ہوتا مگر ہم بے صبری کے ہاتھوں مجبور ہو کر ایسا کرتے ہیں اور سامنے سے آنے والی گاڑی سے ٹکرا جاتے ہیں، حد رفتار کے بورڈ لگے دیکھتے ہیں مگر رفتار کم نہیں کرتے، کبھی آپ نے بسوں کے ڈرائیوروں کو خطرناک طریقے سے ریس لگاتے دیکھا ہے۔ بس خبط یہ ہوتا ہے کہ دوسری بس والا مجھ سے آگے نہ نکلے۔ اس خبط میں خطرناک حادثہ ہوتا ہے اور درجنوں جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ ہائی وے اور ٹریفک پولیس والوں نے جگہ جگہ لکھ کر لگا رکھا ہوتا ہے کہ دیر سے پہنچنا نہ پہنچنے سے بہتر ہے۔ یا ڈرائیونگ بے صبری کا کام نہیں، وغیرہ وغیرہ۔ مگر کون سنتا ہے فغانِ درویش، ایسے بورڈ دیکھ کر ہمارے ڈرائیور حضرات ریس مزید بڑھا دیتے ہیں۔

ہم نے تو اپنی سیاست میں بھی بہت بے صبری کا استعمال کیا ہے۔ پانچ برس کیلئے منتخب ہونے والی حکومت کو سال ڈیڑھ سال بعد گھر بھیجنے کی جلدی ہم کئی دہائیوں سے دیکھ رہے ہیں۔ ایک بار نہیں یہ تماشا ہم نے بار بار دیکھا ہے۔ اس بے صبری کا کیا دھرا ہے کہ جمہوریت ہمارے ہاں پانی کا بلبلہ ہو رہی ہے۔ اونچا سانس لینے سے بھی یہ غبارہ یہ بلبلا پھٹتا رہا ہے۔ پھر یہ بھی نہیں کہ ہم پارلیمنٹ کے اندر سے حکومت بدلتے رہے ہوں۔ ہم سڑکوں پر لانگ مارچوں اور دھرنوں کے ذریعے حکومت کو جانے پر مجبور کرتے آئے ہیں اسی بے صبری کا نتیجہ ہے کہ آج ہم ایک سیاسی بحران سے گزر رہے ہیں۔ ہمارے مذاکرات میں بھی بے صبری ہوتی ہے اور مذاکرات کی ناکامی کا اعلان کرنا بھی ہمیں بے صبر رکھتا ہے۔ اتنے عرصے بعد اگر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات شروع ہوئے تھے تو اس میں اتنی جلدی کیا تھی، کئی دن بھی سیشن ہوتے تو ہونے دیتے۔ بات کسی کنارے تو لگاتے، مگر یہاں تو ایسا لگا کہ حکومت چٹ منگنی پٹ بیاہ چاہتی ہے۔ اپنے مطلب کا معاہدہ کرنے کی کوشش کبھی کارآمد ثابت نہیں ہوتی۔ چھوٹے چھوٹے مطالبات جو صرف ضد کے زمرے میں آتے ہیں مان لیتے تو بڑا بریک تھرو ہو جاتا، مگر ایسا نہیں ہوا اور ایک بار پھر سیاسی سطح پر کشیدہ صورت حال بڑھ رہی ہے۔ اس موقع پر طاقت کا آپشن استعمال کرنا حالات کو بگاڑ سکتا ہے۔ سیاسی دانشمندی ہی واحد راستہ ہے جو منجدھار سے نکالے گا تاہم اس کیلئے صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا جو اس وقت مفقود نظر آ رہا ہے۔ بے صبری کو اگر ہم اپنے معاشرے اور سیاست سے نکال دیں تو ایک مثالی جمہوری ملک بن سکتے ہیں۔

"انہیں ان کی جگہ پہ رکھتے ہیں"

تحریر۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی

وہ دنگ رہ گیا۔ حیران رہ گیا۔ پریشان رہ گیا۔ خاتون انسانوں کی بات کر رہی تھی۔ ملازموں کی بات کر رہی تھی۔ بار بار کہہ رہی تھی، "انہیں ان کی جگہ پر رکھتے ہیں۔ اتنا پروٹوکول دینے کی کوئی ضرورت نہیں" بات پروٹوکول کی نہیں تھی۔ انسانیت کی تھی۔ خاتون ریٹائرڈ آفیسر تھی۔ دوسرے صوبے کے ایک شہر میں رہائش پذیر تھیں۔ ان کی ملازمہ کو مخاطب کے علاقے کے اک گاؤں میں کوئی ذاتی کام تھا۔ مخاطب نے ملازمہ کو اپنی گاڑی پر بمعہ ملازم جملہ خدمات مہیا کرنے کی پیشکش کی۔ خاتون غصہ کر گئیں، بتلایا: "تمہیں ملازمت کرنا نہ آئی" شرمندہ لہجے میں بتایا گیا: "میں تو آپ کی وجہ سے کہہ رہا تھا"۔ خاتون نے مخاطب کو مخاطب کی زندگی کی تاریخ کا طویل ترین اور ثقیل ترین لیکچر دیا۔ مخاطب نے آئندہ کے لیے توبہ کی۔ توبہ لیکچر سننے سے کی۔ خاتون تمام عمر سسرال کے رویے سے شاکی رہی تھیں۔ خاتون کو گلہ تھا، سسرال والے انہیں کچھ نہیں سمجھتے۔ ان کے خاندان کو کچھ نہیں سمجھتے۔ عمر گزر گئی تھی تو خاتون خود کسی کو کچھ نہیں سمجھتی تھی۔ خاتون کی کہانی ہر کسی کی کہانی تھی۔ ساس بہو کو کچھ نہیں سمجھتی تھی۔ وقت آنے پر بہو ساس کو کچھ نہیں سمجھتی تھی۔ ملازم غیر ملازم لوگ اس نصاب پر متفق تھے۔ ہر کوئی ایک دوسرے کی تذلیل کر کے خوش ہوتا تھا۔ چھوٹے سکیل والا بڑے سکیل والوں سے تنگ تھا تو بڑے سکیل والا بھی کسی نہ کسی سے شاکی ضرور تھا۔ چھوٹی مچھلی کو بڑی مچھلی ستا رہی تھی۔ حسب ذائقہ کھا رہی تھی۔ گنگنا رہی تھی: "چار دناں دی دنیا اے۔ کچھ کھا لے پی لے موج اڑا۔" "موج اڑانے والے موج اڑائے جا رہے تھے۔ اہل عقل شرمائے جا رہے تھے۔ رانجھے اور ہیریں، برگر کھا کے لکھ رہے تھے عجب تحریریں۔ ہوٹل آباد ہو رہے تھے، گھر برباد۔ ہر شخص میں کچھ نہ کچھ فرعونیت کا عنصر موجود تھا۔ درجہ بدرجہ فرعون گنتی میں نہیں آتے تھے۔ جن لوگوں کے حالات بدل جاتے تھے۔ ان کے خیالات بھی بدل جاتے تھے۔ زندگی مظلوم سے ظالم بننے تک کا سفر بن کے رہ گئی تھی۔ ہر مظلوم کو ظالم بننے کا شوق تھا۔ یہ عالم شوق کا دیکھا نہ جائے۔ چند روز قبل ایک شخص نے رعونت سے کہا تھا:

"چھوٹے لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں" وہ لوگوں کو کس پیمانے سے ناپ رہا تھا؟ کچھ معلوم نہ تھا؟ اتنا معلوم تھا کچھ عرصہ پہلے تک، وہ خود بھی چھوٹا تھا۔ دولت نئی نئی ملی تھی۔ شہرت نئی نئی ملی تھی۔ طاقت نئی نئی ملی تھی۔ جنہیں صدیوں سے دولت ملی ہوئی تھی، وہ بھی عجب خمار میں تھے۔ انہیں اپنے سوا ہر شخص غیر خاندانی لگتا تھا وہ نو دولتیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ نو دولتیوں کی نظر میں ان کا مقام پہلے جیسا نہ تھا۔ وقت کا ہیر پھیر چل رہا تھا۔ پہیہ گھوم رہا تھا۔ ہر کوئی جھوم رہا تھا۔ گول گول گھوم، گول گول جھوم، دائروں کا سفر ختم ہونے میں نہ آتا تھا۔ لوگ ہر کسی کے عیب پر نظر رکھے ہوئے تھے۔ آؤٹ سورسنگ کا زمانہ تھا۔ آخرت آؤٹ سورس کر دی گئی تھی۔ لوگ مذہب کے بارے میں متفکر نہ تھے۔ مذہبی لوگوں کے رویوں کے بارے میں متفکر تھے۔ طرح طرح کی گفتگو کرتے تھے۔ ہر کوئی کسی نہ کسی وجہ سے احساس برتری کا شکار تھا۔ ہر کوئی کسی نہ کسی وجہ سے احساس کمتری کا شکار تھا۔ شفا خانے کم تھے۔ باقی ہر طرح کے خانے بڑھتے جا رہے تھے۔ لوگ خانوں میں بٹ رہے تھے۔ ایک دوسرے سے کٹ رہے تھے۔ روایت سے ہٹ رہے تھے۔ عجب خیالات پہ ڈٹ رہے تھے۔ وسائل ہی وسائل تھے، مسائل ہی مسائل تھے۔ سائل ہی سائل تھے۔ ساحل نظر نہ آتا تھا۔ کنارہ نظر نہ آتا تھا۔ لوگ ایک دوسرے سے کنارہ کر رہے تھے۔ کنارہ کشی کر رہے تھے۔ آئے روز لوگ بچوں کے ہمراہ خودکشی کر رہے تھے۔ علاج میسر تھا علاج میسر ہے۔ علاج ازل سے میسر ہے۔ دوا کا نام الفرقان ہے۔ المیزان ہے۔ القرآن ہے۔ انسان کو رب کریم کی رحمت سے مایوس کرنے کے لیے شیطان ہمہ وقت تگ و دو کرتا رہتا ہے۔ القرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا گیا ہے۔ سوچنا سمجھنا شرط ہے۔ احساس کرنا شرط ہے۔ اپنا احساس کیجیے۔ دوسروں کا احساس کیجیے۔ فرما دیا گیا ہے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ جدید دور میں تدبر قرآن کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ فرما دیا گیا ہے، تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو خود نہیں کرتے۔ اسلام کے دور اولین سے اسلام کا سب سے بڑا مسئلہ منافق رہے ہیں۔ منافقت بڑھتی جا رہی ہے۔ دین سے دوری بڑھتی جا رہی ہے۔ دجال کون ہے؟ مختلف نظریات ہیں۔ وبال کیا ہے؟ ہر شخص جانتا ہے۔ خالق کائنات کی نافرمانی نرا وبال ہے۔ چار دن کی زندگی میں خالق کائنات کی منشا سے انجان رہنا وبال ہے۔ خالق کائنات کا نافرمان ہونا وبال ہے۔ خالق کائنات کا شکر گزار نہ ہونا وبال ہے۔ رہنمائی

(باقی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 37)

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں نواں کلی ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونیوالے پائلٹس کیلئے دعامغفرت کی جارہی ہے

جعفر آباد میں گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول گوٹھ مبارک مینگل کے اضافی کلاس روم کا افتتاح

اضافی کلاس روم سے تدریسی سرگرمیوں کیلئے مزید جگہ میسر آئے گی، ضلعی انتظامیہ جعفر آباد

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفر آباد حضور بخش بگٹی نے محکمہ تعلیم کے اضافی کلاس رومز کے منصوبے کے تحت تعمیر کیے گئے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول گوٹھ مبارک مینگل میں اضافی کلاس روم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفر آباد حضور بخش بگٹی نے کہا کہ تعلیمی سہولیات کی بہتری اور طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اضافی کلاس روم کی تعمیر سے سکول میں تدریسی سرگرمیوں کے لیے مزید جگہ دستیاب ہوگی، جس سے طلبہ کو بہتر ماحول میں تعلیم حاصل کرنے اور اساتذہ کو تدریسی امور انجام دینے میں سہولت میسر آئے گی۔ ضلعی انتظامیہ جعفر آباد کی جانب سے تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، تاکہ علاقے کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

ڈیرہ مراد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر اور مختلف مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈیرہ مراد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، اغواء، ڈکیتی اور پولیس پر فائرنگ کے مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس اور مددگار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی، اغواء اور پولیس پر فائرنگ سمیت دھوکہ دہی مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان کو گرفتار کر کے تحقیقات شروع کر دی۔

کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، سنیئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نجی تعلیمی ادارے بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کر رہے ہیں

نجی تعلیمی اداروں کی فیسوں سے متعلق ڈپٹی کمشنر ویسٹ کوئٹہ کے بیان پر شدید تحفظات

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس کے صدر ملک عبدالرشید کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر ویسٹ کوئٹہ کی جانب سے نجی تعلیمی اداروں کی فیسوں کے حوالے سے دیے گئے بیان پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی سرکاری عہدیدار کو چاہیے کہ وہ عوامی سطح پر بیان دینے سے قبل متعلقہ قانون، قواعد وضوابط اور زمینی حقائق کا مکمل جائزہ لے۔ اگر نجی اسکولوں کی جانب سے فیسوں کی وصولی کسی قانون یا حکومتی ضابطے کی خلاف ورزی ہے تو متعلقہ حکام واضح قانونی شق کی نشاندہی کرتے ہوئے قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ لیکن اگر ایسی کوئی واضح قانونی پابندی موجود نہیں تو نجی تعلیمی اداروں کے خلاف عمومی اور غیر محتاط بیانات دینے سے گریز کیا جائے۔ نجی تعلیمی ادارے بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہمارے موقف کے مطابق، صوبے میں لاکھوں بچے پہلے ہی اسکولوں سے باہر ہیں، جبکہ 9 لاکھ سے زائد طلبہ نجی تعلیمی اداروں میں زیرِ تعلیم ہیں۔ ایسے حالات میں تعلیمی شعبے سے متعلق غیر محتاط بیانات والدین، اسکول انتظامیہ اور تعلیمی اداروں کے درمیان غیر ضروری تشویش پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ تعلیمی اداروں کے اخراجات صرف 10 ماہ تک محدود نہیں ہوتے۔ اسکول مالکان کو سال کے بارہ مہینوں کے کرائے، یوٹیلیٹی بلز، اساتذہ اور دیگر ملازمین کی تنخواہوں سمیت مستقل اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ تعلیمی کیلنڈر میں تعطیلات ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ اداروں کے اخراجات بھی بند ہو جاتے ہیں۔ اگر حکومت سمجھتی ہے کہ نجی اسکولوں کی فیسوں کا تعین کسی مخصوص طریقہ کار کے تحت ہونا چاہیے تو اس مقصد کے لیے واضح پالیسی، شفاف قواعد اور باقاعدہ قانون سازی کی جائے۔ اس عمل میں نجی اسکولوں کی نمائندہ تنظیموں، والدین اور متعلقہ ماہرین کو بھی اعتماد میں لیا جائے، تاکہ ایسا قابلِ عمل نظام تشکیل دیا جا سکے جو والدین کے مفادات اور تعلیمی اداروں کے جائز اخراجات، دونوں کا تحفظ کرے۔ ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ نجی تعلیمی ادارے قانون سے بالاتر نہیں، لیکن ان کے خلاف کسی بھی الزام یا اعتراض کی بنیاد بھی متعلقہ قانون اور مستند حقائق ہونے چاہئیں۔ اگر کسی ادارے نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے؛ تاہم تمام نجی اداروں کو ایک ہی نظر سے دیکھنا اور ان کے مالی معاملات پر عمومی حکم لگانا مناسب طرزِ عمل نہیں۔

پی ایس سی نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن نے گندم کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت فروخت کا اعلان کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ پنجاب کے لیے گندم کے تصدیق شدہ بیج کے 50 کلوگرام تھیلے کی قیمت 7 ہزار روپے جبکہ دیگر صوبوں کے لیے 8 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق پیشگی بکنگ پر فی تھیلا 130 روپے رعایت دی جائے گی۔ مذکورہ نرخ امسال سیزن کے لیے نافذ العمل ہوں گے۔ مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن ڈاکٹر فرحان فاروق نے کہا کہ کسانوں کو چاہیے کہ وہ بہتر پیداوار کے حصول کے لیے معیاری اور تصدیق شدہ بیج کے استعمال کو ترجیح دیں۔ تصدیق شدہ بیج نہ صرف فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کا ذریعہ ہے بلکہ غذائی تحفظ کے لیے بھی بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ گندم پاکستان کی فوڈ سکیورٹی اور معاشی استحکام کی ضامن ہے اس لیے اس کی پیداوار میں اضافے کے لیے جدید زرعی طریقوں اور معیاری بیج کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی، غذائی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی اور درآمدات پر انحصار کم کرنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ گندم کی بہتر پیداوار کسانوں کی آمدن میں اضافے، دیہی معیشت کے استحکام اور زرعی شعبے سے وابستہ افراد کے معاشی حالات بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن معیاری بیج کی فراہمی کے ذریعے کسانوں کی معاونت اور ملکی غذائی ضروریات کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

انکم ٹیکس گوشواروں کی قانونی طور پر آخری تاریخ 30 نومبر مقرر کی جائے، لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی قانونی طور پر آخری تاریخ 30 نومبر 2026 مقرر کی جائے، عوام قومی فریضہ سمجھ کر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائیں اور اپنی آمدن و مالی معاملات کی درست معلومات فراہم کریں۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری چوہدری فاروق گجر، نائب صدر میاں عثمان جاوید، جوائنٹ سیکرٹری علی رضا چیمہ اور فنانس سیکرٹری سعد ایوب خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عوام کو ایف بی آر کے جدید انٹیلی جنس ٹولز سے گھبرانے کی ضرورت نہیں، اپیل ہے کہ عوام اپنی درست معلومات فراہم کریں۔ لاہور ٹیکس بار کے عہدیداران نے کہا کہ ایس آر او 1495(I)/2026 اور انکم ٹیکس رولز کے متعلقہ قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکس دہندگان کو 90 روز کی مہلت ملنی چاہیے۔ ریٹرن فارم یکم جولائی 2026 تک قانونی اور تکنیکی نقائص سے پاک حالت میں ایف بی آر پورٹل پر دستیاب ہونا چاہیے تھا جبکہ فارم کو حتمی شکل دینے میں تاخیر ہوئی جس سے ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے ایف بی آر سے مطالبہ کیا کہ گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں قانونی طور پر 30 نومبر 2026 تک توسیع کی جائے۔

سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کا ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے انتقال پر اظہارِ افسوس

بلوچستان کے حقوق کے لیے ان کی جدوجہد ناقابلِ فراموش ہے، نواب ثناء اللہ خان زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے قوم پرست رہنما ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کے حقوق کے لیے ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کی طویل جدوجہد ناقابل فراموش ہے۔ وہ آخری دم تک اپنے مؤقف اور اصولی سیاست پر ڈٹے رہے اور صوبے کے حقوق و خوشحالی کے لیے مضبوط آواز بلند کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے ساتھ ان کے قریبی تعلقات تھے اور ہم نے ایک ہی سیاسی پلیٹ فارم پر جدوجہد کی۔ ان کے انتقال سے بلوچستان کی سیاست میں پیدا ہونے والا خلا کبھی پُر نہیں ہو سکے گا سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

برائلر گوشت کی قیمت میں اضافے کا رجحان

لاہور (این این آئی) برائلر گوشت کی قیمت میں اضافے کا رجحان جاری ہے۔ شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 15 روپے اضافے سے 548 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 378 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

بارکھان، رکھنی روڈ پیکیج C-1 پر تعمیراتی کام تیز

بارکھان (خ ن) بارکھان، رکھنی روڈ پیکیج C-1 پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری، بھاری مشینری کے ذریعے اسفالٹ کنکریٹ بچھانے کا عمل جاری ہے۔ کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی ہدایات کی روشنی میں بارکھان، رکھنی روڈ پیکیج C-1 پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ منصوبے کے تحت سڑک پر اسفالٹ کنکریٹ (BC/AC) بچھانے کا کام بھاری مشینری کے ذریعے زور و شور سے جاری ہے، جبکہ متعلقہ عملہ منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے متحرک ہے۔ واضح رہے کہ کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے پی ڈی رکھنی تا بارکھان روڈ محمد ظفر کھوسہ، ایڈیشنل کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ سڑک کے تعمیراتی کام کا معائنہ کیا تھا۔



سابق وزیر اعلیٰ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کا چھٹی کے روز بھی ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

ٹراما سینٹر، تعلیمی اداروں، واپڈا کالونی کی حفاظتی دیوار پر کام تیز کرنے کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کا چھٹی کے روز عوامی فلاح و بہبود کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ تعمیراتی کاموں اور معیار کا جائزہ لیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے آج چھٹی کے روز بھی ایس ڈی او بلڈنگ عابد علی پہنور، اور ایس ڈی او روڈز ذوالفقار علی لہڑی کے ہمراہ سرکاری امور کی انجام دہی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے واپڈا کالونی میں زیر تعمیر باؤنڈری وال (چار دیواری) اور حفاظتی دیوار ٹراما سینٹر کی بحالی و مرمت گورنمنٹ بوائز اسپیشل اسکول کی مرمت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شہید سہیل اسلم کی مرمتی سرگرمیوں اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ہب (آئی ٹی ہب) کے قیام سے متعلق جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی اور مرمتی کاموں کی پیش رفت کا معائنہ کیا اور منصوبوں کے معیار تعمیراتی مراحل اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ترقیاتی منصوبے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں لہٰذا ان منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ واپڈا کالونی میں باؤنڈری وال اور حفاظتی دیوار کی تعمیر کے حوالے سے انہوں نے ان منصوبوں کی اہمیت پر زور دیا جبکہ ٹراما سینٹر کی بحالی و مرمت کو صحت کی سہولیات میں بہتری کے لیے اہم قرار دیا۔ اسی طرح تعلیمی اداروں بالخصوص گورنمنٹ بوائز اسپیشل اسکول اور گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شہید سہیل اسلم کی مرمت کو طلبہ کے لیے بہتر محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت قرار دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے آئی ٹی ہب کے قیام سے متعلق کاموں کا بھی جائزہ لیا اور اس منصوبے کو جدید ٹیکنالوجی ڈیجیٹل سہولیات اور نوجوانوں کے لیے معلوماتی و تکنیکی مواقع کی فراہمی کے حوالے سے اہم قرار دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام اور ذمہ داران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد عوام تک پہنچ سکیں۔

پروفیسر مصطفیٰ وردگ کے ساتھ بدتمیزی گالم گلوچ کی قابلِ مذمت ہے، پی ایم اے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان نے بولان میڈیکل کمپلیکس (بی ایم سی) ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ نیورو سرجری کے سربراہ پروفیسر مصطفیٰ وردگ کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بیان میں کہا گیا ہے کہ ہسپتال انتظامیہ کے ڈاکٹر نسیم کلکیزی کی سربراہی میں چند افراد نے پروفیسر مصطفیٰ وردگ کے ساتھ بدتمیزی کی، لوگوں کے سامنے ان کی تذلیل کی اور گالم گلوچ کی جو انتہائی شرمناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ڈاکٹر نسیم کلکیزی محض اپنی ذاتی انا کی تسکین کے لیے ایک عرصے سے مختلف افراد کے ذریعے پروفیسر مصطفیٰ وردگ کو مسلسل ہراساں اور پریشان کرتے آ رہے ہیں اور آج کا واقعہ اسی منظم رویے کا تسلسل ہے پروفیسر مصطفیٰ وردگ ایک سینئر، قابل اور قابل احترام معالج ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی دکھی انسانیت، صوبے کے عوام اور طبی شعبے کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی ہے۔

سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کا ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے انتقال پر اظہارِ افسوس

بلوچستان کے حقوق کے لیے ان کی جدوجہد ناقابلِ فراموش ہے، نواب ثناء اللہ خان زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے قوم پرست رہنما ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کے حقوق کے لیے ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کی طویل جدوجہد ناقابل فراموش ہے۔ وہ آخری دم تک اپنے مؤقف اور اصولی سیاست پر ڈٹے رہے اور صوبے کے حقوق و خوشحالی کے لیے مضبوط آواز بلند کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کے ساتھ ان کے قریبی تعلقات تھے اور ہم نے ایک ہی سیاسی پلیٹ فارم پر جدوجہد کی۔ ان کے انتقال سے بلوچستان کی سیاست میں پیدا ہونے والا خلا کبھی پُر نہیں ہو سکے گا سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

سرکاری منصب عوام کی خدمت کے لیے ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے شہریوں کے لیے خوف و ہراس کا ماحول پیدا کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ انتظامی افسران عوامی مسائل حل کرنے میں اپنی ناکامی چھپانے کے لیے سیاسی رہنماؤں، تاجر نمائندوں اور معزز شہریوں کو دھمکانے اور ہراساں کرنے سے باز رہیں۔ سرکاری منصب عوام کی خدمت کے لیے ہے ذاتی رعب و دبدبہ جمانے شہریوں کی تذلیل کرنے اور سرکاری غنڈہ گردی کے لیے نہیں۔ انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے شہریوں کے لیے خوف و ہراس کا ماحول پیدا کر رہی ہے جو کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ جمعیت علماء اسلام دھونس دھمکیوں اور گیدڑ بھبکیوں سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں انتظامی افسران اپنا قبلہ درست کریں اور اختیارات کے ناجائز استعمال سے گریز کریں بصورت دیگر جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے سخت احتجاجی لائحۂ عمل اختیار کرے گی۔ کسی سرکاری افسر کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ اپنے منصب کو عوام اور ان کے نمائندوں کے خلاف استعمال کرے۔ دریں اثناء ضلعی رہنماؤں نے ایک اور پریس ریلیز میں کہا کہ ضلعی مجلسِ عمومی کے اجلاس میں اراکین کی بھرپور شرکت اور جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام عظیم الشان امن ریلی کی کامیابی جماعتی اتحاد کارکنوں کے جذبے اور قیادت کے فیصلوں پر بھرپور اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے اجلاس اور امن ریلی کی کامیابی پر تمام اراکینِ مجلس عاملہ، مجلسِ عمومی، جماعتی ذمہ داران اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جماعتی نظم وضبط کی پابندی باہمی اتحاد اور قیادت کے فیصلوں پر عمل درآمد ہی کامیاب سیاسی جدوجہد کی بنیاد ہے۔ کارکن اسی جذبے کے ساتھ جماعتی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں۔

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سے ٹریفک پولیس ایجوکیشن یونٹ وفد کی ملاقات

روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین، ذمہ دارانہ ڈرائیونگ سے متعلق عوامی آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، ندیم شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے سٹی ٹریفک پولیس کے ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات میں روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین کی پاسداری، ذمہ دارانہ ڈرائیونگ اور عوام میں ٹریفک شعور اُجاگر کرنے کے حوالے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں ایجوکیشن پروگرام انچارج فہمیدہ ذیشان، ایجوکیشن آفیسر فیصل محمود اور ایجوکیشن آفیسر محسن عباس شامل تھے۔ ملاقات کے دوران ٹریفک قوانین کی اہمیت، محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں اور شہریوں کو ٹریفک نظم و ضبط کا پابند بنانے کیلئے مؤثر آگاہی پروگرامز کی ضرورت پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ روڈ سیفٹی کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنا اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کی اہمیت اُجاگر کرنا حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے نہایت ضروری ہے۔ تعلیمی اداروں، عوامی مقامات اور مختلف طبقات زندگی میں ٹریفک آگاہی کے فروغ کو بھی محفوظ معاشرے کی تشکیل کیلئے اہم قرار دیا گیا۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق عوامی آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، ٹریفک قوانین پر عمل درآمد نہ صرف حادثات کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوتا ہے بلکہ قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ اور معاشرے میں نظم و ضبط کے فروغ کا بھی اہم ذریعہ ہے، محفوظ ٹریفک نظام کے قیام کیلئے عوام میں ذمہ دارانہ ڈرائیونگ، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال، لین ڈسپلن اور ٹریفک اشاروں کی پابندی کا شعور اُجاگر کرنا ناگزیر ہے، اس سلسلے میں سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کی آگاہی سرگرمیاں اہمیت کی حامل ہیں۔

کوئٹہ، فاطمہ جناح فیملی پارک میں سی ای او فیصل بلوچ کی جانب سے لگائے گئے کوئٹہ میلے میں خواتین کپڑوں، پھولوں اور کھانے پینے کے اسٹالز سے خریداری کر رہی ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ 1

ایرانی وزارت خارجہ نے یمنی تنازع کے مذاکرات کے ذریعے حل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یمن تنازع کو روڈ میپ پر عمل درآمد کے ذریعے بہت پہلے ہی حل ہو جانا چاہیے تھا۔

بقیہ 2

جانوں، تعلیمی اداروں اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کی فوری ضرورت کو اجاگر کیا۔ اسکول نہ جانے والے بچوں کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے ایک بین الاقوامی لائحہ عمل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ سائنسی علم تک منصفانہ رسائی، بین الاقوامی سائنسی تعاون اور تکنیکی عدم مساوات کو کم کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا جبکہ نسل پرستی، خواتین سے نفرت، اسلاموفوبیا، غلط معلومات اور نفرت انگیز بیانیے کے خلاف اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا اور ساتھ ہی مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے ذمہ دارانہ اور اخلاقی انتظام کی حوصلہ افزائی کی گئی اور عالمی سطح پر یونیسکو کی افادیت اور اثر کو بڑھانے کے لیے اس کے ادارہ جاتی اصلاحات کی حمایت کا اظہار کیا۔

بقیہ 3

مناسب طریقے سے حل کرنے پر آمادہ ہیں، جس سے تنازعات سے مؤثر طریقے سے نمٹا جاسکتا ہے۔ موجودہ اجلاس میں طے پانے والے نتائج کی اہمیت کیا ہے؟ چینی وزارت تجارت کی اکیڈمی آف انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ اکنامک کوآپریشن کے انسٹی ٹیوٹ آف یورپین اسٹڈیز کے ایسوی ایٹ ریسرچر ژیا چھوان شن کا ماننا ہے کہ سب سے بڑی بات یہ تھی کہ فریقین نے آٹوموبائل کے مسئلے کو مذاکرات جاری رکھنے کی راہ میں شامل کیا، جسے بیرونی دنیا کی جانب سے بہت زیادہ توجہ حاصل ہے۔ مزید یہ کہ برآمدی کنٹرول اور حقوق املاک دانش پر بھی پیش رفت ہوئی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ چین-یورپی یونین تجارت اور سرمایہ کاری کا مشاورتی میکانزم فریم ورک کے مرحلے سے نتائج کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ یورپ میں موجودہ معاشی مشکلات بنیادی طور پر اپنے اندرونی مسائل کی وجہ سے ہیں، نہ کہ نام نہاد چین کی ترقی کے اثرات کے بیانیے کی وجہ سے۔ کچھ یورپی سیاست دانوں نے حد سے زیادہ پیداوار کے نام نہاد بیانیے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا، جس کی بنیاد سامان کے تجارتی خسارے کے واحد اشارے پر مبنی ہے جب کہ یورپ کے سروس ٹریڈ سرپلس کی حقیقت کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق 2025 میں چین کے ساتھ یورپی یونین کا سروس ٹریڈ سرپلس 48.3 بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ حقائق نے ثابت کیا ہے کہ چین یورپ کے مسائل کی وجہ نہیں ہے، بلکہ ان مسائل کو حل کرنے میں شراکت دار ہے۔ چین-یورپی یونین تجارتی و سرمایہ کاری مشاورتی میکانزم کے دوسرے باقاعدہ اجلاس کا کامیاب انعقاد ایک نئے نقطہ آغاز کی نشاندہی کرتا ہے۔ توقع ہے کہ یورپی یونین چین کے ساتھ مل کر موجودہ اجلاس میں طے پانے والے نتائج اور اتفاق رائے پر عمل درآمد کو آگے بڑھائیگا اور چائنا اپرچونیٹیز 2.0 کا اشتراک کریگا تاکہ چین-یورپی یونین تعاون کے فوائد دونوں فریقوں اور دنیا کو پہنچیں۔

بقیہ 4

مقررہ معیارات پر پورا اترنے اور موثر اقدامات کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے۔ طالبان رجیم اسمگلنگ کی روک تھام میں ناکام، متاثرین کے تحفظ اور ملزمان کیخلاف کارروائیوں کا ریکارڈ پیش نہ کرسکی، اقوام متحدہ کے اداروں کے مطابق افغانستان میں خواتین، بچوں اور مقروض خاندانوں کو جبری مشقت کے سنگین خطرات کا سامنا ہے۔

بقیہ 5

سے خبردار کرتے ہوئے پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ سال اے آئی کی مدد سے کیے جانے والے سائبر حملوں میں اضافہ ہوگا۔ اماراتی میڈیا کے مطابق بل گیٹس نے کہا کہ اگرچہ مصنوعی ذہانت کے قابو سے باہر ہونے کا خطرہ طویل مدت میں تشویش کا باعث ہے، تاہم فوری طور پر زیادہ خطرہ ان عناصر سے ہے جو مناسب حفاظتی اقدامات کے بغیر موجودہ اے آئی نظاموں کا غلط استعمال کر رہے ہیں، بل گیٹس نے کہا کہ آئندہ سال مصنوعی ذہانت سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا شعبہ سائبر حملے ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سب سے بڑا خطرہ بدنیتی پر مبنی افراد کی جانب سے جدید اے آئی ماڈلز کے غلط استعمال میں ہے، خاص طور پر جب ان میں موجود حفاظتی کنٹرولز اور اقدامات ختم کر دیے جائیں۔ بل گیٹس نے خبردار کیا کہ جدید ترین اے آئی ماڈلز تک غیر محدود رسائی کے نتیجے میں آئندہ سال خصوصاً سائبر سکیورٹی کے شعبے میں متعدد منفی اور غیر متوقع صورتحال سامنے آسکتی ہے۔

بقیہ 6

ڈالا۔ ٹرمپ نے خطاب میں ایرانی قیادت پر چوٹ بھی کی۔ مجمع کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات شاندار ہے کہ وہ کوئی احمقانہ بات بھی کرتے ہیں تو آپ لوگ تالیاں بجاتے ہیں۔

بقیہ 7

پیر کو وزارت خارجہ کی معمول کی پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ چین اس حملے کی مذمت کرتا ہے جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر جانی نقصان ہوا اور تنازع میں شدت آنے پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ چینی ترجمان نے متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ ایسے اقدامات سے گریز کریں جن سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ فریقین اپنے اختلافات اور تنازعات کو بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے حل کریں اور خطے میں جلد امن واستحکام قائم ہو۔

بقیہ 8

کو بھی اسی طرح کے نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امن کے دنوں میں دنیا کی تقریباً پانچویں حصے کی تیل اور گیس کی رسد آبنائے ہرمز سے گزرتی ہے۔ کو ایرانی فوج کے ایک سینئر عہدیدار نے سرکاری ٹیلی ویژن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے آغاز کے 7 ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ایرانی افواج دفاعی اور جارحانہ کارروائیوں کے لیے تیار ہیں۔ ایرانی فوج کے چیف آف اسٹاف اور مشترکہ رابطہ کار حبیب اللہ سیاری نے کہا ہے کہ ایران دشمن کے بحری جہازوں کو نشانہ بنا چکا ہے اور ایران کے خلاف مزید کوئی کارروائی ہوئی تو دوبارہ حملے کیے جائیں گے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز اور خلیج عمان میں بحری جہازوں کے خلاف فوجی کارروائیوں اور انتباہات کے متعدد واقعات پیش آئے۔ ادارے نے بتایا ہے کہ متحدہ عرب امارات کی ریاست راس الخیمہ کے قریب موجود بحری جہازوں کے کپتانوں کو رات کے وقت ریڈیو پیغامات کے ذریعے لنگر انداز مقامات چھوڑنے کی ہدایت کی گئی۔ کی سہ پہر ادارے نے اطلاع دی کہ آبنائے ہرمز سے باہر نکلنے والے ایک آئل ٹینکر کو نامعلوم پرتابے نے نشانہ بنایا۔ دوسری جانب متحدہ عرب امارات نے بتایا ہے کہ اس کے ساحل کے قریب ایک نامعلوم آئل ٹینکر میں آگ لگنے کے بعد کوسٹ گارڈ نے عملے کے 22 ارکان کو بچالیا، تاہم آگ لگنے کی وجہ نہیں بتائی گئی۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے کی صبح ایک ویڈیو جاری کی، جس میں خلیج عمان میں پاناما کے پرچم بردار تجارتی جہاز کے پچھلے حصے پر لڑاکا طیارے سے بمباری کرتے ہوئے دکھایا گیا۔ امریکی حکام کے مطابق اس کارروائی کا مقصد ایران کی جنوبی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی پر عمل درآمد کرتے ہوئے جہاز کی حرکت کرنے کی صلاحیت ختم کرنا تھا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق جولائی کے وسط میں ناکہ بندی دوبارہ نافذ کیے جانے کے بعد امریکی فورسز 4 تجارتی جہازوں کو ناکارہ بنا چکی ہیں، 135 جہازوں کو واپس بھیج چکی ہیں اور ایران سے منسلک 10 آئل ٹینکرز تباہ کرچکی ہیں، واشنگٹن کا دعویٰ ہے کہ ناکہ بندی کے بعد ایران اس کی حدود سے تیل برآمد نہیں کر سکا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب 5 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران کم از کم 12 بحری جہاز حملوں کا نشانہ بنے، جو جنگ شروع ہونے کے بعد کسی ایک ہفتے میں حملوں کی سب سے زیادہ تعداد تھی، قطر کے شمالی ساحل کے قریب بھی ایک جہاز کو نشانہ بنایا گیا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خطرات آبنائے ہرمز کے فوری اطراف تک محدود نہیں رہے۔ بحری جہازوں پر حملوں کے باعث تیل کی ترسیل میں بھی کمی آئی ہے، امریکی نشریاتی ادارے کی جانب سے جمع کو پیش کردہ کیپلر کے اعداد و شمار کے مطابق 7 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں آبنائے ہرمز سے روزانہ اوسطاً 85 لاکھ بیرل خام تیل گزرا، جو معمول کی سطح سے تقریباً 40 فیصد کم ہے۔ جنگ ختم کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے ایران نے جون میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے، جواب غیر مؤثر ہو چکی ہے۔ ایران نے واشنگٹن سے ایران اور عمان کے درمیان پہلے سے طے شدہ معاہدے کی حمایت بھی طلب کی ہے، جس کے تحت آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کے لیے عارضی طور پر آمدورفت کے مربوط راستے مقرر کیے گئے ہیں۔ ثالثوں کے ذریعے ایران اور امریکا کے درمیان پیغامات کا تبادلہ جاری ہے، تاہم 3 نومبر کو امریکا میں وسط مدتی انتخابات اور 27 اکتوبر کو اسرائیل میں انتخابات سے قبل آئندہ چند ہفتوں میں کسی بڑی پیش رفت کی توقع نہیں کی جارہی۔

بقیہ 9

قریب موجود زائرین دستیاب اوقات کے مطابق ریاض الجنہ کی زیارت کے لیے اجازت نامہ حاصل کرنے کی غرض سے فوری بکنگ کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ان سہولیات کے ذریعے ریاض الجنہ میں زائرین کے داخلے کو منظم کرنے اور زیارت کے اوقات کا انتظام کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ریاض الجنہ مسجد نبوی ﷺ میں حجرہ مبارک اور منبر رسول ﷺ کے درمیان واقع ہے۔ حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ ریاض الجنہ کا رقبہ تقریباً 330 مربع میٹر ہے، جس کی لمبائی لگ بھگ 22 میٹر اور چوڑائی 15 میٹر ہے۔

بقیہ 10

نے وارننگ نظر انداز کرتے ہوئے ایران کے خلاف جاری بحری ناکہ بندی کو توڑنے کی کوشش کی تھی۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق بحری جہاز کو لڑاکا طیارے نے اسے نشانہ بنایا۔ کارگو جہاز ایرانی بندرگاہ سے روانہ ہوا تھا۔

بقیہ 11

نتیجے میں ہونے والے جانی نقصان کے بعد مالیاتی منڈیوں میں سرمایہ کاروں کے محتاط رویے کی عکاسی ہوئی ہے۔ خطے میں سکیورٹی کی صورتحال اور ممکنہ معاشی اثرات سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن سکتے ہیں۔

بقیہ 12

فلیڈلفیا پولیس ڈیپارٹمنٹ کو قتل سے متعلق جھوٹی اطلاع بھی دے دی۔ وائٹ ہاؤس کی نئی اے آئی ٹاسک فورس نے کہا کہ اینتھروپک نے ان سرگرمیوں کے بارے میں بتایا تھا۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اینتھروپک پر زور دیا کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعاون کریں اور یقینی بنائیں کہ یہ واقعات دہرائے نہ جائیں۔

بقیہ 13

کرنے والے معاملے سے باخبر افراد کے مطابق سعودی عرب نے شاہی محلات اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے ملک بھر میں فضائی دفاعی بیٹریوں کی تعیناتی میں بھی رد و بدل کیا ہے۔ واشنگٹن نے اب تک سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی جانب سے یمن میں حوثیوں کی پیش قدمی روکنے کے لیے فوجی مدد کی درخواستوں پر آمادگی ظاہر نہیں کی، تاہم امریکا نے فوجی مشیر بھیجے ہیں۔

بقیہ 14

میں سے بہت سے لوگ محاذوں کے قریب علاقوں میں اپنی زندگیوں اور روزی روٹی کو خطرے میں ڈال کر زندگی گزار رہے ہیں۔ تنظیم نے یمن کے لیے اقوام متحدہ کے ایلچی، اقوام متحدہ اور بین الاقوامی اور انسانی تنظیموں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ محاصرے کو ختم کرنے، شہریوں کے لیے راستے کھولنے، بغیر کسی رکاوٹ کے انسانی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے اور آبادی کے لیے خوراک، پانی، ادویات، تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کو محفوظ بنانے کے ساتھ ساتھ بے گھر افراد اور سب سے زیادہ کمزور طبقات کو خصوصی تحفظ فراہم کرنے کے لیے فوری طور پر اقدام کریں اور دباؤ ڈالیں۔ تنظیم نے اس بات پر زور دیا کہ شہریوں کا تحفظ ایک قانونی اور انسانی ذمہ داری ہے اور موثر بین الاقوامی اقدام کے بغیر ان کا حل نہیں ہوسکے گا۔ مصائب کا تسلسل بین الاقوامی قانون کے اصولوں کو کمزور کرتا ہے اور انسانی المیے کو بڑھاتا ہے۔

بقیہ 15

گانوں، رائلٹی، میوزک ٹورز اور مختلف مصنوعات کی فروخت سے حاصل ہونے والا منافع شامل ہے۔ دعا لیپا نے یہ کمپنی 2014 میں اپنے والد اور منیجر کے ساتھ قائم کی تھی، جس کی مجموعی مالیت 7 کروڑ 30 لاکھ پاؤنڈ بتائی گئی ہے۔ کمپنی ہاؤس میں درج مالیاتی تفصیلات کے مطابق گلوکارہ کی دوسری کمپنی ریڈیکل 22 لائیو نے بھی 62 لاکھ پاؤنڈ منافع کمایا، یہ کمپنی ان کے میوزک ٹورز کے مالی معاملات دیکھتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دعا لیپا کے عالمی میوزک ٹور ریڈیکل آپٹیمزم کے 81 شوز نے گزشتہ سال مجموعی طور پر 16 کروڑ 20 لاکھ پاؤنڈ کا کاروبار کیا۔

بقیہ 16

مقابلے کے دوران نیند کا تسلسل یا استحکام کی جانچ کرنا تھا۔ ان پیمائشوں کے ذریعے ایک مخصوص سلیپ اسکور) ’نیند کا اسکور‘ (تیار کیا گیا، اور سب سے زیادہ مجموعی اسکور حاصل کرنے والے شریک کو فاتح قرار دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اس مقابلے کا اہتمام ایک بستر بنانے والی کمپنی کوالا میٹریس کی جانب سے کیا گیا تھا۔ منتظمین کا کہنا تھا کہ اس مقابلے کا مقصد لوگوں کو نیند کے بارے میں زیادہ سنجیدگی سے سوچنے کی ترغیب دینا اور ساتھ ہی اس موضوع کو تفریحی انداز میں پیش کرنا تھا۔

بقیہ 17

بعد توجہ کا مرکز بننے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ جب ان کے ساتھی اس خبر پر جشن منا رہے تھے اور گرم جوشی سے تالیاں بجا رہے تھے تو بین الاقوامی فوجداری عدالت کی سابق جج نے ٹرمپ کے حوالے سے ایک طنزیہ تبصرہ کیا، جو اس انعام کو حاصل کرنے کی امید لگائے بیٹھے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ لوگ تھوڑی دیر تالیاں بجائیں تو شاید میں ٹرمپ کے ساتھ انعام کا اشتراک کر لوں۔ اس جملے نے حاضرین میں قہقہے لگوا دیے اور یہ جملہ انٹرنیٹ پر بڑے پیمانے پر پھیل گیا۔

بقیہ 18

کافی عرصے سے کام کیا جا رہا ہے۔ مگر اب اس کی صارفین میں آزمائش شروع کی گئی ہے۔ میٹا کی جانب سے ریلز پر زیادہ توجہ اس لیے مرکوز کی جا رہی ہے کیونکہ اب 50 فیصد سے زائد صارفین کا وقت ریلز ویڈیوز دیکھتے ہوئے گزرتا ہے۔

بقیہ 19

میٹرو اسٹیشن پر پیش آیا جہاں پون شرما کا بھتیجے پرتاب سنگھ اور اس کے بیٹے سدھارتھ سنگھ سے نشست کے معاملے پر جھگڑا ہوا، دوران جھگڑا پون شرما کو مبینہ طور پر تھپڑ مارا گیا اور دھکا دیا گیا جس سے وہ گر پڑے اور ان کے سر پر چوٹیں آئیں۔ میٹرو کے عملے نے زخمی شخص کو ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ پولیس نے پون شرما کی والدہ درگا شرما کی شکایت پر 9 اکتوبر کو مقدمہ درج کرلیا، مقدمے میں بھارتی قانون کی دفعہ غیر ارادی قتل سمیت متعدد دفعات شامل کی گئی ہیں۔ دہلی پولیس کے مطابق گرفتار بھتیجے پرتاب سنگھ سابق بھارتی ایڈمنسٹریٹو سروس آفیسر ہیں جنہیں اس سے قبل مبینہ رشوت خوری کے مقدمے میں مرکزی تحقیقاتی ادارے نے گرفتار کیا تھا جبکہ ان کا بیٹا سپریم کورٹ کا وکیل ہے۔ پولیس واقعے اور پون شرما کی موت کی وجوہات پر مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ 20

چھلکے کی شکل کا ٹیٹو بنا کر اس ٹیکنالوجی کا تجربہ کیا۔ ان کے مطابق 2 سال سے زائد عرصے کے دوران انہیں اس کے استعمال سے کوئی مضر اثرات پیش نہیں آئے۔ اس ٹیکنالوجی سے طبی مریضوں کو بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے، ریڈی ایشن تھراپی لینے والے بعض مریضوں کے جسم پر مستقل ٹیٹو بنائے جاتے ہیں، جو انہیں علاج کے تکلیف دہ تجربات کی یاد دلا سکتے ہیں۔ فوٹو ٹیٹ کے ذریعے ایسے نشانات کو صرف طبی معائنے کے دوران نمایاں کیا جاسکے گا۔ محققین کا کہنا تھا کہ اس سیاہی کے محفوظ ہونے کی تصدیق کے لیے مزید تجربات ضروری ہیں، اس کے زہریلے اثرات اور جراثیم سے پاک ہونے کے حوالے سے الگ الگ جانچ کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ بار بار رنگ ظاہر اور غائب کرنے سے سیاہی وقت کے ساتھ متاثر ہوسکتی ہے، جبکہ استعمال کرنے والوں کو باہر نکلتے وقت سن اسکرین لگانے کی ضرورت بھی پیش آسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جامنی رنگ کی سیاہی فی الحال 100 ڈالر فی چھوٹی شیشی کے حساب سے دستیاب ہے، جبکہ دیگر رنگوں پر کام جاری ہے۔

بقیہ 21

اس لیے برطانیہ کے یورپی یونین کے ساتھ تعلقات پر نظرثانی کی جائے۔ لندن کے میئر صادق خان نے حکمراں جماعت لیبر پارٹی سے مطالبہ کیا کہ وہ یورپی یونین میں دوبارہ شمولیت کا واضح وعدہ کرے اور برطانوی حکومت عوام کو یورپی یونین میں واپسی کے لیے تیار کرے۔ پارلیمنٹ میں ہونے والی بحث کے دوران برطانیہ کی یورپی یونین میں دوبارہ شمولیت سے متعلق مختلف سیاسی جماعتوں کے موقف سامنے آنے کا امکان ہے۔

بقیہ 22

نے اس اقدام کی معاونت کے لیے اربوں ڈالرز فراہم کرنے کا عہد کیا۔ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے ان کے چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور مجموعی انداز پر تبصرے شروع کر دیے۔ بعض صارفین نے قیاس آرائیاں کیں کہ شاید انہوں نے کاسمیٹک سرجری یا حسن میں اضافے کے لیے دیگر طریقہ علاج کروائے ہوں۔ کچھ صارفین نے ان کی آنکھوں اور چہرے کی ظاہری کیفیت پر سوالات اٹھائے، جبکہ دیگر نے ان کے دبلا پتلا ہونے اور چہرے کے غیر معمولی تاثرات پر تبصرے کیے۔ سوشل میڈیا پر اس بحث کے دوران مارا لاگو فیس کی اصطلاح بھی استعمال کی گئی۔ یہ اصطلاح بعض صارفین ٹرمپ کے سیاسی اور سماجی حلقوں سے وابستہ افراد کی ایسی ظاہری شکل کے لیے استعمال کرتے ہیں جسے وہ حد سے زیادہ تراشا ہوا یا مصنوعی سمجھتے ہیں۔ سوزن ڈیل کی ظاہری شکل پر یہ بحث نئی نہیں، گزشتہ کئی ماہ سے سوشل میڈیا پر ان کے چہرے میں تبدیلیوں کے حوالے سے قیاس آرائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 23

کا نقد انعام دونوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ رابرٹ ای ہال امریکا کی اسٹینفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر ہیں جبکہ مائیکل ووڈ کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر ہیں۔ نوبل کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ ان دونوں کی بدولت ہم معیشت کو پہنچنے والے جھٹکوں جیسے توانائی، بحران یا اچانک تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے زیادہ بہتر طریقے سے تیار ہوسکے۔ محض معاشی تبدیلیوں جیسے افراط زر، رسد و طلب کو دیکھنے کی بجائے ان دونوں ماہرین نے ثابت کیا کہ خاندانوں اور کاروباری اداروں کے اثرات کو اکٹھا کرنے سے مستقبل کے حوالے سے فیصلہ سازی متاثر ہوتی ہے۔ فزکس، کیمسٹری، میڈیسن، ادب اور امن کے نوبیل انعامات کے برعکس اس انعام کو باضابطہ طور پر Sveriges Riksbank پرائز کہا جاتا ہے، کیونکہ اس کا آغاز 1968 میں سویڈش مرکزی بینک نے کیا۔ اس سال دیا جانے والا انعام مجموعی طور پر 58 واں نوبیل انعام ہے۔ واضح رہے کہ رواں سال نوبیل انعام دینے کا سلسلہ 5 اکتوبر کو شروع ہوا تھا۔ 5 اکتوبر کو طب، 6 اکتوبر کو فزکس جبکہ 7 اکتوبر کو کیمسٹری کے شعبے کے نوبیل انعامات کا اعلان کیا گیا تھا۔ ادب کے نوبیل انعام کا اعلان 8 اکتوبر، امن کے نوبیل انعام کا اعلان 9 اکتوبر جبکہ معیشت کا نوبیل انعام 12 اکتوبر کو دیا جائے گا۔

بقیہ 24

کہ اے آئی کے باعث کاروباری ادارے کم وسائل کے باوجود زیادہ سامان تیار کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اے آئی کو ملازمتوں کے لیے خطرہ نہیں تصور کرتے بلکہ ان کے خیال میں اس ٹیکنالوجی کی بدولت معیار زندگی بہتر ہوگا جبکہ کام بھی کم کرنا پڑے گا۔ جیف بیزوز نے کہا کہ اس ٹیکنالوجی سے بیروزگاری بڑھنے کی بجائے کمپنیوں کو افرادی قوت کی کمی کا سامنا ہوگا کیونکہ اپنی مرضی سے کم کام کرنے کو ترجیح دیں گے۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ضروری نہیں کہ ہفتے میں محض 3 دن کام کرنے کی پیشگوئی جلد پوری ہو جائے، بلکہ اس کا انحصار معاوضے، کام کے دورانیے اور گھریلو آمدنی پر ہوگا۔

بقیہ 25

ناقص ذہنی صحت سمیت دیگر شامل ہیں۔ محققین نے عالمی رہنماؤں کو انتباہ کیا کہ انسانیت کی بقا اور صحت سے متعلق سنگین ترین خطرات آپس میں جڑے ہیں اور ان کے حوالے سے اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت، معاشیات، موسم، دفاع اور سکیورٹی سیکٹرز سے متعلق فیصلے یہ تعین کریں گے کہ مستقبل کی نسلوں کی صحت کتنی اچھی یا خراب ہوسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ زیادہ چونکا دینے والی دریافت خطرات کا پیمانہ نہیں بلکہ یہ ہے کہ انسانیت نے اب تک اس حوالے سے کوئی اقدامات نہیں کیے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تمام 17 تباہ کن خطرات کے حوالے سے آج رہنماؤں کی جانب سے کیے جانے والے فیصلے اگلی نسل کی صحت اور شخصیت کا تعین کریں گے جبکہ اقدامات میں تاخیر سے مستقبل کے خطرات میں مزید اضافہ ہوگا۔ اس رپورٹ کے لیے 204 ممالک اور خطوں میں سیکڑوں ممکنہ خطرات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے تخمینہ لگایا کہ ہر خطرے سے اچھی صحت کے کتنے سال امراض، معذوری یا قبل از وقت موت کے باعث گھٹ جاتے ہیں۔ محققین کے مطابق طبی نظام کو بہتر بنانے اور ٹیکنالوجیکل تنوع میں سرمایہ کاری بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خطرات مستقبل میں ناگزیر نہیں، اگر بروقت اقدامات کیے جائیں تو ان کی روک تھام ممکن ہے۔

بقیہ 26

گریز کریں۔ سعودی عرب میں کام کرنے والے امریکی سرکاری ملازمین کو ریاض میں شاہ خالد ایئرپورٹ نیز جدہ اور دمام کے ایئرپورٹس استعمال کرنے کے لیے خصوصی اجازت درکار ہو گی۔ برائے کرم سعودی عرب میں تمام بڑے ایئرپورٹس استعمال کرتے وقت انتہائی احتیاط برتیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی شہریوں کو پروازوں کی ممکنہ منسوخی، فضائی حدود کی بندش اور سفری رکاوٹوں سے آگاہ رہنا چاہیے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنی پرواز کی روانگی کی معلومات براہ راست ایئرلائن اور ایئرپورٹ سے حاصل کریں۔

بقیہ 27

انداز ابلاغ کو نمایاں کیا گیا۔ سی پی سی سینٹرل کمیٹی کے شعبہ تشہیر کے نائب سربراہ اور چائنا میڈیا کے صدر شین ہائی شیونگ، اور چین کی وزارت آبی وسائل کے نائب وزیر لیو ڈونگ شون سمیت دیگر مہمانوں نے تقریب میں شرکت کی اور مشترکہ تعمیر کے اقدام اور نیشنل برانڈ فارٹرسٹ وردی کارپس پلیٹ فارم کا آغاز کیا۔ چائنا میڈیا گروپ نے برینڈ اسٹرینتھنگ چائنا پراجیکٹ 2027 کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی ابلاغی خدمات کا منصوبہ بھی جاری کیا۔ اس منصوبے میں مشترکہ تخلیق اور حسب ضرورت خدمات کے تصور کو مزید فروغ دیتے ہوئے قومی برانڈز کے مستند ڈیٹا پلیٹ فارم کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم چائنا میڈیا گروپ کے برسوں سے جمع کیے گئے آڈیو ویژول مواد سے استفادہ کرتے ہوئے مواد کی تیاری، اس کی مؤثر ترسیل، مصنوعی ذہانت کے ذریعے معلومات پر اعتماد اور برانڈز کی قدر میں اضافے کے تمام مراحل کو ایک مربوط نظام میں یکجا کرے گا، تاکہ قابل اعتماد ڈیجیٹل اثاثے تشکیل دیے جاسکیں۔ اس پلیٹ فارم کو یکم جنوری 2027 کو باقاعدہ طور پر جاری کیا جائے گا اور یہ حکومت، صنعتی اداروں، کاروباری اداروں اور عوام کو سائنسی، مستند، قابل سراغ اور پائیدار برانڈ معلوماتی خدمات فراہم کرے گا۔

بقیہ 28

دوران کہا کہ حالیہ طبی معائنے کے دوران ڈاکٹروں نے میرے پھیپھڑے میں رسولی کی تشخیص کی ہے۔ پوپ لیو کے مطابق رسولی کی تشخیص ابتدائی مرحلے میں ہونے کے بعد ڈاکٹروں نے اسے نکالنے کے لیے طبی عمل تجویز کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرجری آئندہ چند روز میں طے کی گئی ہے، اس موقع پر انہوں نے اپنے لیے دعائیں کرنے والوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 29

اقوام متحدہ کا بیان بھارت کے اندرونی معاملات میں بلاجواز مداخلت کے مترادف ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق بھارت کے چیف الیکشن کمشنر پر الزام ہے کہ انہوں نے بی جے پی مخالف 13 کروڑ ووٹرز کے نام انتخابی فہرستوں سے خارج کیے۔ دوسری جانب بھارتی پولیس نے گزشتہ روز اپوزیشن رہنماؤں اور نوجوانوں سمیت 2 ہزار سے زائد مظاہرین کو گرفتار کیا تھا۔

بقیہ 30

کرنے اور غزہ کی پٹی میں فوجی آپریشن روکنے کے مطالبات درج تھے۔ اسی روز یونان، جرمنی، فرانس، اٹلی، آئرلینڈ اور کئی دیگر ممالک میں بھی فلسطین کی حمایت میں مظاہرے ہوئے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ فلسطین میں جاری نسل کشی کا خاتمہ ہونا چاہیے اور پوری عالمی برادری کو اس مقصد میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ کسی ملک کو اس بات کی اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ اس طرح کے ظالمانہ انداز سے دوسرے ممالک پر اپنا موقف اور مرضی مسلط کرے۔

بقیہ 31

کوئی ثبوت یا تفصیلات پیش نہیں کیں۔ برنہم نے کہا کہ اس معاملے کو ریکارڈ پر لانا ضروری ہے تاکہ فرانس اور جرمنی کے ووٹرز بھی سمجھ سکیں کہ بعض سیاسی سرگرمیوں کے پیچھے روس جیسے مخالف ممالک کا کردار ہوسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے برلن میں جرمن چانسلر فریڈرک مرز سے ملاقات کے دوران جرمنی کی انتہائی دائیں بازو کی جماعت آلٹرنیٹو فار جرمنی اور روس کے ممکنہ روابط پر بھی بات ہوئی۔ برطانوی وزیراعظم نے ستمبر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کے دوران 2019 کے برطانوی عام انتخابات میں روسی مداخلت کی کوششوں کی بھی مذمت کی تھی۔ برطانوی پارلیمان کی انٹیلیجنس و سکیورٹی کمیٹی کی 2020 کی رپورٹ کے مطابق حکومت نے 2016 کے ریفرنڈم میں روسی مداخلت کا تفصیلی جائزہ لینے کی درخواست نہیں کی تھی، تاہم رپورٹ میں 2014 کے اسکاٹ لینڈ کی آزادی کے ریفرنڈم میں روسی مداخلت کی تصدیق کی گئی تھی۔ دوسری جانب روس مغربی جمہوریت پسند اور دوسرے ممالک کے انتخابات میں مداخلت کے الزامات کی مسلسل تردید کرتا رہا ہے اور برطانیہ پر روس مخالف بے بنیاد خوف پھیلانے کا الزام عائد کرتا ہے۔ اینڈی برنہم نے گزشتہ ماہ کہا تھا کہ برطانیہ کو یورپی یونین کے ساتھ مستقبل کے تعلقات کے تمام امکانات پر دوبارہ غور کرنا چاہیے جن میں یونین میں دوبارہ شمولیت بھی شامل ہے۔ اینڈی برنہم کے مطابق یورپی یونین سے علیحدگی کے حامیوں کا برطانیہ کا اختیار واپس لینے کا وعدہ پورا نہیں ہوا بلکہ اس فیصلے نے ملکی معیشت کو کمزور کیا اور امیگریشن کے مسائل میں بھی بہتری نہیں لائی۔

بقیہ 32

ریاض ایئرپورٹ دنیا کے سب سے زیادہ متاثرہ ہوائی اڈوں میں سرفہرست آگیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق یہاں پروازوں کی اوسط تاخیر 170 منٹ تک پہنچ گئی جبکہ فلائٹ ڈس رپشن انڈیکس بھی اپنی بلند ترین پانچویں سطح پر ریکارڈ کیا گیا۔ فضائی آپریشن میں خلل صرف ریاض تک محدود نہیں رہا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق جدہ ایئرپورٹ کی 830 میں سے 92 پروازیں منسوخ ہوئیں، جبکہ دمام ایئرپورٹ پر 240 میں سے 39 اور مدینہ ایئرپورٹ پر 230 میں سے 26 پروازیں منسوخی کا شکار ہوئیں۔ ریاض ایئرپورٹ پر پروازوں کی منسوخی اور طیاروں کے رخ تبدیل کیے جانے سے دیگر بڑے ہوائی اڈوں پر بھی دباؤ بڑھ گیا ہے، جس کے باعث سعودی عرب میں فضائی سفر کا نظام متاثر ہو رہا ہے۔ تازہ حملوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال نے مسافروں کے سفری شیڈول کو غیر یقینی بنا دیا ہے، تاہم فضائی آپریشن کی بحالی اور پروازوں کے معمول پر آنے سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔

بقیہ 33

سے بچانے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ فرانسیسی فوج نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے آبنائے باب المندب کے قریب انٹیلی جنس اور جہازوں کی حفاظت کے امور کے لیے دو فریگیٹ (جنگی جہاز) برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 34

ہلاک ہوئے۔ یمنی فوج کے بیان کے مطابق آپریشن فجر الیمن کے نتیجے میں وسیع تر فوجی کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ مزید کہا گیا ہے کہ حوثی ملیشیا کی تقریباً 300 فوجی گاڑیوں اور آلات کو تباہ یا ناکارہ بنا دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ یمنی فضائیہ نے مارب کے جنوب مغربی محاذوں پر حوثی ملیشیا کی بیرکوں اور گوداموں کو بھی نشانہ بنایا۔

بقیہ 35

لیے اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی نافذ ہوئی تھی۔ اس قانون پر مختلف حلقوں کی جانب سے مذہبی آزادی اور مساوی حقوق کے حوالے سے اعتراضات اٹھائے جا رہے ہیں، جبکہ اس کی آئینی حیثیت کا معاملہ بھی زیر غور ہے۔ ویانا میں ہونے والا یہ احتجاج آسٹریا میں حجاب پر پابندی کے معاملے پر جاری بحث اور اختلافات کی اہم کڑی ہے۔ اس معاملے پر آئندہ عدالتی پیش رفت بھی اہمیت کی حامل ہوگی۔

بقیہ 36

وسیع تر خطرے کی اطلاع نہیں ملی، واقعے کے بعد پارک کو خالی کرا لیا گیا جبکہ پولیس اہلکار جائے وقوع پر موجود رہے۔ پارک انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ واقعے کے باعث پارک بند رہے گا۔ پولیس نے سوشل میڈیا پر واقعے کی ویڈیوز گردش کرنے کی تصدیق کرتے ہوئے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ یہ ویڈیوز شیئر کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ 37

میسر ہے۔ لوگ تنہائی کا شکار ہو رہے ہیں۔ اپنی جان لے رہے ہیں۔ اپنے بچوں کی جان لے رہے ہیں۔ بھائی چارہ ختم ہوتا جا رہا ہے۔ میثاق مدینہ سے آگاہ کوئی نہیں۔ قربانی کا جذبہ ختم ہوتا جا رہا ہے۔ معاشرتی زندگی خطرات کا شکار ہے۔ ہر شخص محفل میں بھی تنہائی کا شکار ہے۔ روح کی ایک ہی پکار ہے۔ بے شک دلوں کا سکون اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہے۔ آخرت کی فکر کیجئے۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر کیجئے۔ اس طریقے سے کیجئے جس طریقے سے سلف کرتے آئے ہیں۔ سلف صالحین کے حالات اور خیالات سے آگاہ ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ جدید دور میں ہر شخص آزاد ہے۔ آزادی کا مطلب تضاد ہے۔ ہر شخص چلتا پھرتا میزائل ہے اگر ہمارے میزائل ان گائیڈڈ رہ گئے تو ہماری اپنی تباہی کا باعث بن سکتے ہیں۔ نسل نو کو رہنمائی کی ضرورت ہے۔ نسل نو سوال کرتی ہے۔ ہماری ہمت جواب دیتی ہے۔ جواب اس لیے دیتی ہے، ہمارے ہاں تحقیق کا کلچر فروغ پذیر نہیں ہو سکا۔ ہم نے اپنا دین خود سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ ہمارے شخصی رویے غیر علمی ہیں، غیر سائنسی ہیں۔ جواب موجود ہیں۔ ہمارا علم محدود ہے۔ اپنے علم میں اضافہ کیجیے۔ اولاد کی صحیح سمت میں رہنمائی کیجیے۔ سمت متعین ہے۔ راستہ متعین ہے۔ صراط مستقیم بتا دی گئی ہے۔ بات سمجھا دی گئی ہے۔ آخرت دنیا کی کھیتی ہے۔ سکندر نہ رہا، دارا صاحب نہ رہے، ہمارے اجداد نہ رہے تو ہم کب تک رہیں گے؟ تم اور کتنی دیر ہو؟ ہم اور کتنی دیر؟ دیر نہیں ہوئی۔ مہلت موجود ہے۔ توبہ کیجیے۔ دین سیکھیے، دین سکھائیے۔

بقیہ 38

، لیکن عالمی اداروں کے کئی ڈھانچے اب بھی پرانے عالمی سیاسی توازن کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ عالمی فیصلہ سازی میں ترقی پذیر ممالک کی آواز زیادہ مؤثر ہونی چاہیے اور عالمی اداروں کو زیادہ نمائندہ، منصفانہ اور جواب دہ بنایا جانا چاہیے۔ وزیراعظم نے پاکستان کے امن کے لیے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان طویل عرصے سے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا کردار ادا کرتا آیا ہے۔ پاکستانی فوجی اور شہری اہلکار دنیا کے مختلف حصوں میں امن کے قیام کے لیے خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ اس تناظر میں پاکستان کا مؤقف یہ ہے کہ جس ملک نے خود دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دی ہوں، وہ عالمی امن کی قدر کو سب سے بہتر سمجھتا ہے۔ میاں شہباز شریف کے خطاب کا ایک اہم پہلو مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں مذاکرات اور سفارت کاری پر زور تھا۔ موجودہ حالات میں جنگ کا دائرہ وسیع ہونے کا خطرہ عالمی معیشت اور عام انسان کی زندگی دونوں کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ ایسے وقت میں پاکستان کی جانب سے مکالمے اور کشیدگی میں کمی کی بات اس اصول کی عکاس ہے کہ جنگ کسی بھی تنازع کا آسان آغاز تو ہوسکتی ہے، مگر اس کا اختتام ہمیشہ انسانوں کی قیمت پر ہوتا ہے۔ یہی وہ پس منظر ہے جس میں مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ بھی اہم دکھائی دیتا ہے۔ 7 اگست 2026 کو طے پانے والے اس معاہدے کو پاکستان کی وزارت خارجہ نے دفاعی نوعیت کا قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس کا مقصد کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ اجتماعی دفاع، خودمختاری کے تحفظ اور خطے میں امن و استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ مکہ معاہدے کی اصل روح بھی اسی وقت زیادہ واضح ہوتی ہے جب اسے وزیراعظم کے اقوام متحدہ میں امن کے پیغام کے ساتھ دیکھا جائے۔ دفاع مضبوط رکھنا اور جنگ سے بچنے کے لیے سفارت کاری کو فعال رکھنا ایک دوسرے کی نفی نہیں بلکہ ریاستی سلامتی کے دو پہلو ہیں۔ معاہدے کے بعد تینوں ممالک نے علاقائی کشیدگی میں کمی اور بحرانوں کے پرامن حل کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ آج دنیا کو ایسے ہی بیانیے کی ضرورت ہے۔ ایسا بیانیہ جس میں فلسطینی بچے کا درد بھی محسوس کیا جائے، کشمیری کے حق خودارادیت کی بات بھی ہو، مذہبی نفرت کے خلاف آواز بھی بلند ہو، موسمیاتی تباہی کا شکار انسان کے لیے انصاف بھی مانگا جائے اور ترقی پذیر ممالک کو عالمی معاشی نظام میں باوقار مقام بھی دیا جائے۔

بقیہ 39

حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں کیا جاسکتا، آئین بنانے والے اکابرین نے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین میں متعلقہ آرٹیکلز شامل کیے تھے، وفاق نے آئین کے تحت اقدام اٹھایا ہے اور کوئی غیر آئینی کام نہیں کیا، ہم اس اقدام کی حمایت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات کا موازنہ کیا جا رہا ہے تاہم دونوں صوبوں میں دہشت گردی سے نمٹنے اور حکومتی ذمہ داریاں ادا کرنے کے حوالے سے واضح فرق ہے۔ پورا پاکستان سن لے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات اور دونوں صوبائی حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا اقدام صرف امن و امان کی صورتحال کی بنیاد پر نہیں بلکہ حکومتی کردار ادا نہ کرنے کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کے لیے مختص فنڈز سے سوشل میڈیا ٹیم بنائی گئی، جبکہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی اداروں کو حکومتی معاونت، مؤثر قانون سازی اور بیانیے کی تشکیل میں تعاون فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت کو اپنی ذمہ داری قبول کرنا ہوتی ہے۔ بلوچستان میں حکومت اس جنگ کو اپنی جنگ سمجھتے ہوئے اس کی ذمہ داری قبول کرتی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا میں ایسا نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر بننے والے ماحول میں وفاق پر حملہ آور ہونے کی باتیں کی جاتی ہیں، جو موجودہ حالات میں قابلِ غور ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے رہنما اور کارکن دہشت گردی کا نشانہ بنے اور شہید ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک مخصوص جماعت پر آج تک ایک پٹاخہ بھی نہیں پھینکا گیا اور اس صورتحال پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اللہ نہ کرے کہ کوئی حملہ ہو، لیکن یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ ان کے پاس کون سی جادو کی چھڑی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انہوں نے گزشتہ روز سوئی کا دورہ کیا تو دور کہیں دستی بم اور کریکر پھوڑے گئے۔ اگر بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف اس لڑائی کو اپنی جنگ نہ سمجھے تو پھر صورتحال مختلف ہوتی، تاہم صوبائی حکومت اس چیلنج کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اس کا مقابلہ کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو، بشیر بلور اور میاں افتخار حسین کے بیٹے کے قاتلوں کو واپس بلانے کی باتیں کون کر رہا تھا، یہ بھی ایک اہم سوال ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے تمام اراکین دہشت گردی کے خلاف ہیں اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 40

کو مسترد کرتے ہوئے خیبر پختونخوا حکومت کو بحال کرنے کا مطالبہ کر دیا جبکہ حکومتی اراکین نے کہا ہے کہ وفاق نے حالات کی بہتری کی کوشش کی تاہم خیبر پختونخوا حکومت کا رویہ درست نہیں تھا، ایمرجنسی آئینی اقدام ہے۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی سے لاکھ اختلافات ہیں، مگر یہ جمہوری طریقہ نہیں، ووٹ کی عزت کا دعویٰ کہاں گیا؟ پی ٹی آئی حکومت کو بحال کر کے جمہوری طریقے سے چلنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کیا گارنٹی ہے کہ اس عمل سے کے پی میں امن آئے گا، جمہوری حکومت کا گلہ گھونٹنا جمہوریت کے لئے نیک شگون نہیں، جمہوری حکومت نے ڈکٹیٹروں کی طرح کیا تو گلہ کس سے کریں، انہوں نے کہا کہ میں اپنی جماعت اور اپوزیشن کی طرف سے اس عمل کی مذمت کرتا ہوں ملک نازک دور سے گزر رہا ہے، اس عمل سے اور پیچھے چلے جائیں گے۔ نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں آئین میں صرف 232 اور 234 کے آرٹیکلز نہیں، آرٹیکل ون بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خوش ہیں کہ یہ جمہوریت ہے

بقیہ 41

پی آر) کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب زیر تربیت مشاق طیارہ تکنیکی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوگیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ حادثے میں طیارے کے دونوں پائلٹس انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد نے جام شہادت نوش کیا۔

بقیہ 42

آئی ایس پی آر کے مطابق برازیل افواج کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے سربراہ کی قیادت میں وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں دفاعی و سکیورٹی تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جی ایچ کیو آمد پر برازیل کے وفد کو مسلح افواج کے چاق چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ فریقین نے پاکستان اور برازیل کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا جبکہ فریقین نے عسکری سطح پر تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے برازیل کے ساتھ دفاعی تعلقات مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایڈمرل رینالٹو نے پاک مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا، انہوں نے علاقائی امن واستحکام کیلئے پاک مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا۔

بقیہ 43

کے موقع پر بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے فرسٹ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر، مسٹر ڈین کاٹز سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان میں معاشی استحکام، آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری پروگرام پر پیش رفت اور ساختی اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بہتری، خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں اضافے اور بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مالیاتی نظم و ضبط، ٹیکس اصلاحات، نجکاری اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں جانب سے عملے کی سطح پر طے پانے والے معاہدے کا خیر مقدم کیا گیا اور مالیاتی کارکردگی، زرمبادلہ کے ذخائر، افراط زر اور بیرونی شعبے کے استحکام میں بہتری کو تسلیم کیا گیا۔ ملاقات میں مشرق وسطیٰ کے تنازع کے توانائی کی قیمتوں اور افراط زر پر اثرات، نیز مالیاتی گنجائش کے اندر رہتے ہوئے کمزور طبقات کو ہدفی ریلیف فراہم کرنے کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے مسلسل تعاون جاری رکھنے اور بیرونی چیلنجز کے تناظر میں معاشی استحکام کو محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 44

پختونخوا سے متعلق 11 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی قائم کر دی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی صوبے میں گورننس، لا اینڈ آرڈر اور روزمرہ امور کی مانیٹرنگ کرے گی، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار مانیٹرنگ کمیٹی کے کنوینئر اور رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ، احسن اقبال شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اعظم نذیر تارڑ، امیر مقام، طارق فضل چودھری، خالد مقبول صدیقی کمیٹی میں شامل ہوں گے جبکہ مانیٹرنگ کمیٹی میں پیپلز پارٹی، بی اے پی اور آئی پی پی کا ایک ایک نمائندہ شامل ہوگا

بقیہ 45

ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیراعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جا چکا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جا رہا ہے اور اس کے لئے آلات کی خریداری مکمل ہوچکی ہے۔

بقیہ 46

اچھے نتائج ملیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہماری نیت صاف ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، کور کمانڈر اور جس طرح کور کمانڈر صاحب پولیس کے لیے سوچ رہے ہیں، اس کی ستائش کروں گا، اللہ ان کو کامیاب کرے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ دہشت گردی سے نجات چاہتے ہیں، ہمیں عوام نے پیغام دیے ہیں، عوام کا رسپانس اچھا آیا ہے، ان کا خیال تھا کہ ہم صوبے کو جام کر دیں گے، آگ لگائیں گے، کے پی کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اچھا کام کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ مجھے یقین ہے اللہ پاک ہمیں کامیاب کرے گا، پورا صوبہ پرامن ہے، 24 گھنٹوں میں صورتحال کو ہینڈل کیا، گورنر فیصل کریم کنڈی سے بہت امید ہے۔

بقیہ 47

بیان میں وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سنگین حالات میں محاذ آرائی کے بجائے باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے تھی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ موجودہ فیصلہ کوئی سیاسی فیصلہ تھا اور نہ ہی کوئی آسان عمل، بلکہ یہ زمینی حقائق کے پیش نظر ایک ناگزیر اور مشکل آئینی قدم تھا۔ انہوں نے زور دیا کہ جب باہمی تعاون کے تمام راستے ختم ہو جائیں تو آئین اور ملکی سلامتی ہی اولین ترجیح ہوتے ہیں۔ انہوں نے وطن عزیز کے تحفظ اور دائمی امن و استحکام کے لیے دعا کی۔

بقیہ 48

ہے۔ لیکن صوبے میں کوئی نیا یونٹ نہیں بنایا گیا۔ مجھے بتایا جائے پنجاب سیکرٹیریٹ کتنے عرصے سے چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرنا تمام اقدامات کا مقصد ہے۔ دہشتگردی کے خلاف بھی مل کر کام کریں گے۔ ہم نے بارہ اضلاع میں خود کو مضبوط کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مقامی نمائندے درکار وسائل کے حوالے سے ہمیں آگاہ کریں گے۔ وفاقی حکومت فنانس سمیت دیگر تمام وسائل مہیا کرے گی۔ وزیراعظم خود اس معاملے کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ہم نے مل کر کام کرنا ہے کام کریں۔

بقیہ 49

کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دانش آئی ٹی پارک کو اکیڈیمیا اور انڈسٹری کے مؤثر اشتراک سے جدید آئی ٹی ایکوسسٹم کا مرکز بنایا جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ دانش آئی ٹی پارک میں عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کی شراکت داری سے آپریشنز شروع کیے جائیں اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کے منصوبے کا جامع کیس سٹڈی کرے، دانش آئی ٹی پارک منصوبے کا تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کرایا جائے۔ اجلاس کو آئی ٹی برآمدات میں اضافے اور اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جامع ایکوسسٹم کی تشکیل پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) کے تحت 50 نجی عمارتوں کو سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس میں اپ گریڈ کیا جا چکا ہے اور ملک میں اسٹارٹ اپس کی معاونت کے لیے 8 انکیوبیشن سینٹرز قائم کیے جا چکے ہیں جبکہ آئی ٹی پروفیشنلز کو سہولیات کی فراہمی کے لیے 105 کو ورکنگ سپیسز فعال ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد میں آپریشنز کے لیے عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزراء مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 50

تحریک انصاف کو رونے کی بھی اجازت نہیں، یہ مینڈیٹ بھی چوری کرتے ہیں رونے بھی نہیں دیتے، ہم آئین کا رونا رو رہے تھے کہ انہوں نے صوبے میں گورنر راج و ایمرجنسی لگا دی، آئین توڑنے والوں پر آرٹیکل 6 لگتا ہے، موجودہ حکومت سب سے بڑی دہشتگرد ہے، جو پارٹیاں اس دہشتگردی کو سپورٹ کر رہی ہیں وہ تاریخ کا حصہ بنیں گی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جن بنیادوں پر کے پی کے میں گورنر راج لگایا ہے اس سے زیادہ برے حالات بلوچستان میں ہیں، آدھا بلوچستان فورسز کے لئے نو گو ایریا بن چکا ہے، بلوچستان کا وزیراعلیٰ آپ کا لاڈلا ہے وہاں جو کچھ لوٹا جا رہا ہے کوئی کارروائی نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج بہت بڑا حملہ ہے، ہم اپنی جماعتوں کو ہدایت کریں گے کہ پورے ملک میں اپنی حیثیت کے مطابق احتجاج کریں، ہر ضلع میں ہم پرامن احتجاج کریں گے، ہم اس نظام کے خلاف جدوجہد بھی جاری رکھیں گے اور مذاکرت بھی کریں گے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ جن جن اضلاع میں ایمرجنسی نہیں لگی وہاں بھرپور احتجاج کریں گے، چار کروڑ انسانوں کے حق رائے دہی کا مذاق اڑایا گیا ہے، یہ حکومت عمران خان کو یہاں سے بھگانا چاہتی ہے مگر وہ نہیں جاتا، پاکستان تب آگے بڑھے گا جب پارلیمنٹ مضبوط ہوگا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ 11 اکتوبر جمہوری تاریخ میں سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، وزیراعلیٰ کو حراست میں رکھا گیا، کے پی کی عوام ایمرجنسی اور گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، پی ٹی آئی کے نظریے کے حامی جیل میں ہیں، ہماری پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوگا جس میں اگلا لائحہ عمل طے کریں گے، غیر جمہوری اقدامات کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں گیارہ اکتوبر کے اقدامات کو واپس لیں، دہشت گردی کے خلاف عوام تقسیم نہ کریں، پاکستان کا مقدر جمہوریت ہے، وفاق تب مضبوط ہوگا جب صوبے مضبوط ہونگے، حکومت نے ہٹ دھرمی دکھائی، اچانک ہی حکومتی مشینری تبدیل کی گئی، حکومت کے ساتھ آخری وقت تک رابطے تھے۔

بقیہ 51

پولیس کے حکام کے مطابق اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم سواتی بھی زیر حراست رہنماؤں میں شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر اور دیگر بھی حراست میں ہیں۔

بقیہ 52

خیبر پختونخوا ایڈوائزر کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے ملاقات کی۔ فیصل کریم کنڈی نے ثمر ہارون بلور کو مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا کی نئی ذمے داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دی۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔

بقیہ 53

اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ گوپٹ واٹر سپلائی اسکیم کو یکم اپریل 2027 تک ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو پانی کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ انہوں نے سوئی میں نئے گرلز ہائی اسکول کے قیام کے لیے ضروری اقدامات کرنے اور سوئی رنگ روڈ کے اطراف شجر کاری اور جنگلات کے فروغ کے لیے موثر اقدامات اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے انڈس ہسپتال سوئی کو ایمبولینس فراہم کرنے اور وہاں اضافی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دور دراز علاقوں میں فعال کیے گئے لیبر رومز کی فعالیت برقرار رکھی جائے اور زچہ و بچہ کی صحت سے متعلق سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ خواتین کو اپنے علاقوں میں ہی طبی سہولیات میسر آسکیں۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے پولیو کے خاتمے کے لیے موثر نگرانی اور حفاظتی اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کی فعالیت برقرار رکھنے، تمام اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری مزید بہتر بنانے اور محکمہ صحت کے عملے کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو تعلیم اور صحت کی سہولیات کی موثر فراہمی کے لیے متعلقہ محکموں کی کارکردگی میں بہتری اور جوابدہی ضروری ہے

بقیہ 54

نقصان پہنچتا ہے۔ انھوں نے اپنی تقریر میں افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ پاکستان کے وزیر خارجہ نے افغان طالبان پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں۔

CORRIGENDUM

The Tender published in Electronic Media (BPPRA Website)and Printed Media (News paper) vide following PRQ No.1724/05-10-2026for (TSE No. 2627101202103)which opening date is fixed on 19thOctober-2026.Now Thecorrection in Eligibility and Evaluation Criteria has been made on BPPRA Web-site.

The date of submission and opening are same on 19thOctober-2026(Otherterms and conditions will remain same):-

PRQ No.1864/12-10-2026

EXECUTIVE ENGINEER (BUILDGINS)
CWPP&H DEPARTMENT
NASEERABAD AT D.M. JAMALI

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

احمد موقع پر شہید جبکہ کانسٹیبل خالد، جنید احمد سمیت 2 راہگیر اور عطاء محمد اور حارث زخمی ہوگئے فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں اور نعش کو ہسپتال منتقل کردیا گیا جس کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی اور پولیس لائن کوئٹہ میں شہید پولیس اہلکار کی نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں آئی جی پولیس سمیت دیگر پولیس آفیسران اور دیگر بھی شریک ہوئے پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 2

شہداکے سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداکے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطافرمائے۔

بقیہ 3

سازی، پارلیمانی امور، تحقیق اور دیگر دفتری و انتظامی معاملات میں ایک ہی مقام پر مؤثر، معیاری اور بروقت معاونت فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام اراکین اسمبلی کی پارلیمانی استعدادِ کار میں اضافے اور قانون سازی کے عمل کو مزید مؤثر، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے اراکین اسمبلی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر میں اراکین کو قراردادوں، توجہ دلاؤ نوٹسز، تحریکاتِ التواء، تحریکاتِ استحقاق، سوالات اور مسودات قانون کی تیاری سمیت متعلقہ قواعد کے مطابق ان کی ترتیب میں معاونت فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ اسمبلی کے اجلاسوں کے شیڈول اور ایجنڈے کی بروقت فراہمی، پارلیمانی ریسرچ پیپرز کی تیاری اور مختلف پارلیمانی معاملات میں رہنمائی بھی مرکز کی خدمات میں شامل ہے۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کی فعالیت سے اراکین اسمبلی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے درمیان ادارہ جاتی رابطے کو مزید مضبوط بنانے، پارلیمانی معلومات تک بروقت رسائی یقینی بنانے اور ایوان کی کارروائیوں میں اراکین کی مؤثر شرکت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ اس مرکز کے ذریعے اراکین اسمبلی کو عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لیے مؤثر قانون سازی اور اپنی پارلیمانی ذمہ داریوں کی بہتر ادائیگی میں سہولت حاصل ہوگی۔ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی کارکردگی بہتر بنانے اور اراکین اسمبلی کو درکار معاونت ایک ہی مقام پر فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم اقدام ہے۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام اراکین اسمبلی کو مؤثر پارلیمانی معاونت فراہم کرنے، قانون سازی کے عمل کو مزید فعال بنانے اور عوامی نمائندوں کی استعدادِ کار میں اضافے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی امور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اراکین اسمبلی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اداروں کی مؤثر کارکردگی کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔

بقیہ 4

پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دو پائلٹس کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں بابر یوسفزئی نے انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت کو ایک افسوسناک سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع اور قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے افسران قوم کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ دونوں افسران کی شہادت پر پوری قوم غمزدہ ہے اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کی شریک ہے، انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے دونوں افسران کی شہادت ایک بڑا قومی نقصان ہے۔ ان کے اہل خانہ جس کرب اور صدمے سے گزر رہے ہیں، اس کا احساس ہر پاکستانی کو ہے۔ پوری قوم اس دکھ کی گھڑی میں شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پاک فوج کے افسران اور جوان ملک وقوم کی خدمت کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری لگن، پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔ ایسے افسوسناک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی دکھ کا باعث ہے معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید افسران کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 5

خان کھوسہ نے کہا کہ عوام کی خدمت کا جذبہ ہمیں اپنے بزرگوں سے ورثے میں ملا ہے اور اس مشن کو آگے بڑھانا میرے لیے محض ایک سیاسی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عہد اور مشن کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان شاء اللہ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خاندان نے ہمیشہ عوام کے ساتھ اپنے تعلق کو اہمیت دی ہے۔ عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا، ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہماری روایات کا حصہ رہا ہے۔ ہمارے بزرگوں نے عوام کے ساتھ محبت، اعتماد اور خدمت کا جو رشتہ قائم کیا، وہ آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کی توقعات پر پورا اترا جائے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کے عوام کی محبت، اعتماد اور بھرپور وابستگی ہمارے لیے حوصلے کا باعث ہے۔ عوام کی جانب سے ملنے والی پذیرائی ہماری ذمہ داریوں میں مزید اضافہ کرتی ہے۔ ہم عوامی اعتماد کو اپنی طاقت سمجھتے ہیں اور اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے ہرممکن کوشش کریں گے۔ ہمارے لیے عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہمیشہ اولین ترجیح رہے گا۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ علاقے کی ترقی کے لیے عوامی ضروریات کو مدنظر رکھنا اور بنیادی مسائل کے حل پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی آواز متعلقہ فورم تک پہنچانا اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ علاقے کے عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچیں انہوں نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کے درمیان رابطہ مضبوط ہونا چاہیے تاکہ مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں۔

بقیہ 6

موٹروے پولیس ویسٹ زون بلوچستان کی جانب سے فاطمہ جناح پارک میں منعقدہ کوئٹہ میلہ کے موقع پر روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی اسٹال قائم کیا گیا، جہاں عوام کی بڑی تعداد نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ اور روڈ سیفٹی کے اصولوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ مزید برآں، ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی (DLA) کی سہولیات کے بارے میں معلومات دی گئیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال یا شاہراہ پر مدد کے لیے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 کے استعمال سے آگاہ کیا گیا۔ عوامی آگاہی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے شرکا میں تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 7

مؤثر اقدامات کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فورم کا مقصد بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کو قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کرنا اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نئے امکانات تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو سرمایہ کاری، تجارت اور معاشی ترقی کا ایک اہم مرکز بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس وژن کو عملی جامہ پہنانے اور صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا، جس سے صوبے کی معاشی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے اور کاروباری روابط کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 8

سراہتے ہوئے خصوصی طور پر ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی (DLA) کوئٹہ کی سہولت کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے جدید اور منظم سہولت کی دستیابی صوبے کے عوام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ میر سرفراز احمد بگٹی نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے عوام کو اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کرنا چاہیے اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے باقاعدہ طریقہ کار اپناتے ہوئے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے اصولوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی کا قیام صوبے کے لیے ایک مثبت اور خوش آئند پیش رفت ہے، جو نہ صرف ڈرائیونگ کے معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگی بلکہ محفوظ اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی

بقیہ 9

ودیگر ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ عظیم صدمہ صبر و ہمت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

ہوئے کہا کہ ملک وقوم کے لیے فرائض کی انجام دہی کے دوران جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر افسران ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گے۔ انہوں نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 11

کارکردگی کو جانچا گیا اور ممبران کی نئی لسٹ ترتیب دی گئی فاؤنڈیشن کی زمین کو قابل استعمال بنانا بھی مشاورت کا حصہ رہا جبکہ سپورٹس کے حوالے سے مثبت فیصلے کیے گئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جنرل سیکرٹری محمد انور کاکڑ اور کنوینر پروفیسر وسیع اختر نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ فاؤنڈیشن کا مقصد صوبے میں تعلیم کو فروغ دینا اور نادار طلبا و طالبات کو سکول شوز، بیگز، وردی اور کتابیں فراہم کرنے پر ممبران کو خراج تحسین پیش کیا گیا مزید مشاورت کیلئے فاؤنڈیشن کا اگلا اجلاس ماہ نومبر میں رکھنے کا فیصلہ ہوا۔

بقیہ 12

مندوخیل نے لیڈیز کلب بلوچستان کو فعال اور موثر بنانے کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ خواتین کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور ان کی معاشی وسماجی ترقی سے متعلق اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ستارہ محمد حسنی کی قیادت میں خواتین کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں سابق رکن صوبائی اسمبلی زینت شاہوانی، روبینہ ابراہیم زہری، مہوش رند، انزلہ بلوچ اور عائشہ ضیاء قلندرانی شامل تھیں۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو لیڈیز کلب بلوچستان کے اغراض و مقاصد اور مجوزہ سرگرمیوں سے آگاہ کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ کلب خواتین کو مثبت سماجی سرگرمیوں، پیشہ ورانہ روابط، ہنرمندی کے فروغ اور فلاحی منصوبوں میں شرکت کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کریگا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خواتین کی معاشی خودمختاری، سماجی ترقی اور صوبے کی تعمیر وترقی میں ان کے موثر کردار کو مزید مستحکم بنانے کیلئے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع کی فراہمی کیلئے مشترکہ آواز بلند کرنا ضروری ہے تاکہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے زیادہ موثر اور دیرپا نتائج حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 13

کے حق حکمرانی کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ کانفرنس میں پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسی روشان، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی صوبائی ڈپٹی سیکرٹری احمد خان لونی، رحمت اللہ صابر، پروفیسر اسد ترین، زمان خان، بازپشتون اور ضلع ایگزیکٹو کے اراکین سمیت خواتین اور مردمندوبین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بند اجلاس میں علاقائی سیکرٹری نے گزشتہ دورانیے کی تنظیمی وسیاسی کارکردگی پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کا مندوبین نے جائزہ لیا اور اس پر بحث کے بعد رپورٹ کی منظوری دی۔ کانفرنس میں باچا خان کاکڑ کو علاقائی سیکرٹری، داد خان آفریدی کو سینئر معاون، جبکہ حفیظ احسان، عمر شاہ فریدی، عبدالباری جلالزئی، داد شاہ، اکمل وزیر، محمد حنیف اللہ، آصف خان، اظہار احمد، طارق خان، یوسف خلجی اور سلیمان خان یوسفزئی کو معاونین منتخب کیا گیا۔ نومنتخب علاقائی ایگزیکٹو سے پارٹی کے صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاکڑ نے حلف لیا۔ کانفرنس کے کھلے اجلاس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسی روشان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری احمد خان لونی، رحمت اللہ صابر، پروفیسر اسد ترین اور زمان خان نے خطاب کیا، نظارت کے فرائض نداسگر اور اکبر کلیوال نے سرانجام دیے اور تلاوت کلام پاک کی سعادت حافظ احسان نے حاصل کی جبکہ اختتامی اور صدارتی خطاب پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کیا۔

بقیہ 14

جائزہ لیا۔ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے میل وارڈ میں زیر علاج سانپ کے ڈسنے (Snake Bite) کے مریض کی عیادت بھی کی اور اس کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے مریض کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کی بہتر نگہداشت اور علاج معالجے کی سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر کمشنر عرفان اللہ خان نے ہسپتال میں درپیش مسائل اور مزید سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈینگل یونٹ کی فراہمی کے لیے بی ایس ڈی آئی کے تحت ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے ادویات کے اسٹور میں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے احکامات بھی جاری کیے، جس پر ایم ایس ڈاکٹر جہانزیب بلوچ نے دو روز کے اندر کیمرے نصب کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ کمشنر سبی ڈویژن نے ہسپتال میں کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہسپتال کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مثبت اقدامات کیے گئے ہیں اور ایم ایس ہسپتال کے معاملات میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 15

کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں، سرکاری اداروں میں نظم وضبط برقرار رکھیں اور عوام کو بہتر طبی و تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، عوامی مسائل کے حل اور سرکاری امور میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے معائنوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ لورالائی عوام کو بنیادی صحت اور معیاری تعلیم کی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 16

کے کوآرڈینیٹر سمیت دیگر ضلعی افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے انتظامات، ٹیموں کی تیاریوں اور مہم کو مؤثر انداز میں کامیاب بنانے کے حوالے سے امور زیر غور آئے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ پولیو مہم 2 نومبر سے 5 نومبر 2026 تک جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، جبکہ مہم کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور تعاون کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو کے خاتمے کی کوششوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 17

بات انہوں نے پیر کو وائس چیئرمین حافظ نعمت اللہ خان کاکڑ،، ایجوکیشن سیکرٹری لیاقت علی ہزارہ، فنانس سیکرٹری جمیل احمد مشوانی، حاجی عظمت اللہ خان کاکڑ، قاری زیب الرحمن کاکڑ اور دیگر پرائیویٹ اسکولوں کے مالکان اور اساتذہ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد کسی سرکاری افسر یا حکومتی ادارے کے ساتھ تصادم نہیں بلکہ نجی تعلیمی اداروں کے جائز حقوق کا تحفظ، انتظامی اختیارات کی وضاحت، والدین اور اسکول انتظامیہ کے درمیان اعتماد کی بحالی اور بلوچستان میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ایک واضح اور منصفانہ پالیسی کا مطالبہ کرنا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ تعلیم ایک مشترکہ قومی ذمہ داری ہے اس شعبے سے متعلق ہر فیصلہ قانون، شفافیت، باہمی مشاورت اور طلبہ کے بہترین مفاد کو سامنے رکھ کر کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ نے کچلاک میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران زبانی طور پر یہ بات کہی کہ کوئی بھی نجی اسکول تین ماہ کی فیس وصول نہیں کرے گا اور اگر کسی اسکول نے ایسی فیس وصول کی تو اس کی رجسٹریشن منسوخ اور اسکول سیل کردیا جائے گا اگر یہ بیان اسی طرح دیا گیا ہے تو ہم اسے نجی تعلیمی اداروں کے لیے ایک نہایت سنگین انتظامی تنبیہ سمجھتے ہیں جس کے قانونی جواز اور دائرہ اختیار کی وضاحت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے بیان سے والدین اور اسکول انتظامیہ کے درمیان غیر ضروری غلط فہمیاں، بداعتمادی اور تنازعات پیدا ہونے کا خدشہ ہے کسی قانونی معاملے میں واضح تحریری پالیسی، متعلقہ قواعد اور مجاز اتھارٹی کی وضاحت کے بغیر اس طرح کی سخت تنبیہ تعلیمی ماحول کو متاثر کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ تین ماہ کی فیس سے متعلق اس اعلان کی قانونی بنیاد کیا ہے؟ کیا اس کا اطلاق تمام نجی تعلیمی اداروں پر ہوتا ہے؟

بقیہ 18

کی بنیاد پر سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ جماعت کی سیاست کا بنیادی مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کے حقوق کا تحفظ، جمہوری نظام کا استحکام، امن وامان کا قیام اور معاشرے میں انصاف و رواداری کا فروغ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ سیاسی اختلافات کو جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے برداشت کیا اور ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، اس لیے جماعت کے خلاف منفی پروپیگنڈے سے اس کی عوامی مقبولیت اور اصولی مؤقف کو متاثر نہیں کیا جاسکتا۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں ترقی، خوشحالی، امن اور عوامی خدمت کی علامت ہے، لیکن بدقسمتی سے جماعت کو سیاسی طور پر دیوار سے لگانے اور اس کے جمہوری کردار کو محدود کرنے کی ہرممکن کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک منظم، نظریاتی اور عوامی جماعت ہے جس کی جڑیں عوام میں مضبوط ہیں، اسے دباؤ، منفی مہمات یا سیاسی رکاوٹوں کے ذریعے اپنے اصولی مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، بے روزگاری، پسماندگی، امن وامان کی خراب صورت حال اور بنیادی سہولیات کی کمی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے، اور جمعیت علماء اسلام ان مسائل کے حل کے لیے اپنا سیاسی و جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کی قیادت اور کارکن تمام تر مشکلات کے باوجود باہمی اتحاد، نظم و ضبط اور سیاسی استقامت کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور بلوچستان کے عوام کے حقوق، صوبے کی ترقی اور حقیقی جمہوری استحکام کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 19

والدین اور اساتذہ کیلئے باعث فخر ہیں بلکہ دوسرے طالب علموں کیلئے بھی مشعل راہ ہیں۔

بقیہ 20

نے غلام حضرت سے 720 گرام چرس برآمد کرکے دوسری کارروائی میں اشتہاری ملزمان دولت خان اور بابو خان کو گرفتار کرلیا۔ اس کے علاوہ تھانہ امیر محمد دستی کے عملے نے مطلوب ملزم نزاکت کو گرفتار کرلیا۔ اس کے علاوہ تھانہ شہید ڈی ایس پی جمیل کاکڑ کے عملے نے مفرور ملزمان نقیب اللہ اور ابراہیم کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ دوسری کارروائی میں 8 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور 25 موٹر سائیکل سواروں کے خلاف ون وے کی خلاف ورزی کرنے پر کارروائی کی پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔ سیکورٹی فورسز کے عملے نے تربت کے علاقے میں مشکوک مزدا گاڑی سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرکے ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے عملے نے خفیہ اطلاع پر تربت کے علاقے سامی میں ایک مزدا گاڑی میں چھپائی گئی آئس 40 کلوگرام اور حشیش 260 گرام برآمد کرکے ڈرائیور شاہ فراز سکنہ حب کو گرفتار کرلیا برآمد کی گئی منشیات اے این ایف کے حوالے کردی گئی۔ مزید کارروائی اے این ایف کا عملہ کررہا ہے۔

بقیہ 21

پارلیمانی بالادستی کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت محض نعروں، تقریروں اور سیاسی دعوؤں کا نام نہیں بلکہ یہ عوام کے حق حکمرانی، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کا عملی نظام ہے، لیکن بدقسمتی سے بعض سیاسی قوتوں نے جمہوریت کو اپنے مفادات کے حصول کا ذریعہ بنا کر اس کے بنیادی اصولوں کو کمزور کیا۔ جمعیت علما اسلام کے رہنماں نے کہا کہ جب سیاسی جماعتیں اپنے وقتی مفادات کے لیے غیر جمہوری قوتوں کا سہارا لیتی ہیں تو اس کا نقصان کسی ایک جماعت کو نہیں بلکہ پورے ملک، جمہوری نظام اور عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں حقیقی جمہوریت کے استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہوکر آئین کی بالادستی، عوامی مینڈیٹ کے احترام اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کے لیے یکساں مؤقف اختیار کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ اصولی سیاست، آئینی جدوجہد اور جمہوری اقدار کی پاسداری کو مقدم رکھا ہے اور ہر دور میں عوام کے حق حکمرانی کے تحفظ کے لیے آواز بلند کی ہے۔ رہنماں نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں، لیکن اختلافات کو ذاتی مفادات، اقتدار کی کشمکش اور غیر جمہوری مداخلت کا ذریعہ بنانا ملک وقوم کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب سیاسی نعروں کے بجائے عملی کردار دیکھنا چاہتے ہیں، اس لیے جمہوریت کے دعوے کرنے والی جماعتوں کو اپنے طرزِ عمل سے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ واقعی عوامی مینڈیٹ، آئین اور پارلیمانی نظام کی بالادستی پر یقین رکھتی ہیں۔

بقیہ 22

سوسائٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ یہ معاہدہ بلوچستان میں فن وثقافت کے فروغ اور پرفارمنگ آرٹس کے شعبے کو ترقی دینے کے لیے ڈائریکٹریٹ آف کلچر کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری کلچر، ٹورزم اینڈ آرکائیوز حمید اللہ ناصر اور ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین کی کاوشیں قابل ذکر ہیں، جن کا مقصد صوبے میں فنون لطیفہ کے معیار کو بہتر بنانا اور مقامی فنکاروں کو تربیت اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔ تقریب کے دوران سید جاوید اقبال، روشن خورشید بروچہ اور دیگر معزز مہمانوں نے اس اشتراک کو بلوچستان میں فن وثقافت کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس تعاون کے ذریعے صوبے کے نوجوانوں اور فنکاروں کو ڈرامہ، موسیقی، تھیٹر اور دیگر فنون لطیفہ میں پیشہ ورانہ تربیت اور رہنمائی کے مواقع میسر آئیں گے۔ سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر اور ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین نے اس پیش رفت کو بلوچستان کے ثقافتی مستقبل کے لیے اہم قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس اشتراک سے صوبے کے فنکاروں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور بلوچستان کے ثقافتی ورثے کو قومی سطح پر اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ تقریب کے شرکاء نے اس معاہدے کو بلوچستان میں پرفارمنگ آرٹس کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات صوبے کے مثبت ثقافتی تشخص کو اجاگر کرنے اور نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔

بقیہ 23

کا ڈھنڈورا پیٹنے والے اس نظام نے عملی طور پر ملک کو معاشی ابتری، ادارہ جاتی زوال اور سماجی عدم استحکام کے سوا کچھ نہیں دیا۔ مسلم لیگ نے آئین وقانون کی بالادستی کے بجائے ذاتی و سیاسی مفادات کی پاسداری میں ایمرجنسی گورنر راج سے جمہوری اداروں کے وقار کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کی وجہ سے عوام کا جمہوری عمل اور اس سے جڑے نظام سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہیں بلکہ عملی طور پر پورے ملک میں ایک غیر اعلانیہ مارشل لا کا راج قائم ہو چکا ہے۔ آئین کی روح کو سلب کرکے کیسی بھی روایتی مارشل لا کے دور سے مختلف نہیں ہے۔ تمام تر اقتدار اور اختیارات کی ڈوریاں پس پردہ مقتدر قوتوں کے ہاتھ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا ڈھانچہ چلانے والے بنیادی ستون آئین، قانون، پارلیمنٹ اور جمہوریت اس وقت عملی طور پر مکمل طور پر معطل ہو چکے ہیں۔ اور فارم 47 جشن منا رہے ہیں ملک عملی طور پر ایک ایسے جنگلستان میں تبدیل ہو چکا ہے جہاں طاقتور کی لاٹھی اور جبر کا راج ہے۔ انصاف کی تمام راہیں مسدود ہو چکی ہیں۔ طاقت کے بل بوتے پر غیر آئینی ایمرجنسی فیصلے ملک مکمل انارکی اور تباہی کی طرف چلا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا ایسے اقدامات جمہوریت پر ایک بدنما داغ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد جمہوریت کی عفریت اور ردعمل سے ملک میں مسال کی انبارگی ہوئی ہے ملک میں پارلیمنٹ، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی سلب ہوکر رہ گئی ہے۔ ملک کو اس بحران سے نکالنے کے لیے سیاسی ومذہبی جماعتیں، عدلیہ اور میڈیا یک صدا اور یک صف ہوکر اس ظلم کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل طے کرے۔

بقیہ 24

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) تیمور آغا، چیف آفیسر غلام مصطفیٰ، لائن سپرنٹنڈنٹ کیسکو اسرار احمد اور خدائے نور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر زیارت کو بی ایس ڈی آئی فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، پیش رفت اور تکمیل کے مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کے تحت شامل تمام ترقیاتی سکیمات کامیابی کے ساتھ تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں، جبکہ فیز تھری کی سکیمات کے ٹینڈرز مکمل ہونے کے بعد ورک آرڈرز بھی جاری کیے جا چکے ہیں اور ان پر آئندہ ایک ہفتے کے اندر عملی کام شروع کردیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے متعلقہ محکموں کے افسران اور ذمہ داران کو ہدایت کی کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر شفافیت، اعلیٰ معیار اور تمام تر تکنیکی تقاضوں کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت، تاخیر یا ناقص اور غیر معیاری کام ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور موثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد عوام تک پہنچائے جا سکیں اور ضلع زیارت میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور عوامی مسائل کے حل کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 25

30 لاکھ روپے کردیے گئے ہیں، جس سے شہر میں صفائی، نکاسی آب، سڑکوں، گلیوں اور دیگر شہری سہولیات کی بہتری کے منصوبوں میں تیزی آئے گی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے بتایا کہ لورالائی میونسپل کمیٹی کو جدید مشینری سے لیس کرنے کے لیے مزید 6 رکشے اور 2 ڈمپرز فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں، جبکہ 54 کلاس فور ملازمتوں کی منظوری بھی دی جائے گی، جس سے نہ صرف میونسپل کمیٹی کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گیانہوں نے کہا کہ لورالائی میونسپل کمیٹی کو بہت جلد میونسپل کارپوریشن کا درجہ دلانے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں، جس سے شہر کے انتظامی و ترقیاتی نظام میں مزید بہتری آئے گی۔ اسی طرح سبزی منڈی اور گوشت مارکیٹ کو بھی جلد فعال کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات میسر ہوں اور شہر میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکیرکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ شہر کے مختلف گلی محلوں میں مرحلہ وار ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا جائے گا، جبکہ باچاخان چوک سے بڑے نالے کی تعمیر کا کام بھی شروع کیا جائے گا۔ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے، بارش کے پانی کی بروقت نکاسی اور شہری آبادی کو درپیش مسائل کے مستقل حل کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہیانہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کے شعبے میں اسکولوں کی حالت بہتر بنانے، بنیادی سہولیات کی فراہمی، نئی تعلیمی سہولیات کے قیام اور طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ صحت کے شعبے میں ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں سہولیات کی بہتری، ڈاکٹرز وطبی عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام سے مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔ حاجی محمد خان طورحن اوتمانخیل نے کہا کہ آبپاشی اور زراعت کے شعبے کو بھی ترقیاتی ایجنڈے میں خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ علاقے میں پانی کے مسائل کے حل، آبپاشی کے نظام کی بہتری، نہروں اور واٹر کورسز کی بحالی، نئے آبپاشی منصوبوں اور زرعی زمینوں تک پانی کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ کسانوں کو سہولیات مل سکیں اور زرعی پیداوار میں اضافہ ہوانہوں نے کہا کہ لورالائی میں سڑکوں، پلوں، نکاسی آب، پینے کے صاف پانی، بجلی، تعلیم، صحت، آبپاشی، کھیلوں اور دیگر بنیادی شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا۔ نوجوانوں کے لیے روزگار، ہنر اور کھیلوں کے مواقع پیدا کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیانہوں نے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا اور عوامی وسائل عوام کی فلاح وبہبود پر خرچ ہوں گیحاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان شاء اللہ اجتماعی کوششوں، موثر منصوبہ بندی اور عوامی تعاون سے لورالائی کو ترقی، خوشحالی اور بنیادی سہولیات کے حوالے سے ایک مثالی اور ماڈل ضلع بنایا جائے گا۔

بقیہ 26

نے ہدایت کی کہ جن یونین کونسلز میں مہم کے دوران مشکلات کا سامنا ہے، وہاں خصوصی پولیو ٹیمیں تعینات کی جائیں تاکہ کوئی بھی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے علماء کرام، سیاسی وقبائلی عمائدین کو بھی مہم میں شامل کرنے اور عوام میں پولیو سے بچاؤ کے حوالے سے مؤثر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ پولیو مہم کے دوران سکیورٹی سمیت تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 27

ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبرو ہمت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 28

ملاخیل، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، عامر خان مندوخیل، زمان ملاخیل، یونس بلوچ، عبدالفتاح جمالی، چوہدری شبیر، عابد بٹ، لیبر ونگ کے صدر چوہدری نوید وحید کاسی، عامر شیخ، سیف اللہ، ملک محمد حسین سمیت مزدور رہنماؤں، لیبر ونگ کے عہدیداروں اور مختلف یونینز کے نمائندے شریک تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف نے ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے اور ہم اسی وژن کو پوری قوت سے آگے بڑھا رہے ہیں۔ "جو ہاتھ کارخانوں کا پہیہ چلاتے ہیں، انہی ہاتھوں سے ملک کی ترقی کا پہیہ چلتا ہے۔ ہم ان کی آواز بنیں گے اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔

بقیہ 29

عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو مؤثر بنانا امن وامان کی صورت حال کا جائزہ لینا اور سرکاری محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو مزید بہتر بنانا تھا اجلاس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی امن وامان کے قیام منشیات کی روک تھام اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں اور مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ضلعی سطح پر جاری تمام ترقیاتی اور فلاحی سرگرمیوں کو مقررہ اہداف کے مطابق آگے بڑھایا جائے تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات بروقت حاصل ہو سکیں اجلاس کے دوران متعلقہ محکموں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں انتظامی امور، عوامی خدمات کی فراہمی اور مختلف اقدامات پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی افسران نے اپنے محکموں کی کارکردگی اور درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا، جبکہ ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کے دوران حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر محترمہ فریدہ ترین نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنائیں اور تمام منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں

بقیہ 30

بلوچستان پروگرام کے تحت منعقدہ تقسیم اثاثہ جات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا رائز پروگرام کے تقریب میں اسلام آباد کے آئی آر ایم انسٹی ٹیوٹ سے بیوٹیشن کورس مکمل کرنے والی 27 بچیوں اور کراچی کے گوتم انسٹی ٹیوٹ سے بیکنگ کورس مکمل کرنے والی 13 بچیوں کو سرٹیفکیٹس اور پیشہ ورانہ کٹس فراہم کی گئیں، تاکہ وہ اپنے ہنر کو بروئے کار لاتے ہوئے روزگار حاصل کرنے اور ذاتی کاروبار شروع کرنے کے قابل ہوسکیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ رائز بلوچستان پروگرام کے تحت صوبے کے چھ منتخب اضلاع میں تین سال کے دوران 16.79 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ پروگرام کا مقصد مستحق خاندانوں کو معاشی طور پر مستحکم کرنا، نوجوانوں کو فنی تربیت فراہم کرنا اور خواتین کے لیے روزگار کے پائیدار مواقع پیدا کرنا ہے۔ ضلع گوادر میں بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے ذریعے مستحق خاندانوں کی نشاندہی اور انہیں معاشی سرگرمیوں میں شامل کرنے کے اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ پروگرام کے تحت چھوٹے کاروبار کے قیام کے لیے ڈیڑھ لاکھ روپے تک بلاواپسی گرانٹ جبکہ بڑے کاروباری منصوبوں کے لیے مقررہ شرائط کے مطابق مالی معاونت کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہنرمندی اور مالی معاونت کے ذریعے مستحق افراد کو خود کفالت کی جانب گامزن کرنا اور مقامی معیشت کو فروغ دینا پروگرام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے تقریب میں سید طاہر اور طارق نے بھی خطاب کیا ہے۔

بقیہ 31

ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 32

ڈائریکٹر عبدالواسع خان کاکڑ نے اساتذہ کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم، بنیادی تعلیمی تصورات اور بہتر تربیت فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف کتاب پڑھانا کافی نہیں بلکہ طلبہ کی فکری، اخلاقی اور عملی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہیانہوں نے کہا کہ دنیا میں جو قومیں ترقی اور خوشحالی کی منازل طے کرتی ہیں، ان کی ترقی کی بنیاد تعلیم پر ہوتی ہے۔ اگر ہم اپنی قوم اور معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں بچوں کی تعلیم و تربیت کو اولین ترجیح دینا ہوگی انہوں نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ طلبہ کو بنیادی تعلیمی مہارتوں پر خصوصی توجہ دیں، کمزور طلبہ کی نشاندہی کرکے ان پر اضافی محنت کریں اور کلاس رومز میں ایسا مثبت اور سازگار تعلیمی ماحول قائم کریں جہاں بچے اعتماد کے ساتھ سیکھ سکیں ڈویژنل ڈائریکٹر نے مزید کہا کہ ایک بہترین استاد صرف سبق نہیں پڑھاتا بلکہ مستقبل کے معمار تیار کرتا ہے۔ اس لیے اساتذہ کی محنت، تربیت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور تعلیمی معیار میں بہتری براہِ راست قوم کے مستقبل سے وابستہ ہیدورے کے اختتام پر ڈویژنل ڈائریکٹر نے اسکول انتظامیہ اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ طلبہ کی تعلیم، حاضری، نظم وضبط اور تربیت پر مسلسل توجہ دی جائے تاکہ علاقے کے تعلیمی اداروں میں معیارِ تعلیم کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 33

ووٹ خرید میں مسلسل لگی واقع ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ذاتی مفادات اور وقتی فائدوں سے بالاتر ہوکر ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں فیصلے کرنے ہوں گے۔ موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ تمام جمہوری قوتیں ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوکر قومی حکومت کی تشکیل کیلئے سنجیدہ اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک سیاسی درجہ حرارت کم نہیں ہوگا اور قومی سطح پر ہم آہنگی پیدا نہیں کی جائے گی، تب تک نہ معاشی استحکام ممکن ہے اور نہ ہی عوام کو ریلیف مل سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی حکومت کے قیام سے نہ صرف سیاسی کشیدگی میں کمی آئے گی بلکہ اہم قومی پالیسیوں پر اتفاق رائے پیدا ہوگا جس سے ملکی معیشت کو سہارا ملے گا اور عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بھی بہتر ہوگا۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے زور دیا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی و جمہوری قیادت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری طور پر عملی اقدامات نہ کیے گئے تو مسائل مزید پیچیدہ ہو جائیں گے اور اس کا خمیازہ عام شہری کو بھگتنا پڑے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سیاسی قیادت قومی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے ملک کو استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے مثبت کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 34

امور کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کے دوران امن وامان کے قیام غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تمام منشیات کے خلاف موثر قانونی کارروائی پینے کے صاف پانی کی فراہمی ٹریفک کے نظام میں بہتری صحت کی بنیادی سہولیات کی دستیابی شہروں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام لوگوں تک پہنچانے سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنے فرائض انجام دیں تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جاسکے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے پلیٹ فارم کے ذریعے مختلف عوامی مسائل کے حل اور انتظامی معاملات میں تقریبا 60 سے 70 فیصد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے تاہم مکمل اور دیرپا نتائج کے حصول کے لیے مزید محنت بہتر منصوبہ بندی موثر نگرانی اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطے کی ضرورت ہے انہوں نے واضح کیا کہ کمیٹی کا بنیادی مقصد محکموں کی کارکردگی کو مربوط بنانا عوامی شکایات کا ازالہ کرنا اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہیانہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ناجائز تجاوزات کے خاتمے شہروں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال بہتر بنانے امن وامان کے قیام اور ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تاہم ان شعبوں میں مزید بہتری لانے کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھنا ضروری ہے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے پولیس حکام کو ہدایت کی کہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال مزید بہتر بنانے جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ منشیات کے کاروبار اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ معاشرے کو ان برائیوں سے محفوظ رکھا جاسکے اسی طرح محکمہ ایکسائز کے حکام کو بھی ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے فرائض قانون اور ضابطوں کے مطابق انجام دیں اور کسی بھی شخص کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے دیں تمام کارروائیوں میں شفافیت اور قانون کی یکساں عملداری کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 35

آراستہ کرنے، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، سائبر سیکورٹی اور صحت کے شعبوں میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مائننگ کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، معدنی وسائل کی مؤثر منصوبہ بندی اور اس شعبے میں ترقی کے امکانات کو بروئے کار لانے کی اہمیت بھی زیر بحث آئی۔ ملاقات میں اس امر کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ معدنی شعبے کی ترقی کیلئے باہمی روابط اور تعاون کو فروغ دیا جائے، تاکہ بلوچستان کے قدرتی وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں معدنی شعبے کی ترقی صوبائی معیشت کے استحکام، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کیلئے اہم کردار ادا کر سکتی ہے، بلوچستان میں مائننگ کا شعبہ صوبے کی معاشی ترقی کیلئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے، معدنی وسائل کی بہتر منصوبہ بندی، جدید طریقہ ہائے کار کے فروغ اور متعلقہ شعبوں کے درمیان تعاون کو وسعت دیکر اس شعبے کی استعداد سے زیادہ موثر انداز میں استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ سیکرٹری محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ بلوچستان سیدال خان لونی جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کو اپنے والد محترم عبدالعزیز خان لونی کی (برٹش بلوچستان) کے نام سے مشہور کتاب پیش کی اور بعد ازاں جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔

بقیہ 36

عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں پولیس اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ عوام پولیس سے قانون کی یکساں عملداری فوری دادرسی اور شائستہ رویے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ پولیس افسران کی اچھی کارکردگی نہ صرف محکمہ پولیس کے لیے باعثِ عزت ہے بلکہ اس سے شہریوں کا قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے انہوں نے ایس ایچ او جناح ٹاؤن نوراللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب اور ان کی ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت اور علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 37

میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر انکم ٹیکس گوشواروں کا اپنے ڈیٹا سے خودکار نظام کے تحت موازنہ کریگا جبکہ معلومات کی تصدیق اور ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلی جنس) سے بھی مدد حاصل کی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق گوشواروں میں اثاثے چھپانے یا ریکارڈ میں ردوبدل کرنے پر سخت جرمانے عائد کیے جاسکتے ہیں، تنخواہ دار طبقے کی جانب سے انکم ٹیکس گوشوارہ غلط پر کرنے پر تنخواہ کے 75 فیصد تک جرمانہ عائد ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق جرمانہ مقررہ وقت پر جمع نہ کرانے کی صورت میں یومیہ ایک ہزار روپے اضافی جرمانہ بھی عائد ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطیوں کی تصحیح کیلئے 15 اکتوبر سے پہلے درستگی کرانے کی گنجائش موجود ہے، ٹیکس فائلرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے گوشواروں میں درج معلومات، آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لے کر کسی بھی غلطی کی بروقت تصحیح یقینی بنائیں۔

بقیہ 38

وقت پاکستان کے اپوزیشن کے تمام معروف سیاستدان دہشت گرد ڈکلیئر ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے آنے والی نسلوں کے دشمن ہیں انہوں نے پہلے 8 فروری کو ڈاکہ مارا اور اب خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف اقدامات کرکے آئین سے مذید غداری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ن لیگ کے ساتھ مل کر آئین پر حملہ کیا ہے اور عوام کی منتخب حکومت کو امن لانے کی خاطر گرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت کو جرم یہ تھا کہ وہ چاہتی تھی کہ صوبے کی تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑتے ہیں مگر یہ آپ کو گوارا نہیں تھا۔ آپ نے تو خود فیصلے کرنے ہیں کیا اس سے پہلے بھی آمن آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آمن اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کام کرانا تھا تو سب سے پہلے بلوچستان میں ایمرجنسی لگنی چاہیے تھی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی حمایت یافتہ حکومت وفاق کی آنکھوں میں خار تھی۔ اس وقت حکومت سے مخالفت کرنے والے دہشت گرد سمجھے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بات بہت آگے بڑھ چکی ہے اگر عوام نہ اٹھے تو ملک پر ظلم اور جبر کا یہ نظام برقرار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کے حکمران پاور پالیٹکس کی حمایت کر رہی ہے اور عدلیہ بھی ان کی حمایت یافتہ ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم ان کے خلاف اٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کے خلاف احتجاج اللہ پاک کو پسند ہے پوری دنیا میں اس کے خلاف احتجاج کریں۔ ظلم کے خلاف بولنا واجب ہے اور چپ رہنا ظلم ہے۔۔

بقیہ 39

میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسف زئی نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو مسترد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ عوام کے بھاری مینڈیٹ سے قائم ہونے والی حکومت کا متبادل کوئی راج نہیں ہے۔ شوکت یوسف زئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کیا ہے۔ حکومت نے مولانا فضل الرحمن کے ساتھ کمٹمنٹ کرکے دھوکا دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے ہم اپنے آئینی و قانونی جائز حقوق کے لیے پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مطالبہ کیا کہ حکومت وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور صوبائی صدر جنید اکبر سمیت تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو فوری رہا کرے۔ موجودہ کشیدگی کے دوران مذاکرات کے ذریعے معاملات طے ہوسکتے تھے لیکن حکومت نے اس ضمن میں انتہائی جلدبازی کا مظاہرہ کیا ہے۔

بقیہ 40

جس میں پیٹرولیم لیوی سے متعلق مذاکرات کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر آئندہ پیش رفت سے متعلق بھی گفتگو ہوئی۔ رانا ثنااللہ نے لیاقت بلوچ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اپنے وعدے کے مطابق جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ دریں اثناء وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی ملاقات سے قبل مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کا امکان ہے، ان اجلاسوں میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے واضح ایجنڈے اور نکات پر بات چیت کی جائے گی تاکہ معاملے میں پیش رفت کی راہ ہموار ہو سکے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کا خاتمہ عوام کے لیے حقیقی ریلیف ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی درخواست پر سپر لانگ مارچ میں وقفہ کیا گیا تھا، تاہم لیوی کے خلاف جلسوں اور محضرناموں پر عوامی دستخطی مہم بدستور جاری ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی اس وقت تک اپنی تحریک جاری رکھے گی جب تک عوام کے لیے بڑا ریلیف پیکیج حاصل نہیں کرلیا جاتا۔ انہوں نے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کو عوامی ریلیف سے جوڑتے ہوئے واضح کیا کہ مطالبات کی تکمیل تک احتجاجی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 41

ڈی کو جدید آلات، ضروری گاڑیوں، بکتر بند گاڑیوں، مؤثر اسلحے اور مطلوبہ نفری سمیت تمام ضروری وسائل فراہم کرنے کا فیصلہ کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا اہم اجلاس گورنر ہاؤس پشاور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، ایڈوائزری کونسل کے اراکین، کورکمانڈر پشاور، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس اور دیگر اعلیٰ سول وعسکری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 42

سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے پیداواری شعبے کا تفصیلی جائزہ لے کر استعداد کا تخمینہ پیش کرنے والی ٹیم کی پزیرائی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیس لیس نظام کے تحت کیمروں کی مدد سے پیداوار کی نگرانی مؤثر بنائی جارہی ہے۔ کیمروں پر مشتمل پیداوار کی خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں۔ صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، پیداواری شعبے میں جو کاروبار رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کررہے ہیں انکو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ وزیر اعظم نے سیمنٹ کے شعبے میں پیداوار کی نگرانی کے نظام کی آڈٹ رپورٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پیداوار کی نگرانی کے نظام کی مؤثریت کو جانچنے کیلئے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی باقی شعبوں میں بھی اسکا آڈٹ کرے۔ ٹیکس کی مکمل استعداد کے مطابق ٹیکس کی وصولی عوام کی صحیح معنوں میں خدمت ہے۔ ٹیکس کی استعداد اور وصول کیے جانے والے ٹیکس کے درمیان فرق پر جامع رپورٹ تشکیل دینے والی ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ ٹیم نے شب وروز محنت کے بعد ملکی ٹیکس استعداد کا بہترین جائزہ پیش کیا۔ وزیراعظم کی ٹیکس استعداد رپورٹ مرتب کرکے پیش کرنے والے افراد کی خصوصی پزیرائی، اجلاس کے اختتام پر شیلڈز پیش کیں۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس پیر کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جا چکا۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جا رہا ہے اور اسکے لئے آلات کی خریداری مکمل ہو چکی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سٹیل، پولٹری اور ٹائرز کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل و گھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کرلی جائیگی۔ اس طرح ان تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کے نظام کو رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کر دیا جائیگا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں جہاں بہت سی صنعتوں نے نگرانی کے نظام کی تنصیب میں مزاحمت کا مظاہرہ کیا وہیں نشاط ملز، الکرم ٹیکسٹائل، الکرم کاٹن ملز، J.K. سپننگ ملز، صورتی انٹرپرائز، انٹرلوپ لمیٹڈ، فیصل سپننگ ملز، ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، سفائر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ اور نشاط چونیاں نے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رضا کارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کیا۔ وزیر اعظم نے ان صنعتوں کے اس اقدام کی تعریف کی۔ وزیراعظم کو ٹیکس وصولی اور ٹیکس کی استعداد کے مابین فرق پر جائزہ رپورٹ بھی پیش کی گئی جس میں ملک کی ٹیکس استعداد کا تخمینہ پیش کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین سال میں حکومتی اقدامات کی بدولت 1.3 ٹریلین روپے کا اضافی ٹیکس اکٹھا کیا گیا جو کہ ٹیکس وصولی میں 40 فیصد اضافہ ہے۔ وضاحت کرتے ہوئے اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ اضافی ٹیکس انفورسمنٹ اقدامات کی بدولت اکٹھا ہوا۔ وزیراعظم نے ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی شب و روز محنت کے بعد جامع رپورٹ پیش کرنے پر پزیرائی کی اور شیلڈز پیش کیں۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 43

وامان کے خدشات کے پیش نظر عائد کی گئی ہے۔

بقیہ 44

صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید مؤثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیر ملکی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ) لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔ آئی جی پولیس نے چیک پوسٹوں پر نگرانی سخت کرنے اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کے ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں غیر ملکی شہریوں کی نقل وحرکت کے حوالے سے پیشگی اطلاع دینا بھی لازمی قرار دیا گیا۔ حکام کو ہدایت کی گئی کہ سکیورٹی سے متعلق تمام قانونی تقاضوں اور طے شدہ شرائط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ این او سی منسوخ کرنے سمیت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے واضح کیا کہ غیر ملکی شہریوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 45

وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق شینگ تا نگ گروپ پاکستان میں 10 ملین ڈالر مالیت کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کا خواہاں ہے۔ چینی وفد نے صنعتی ترقی، انفراسٹرکچر، سیاحت، الیکٹرک وہیکلز، ریلوے، توانائی اور شہری ترقی کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے چین کے ساتھ تعاون کے وژن کو عملی شکل دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی واضح ہدایات ہیں کہ چینی سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کی جائیں اور کاروبار میں آسانیاں پیدا کی جائیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات پر کاروبار دوست ریگولیٹری اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاروں کے لیے لینڈ لیز ماڈل موجود ہے، غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کا یہ موزوں وقت ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی قابل اعتماد حیثیت اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ پاکستان کے تعلقات بہت زیادہ گہرے ہیں، چین کے ساتھ متعدد مشترکہ منصوبوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوچکے ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ چین کے ساتھ طے پانے والے 40 فیصد مشترکہ منصوبے عمل درآمد کے مرحلہ میں ہیں، چینی سرمایہ کاری سے پاکستان میں صنعتی ترقی، معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کا اگلا اہم مرحلہ الیکٹرک وہیکلز کی ٹیکنالوجی ہے، پاکستان الیکٹرک وہیکلز کی ٹیکنالوجی کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے۔ ہارون اختر خان نے چینی وفد کو یادگاری سووینئر پیش کیا اور مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ملاقات میں ایڈیشنل سیکرٹری ہمیرا ضیا مفتی، جوائنٹ سیکرٹری فریدون ارم شیخ اور جوائنٹ سیکرٹری عامر عتیق بھی موجود تھے۔

بقیہ 46

ضد اور عدم تعاون کا نتیجہ ہے، پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، مذاکرات کے دروازے بند نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو اپوزیشن عدالت میں چیلنج کرسکتی ہے تاہم ایمرجنسی کی پارلیمان سے توثیق کرائی جائے گی، صوبے میں ایمرجنسی کا نفاذ تحریک انصاف کی ضد اور ہٹ دھرمی اور دہشت گردی کے خلاف تعاون نہ کرنے کے باعث کرنا پڑا۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے اپوزیشن کو پیشکش کی کہ وہ اپنی آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) میں حکومتی نمائندوں کو بھی مدعو کرے، حکومت دہشت گردی کے واقعات اور شہدا کے حوالے سے مکمل ڈیٹا اپوزیشن کے سامنے رکھے گی تاکہ صورت حال اور کیے جانے والے اقدامات سے متعلق حقائق پیش کیے جاسکیں۔ طارق فضل چودھری نے کہا کہ حکومت نے تحریک انصاف سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون مانگا تھا تاہم ان کے بقول اپوزیشن نے تعاون کرنے کے بجائے سیاسی سرگرمیوں کو ترجیح دی، وفاقی حکومت کو انسداد دہشت گردی کے اقدامات میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا جس کے باعث یہ فیصلہ کرنا ضروری ہوگیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کے مطابق خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورت حال بہتر بنانے کے لیے 12 اضلاع میں خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں کو کلیئر کرنے کے بعد سول انتظامیہ کے حوالے کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے واضح کیا کہ ایمرجنسی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک اس کے نفاذ کے مقاصد حاصل نہیں کرلیے جاتے۔ طارق فضل چودھری نے کہا کہ حکومت کا بنیادی مقصد صوبے میں دائمی امن قائم کرنا ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، تاہم حکومت نے مذاکرات کے دروازے بند نہیں کیے، اپوزیشن لیڈر کو متعدد مرتبہ مذاکرات کی دعوت دی جاچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کا مطالبہ نہیں کیا تھا بلکہ دہشت گردی کے خلاف تعاون کی درخواست کی تھی، ایمرجنسی کا نفاذ کوئی اچانک فیصلہ نہیں، بلکہ حالات کے تناظر میں یہ اقدام کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے دعویٰ کیا کہ عوام نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو سراہا ہے اور کسی مقام پر احتجاج نہیں ہوا، صوبے کے عوام امن اور ترقی چاہتے ہیں جب کہ ان کے مطابق گزشتہ 14 برس کے دوران خیبر پختونخوا میں خاطر خواہ ترقی نہیں ہوئی۔ طارق فضل چودھری نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت دہشت گردی کے خاتمے، متاثرہ علاقوں میں امن کی بحالی اور سول انتظامیہ کی عمل داری یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی جب کہ سیاسی اختلافات کے باوجود مذاکرات کا راستہ کھلا رکھا جائے گا۔

بقیہ 47

نے پلیٹ فارم کو فعال بنانے میں مصر کی قیادت اور رکن ممالک اور سیکریٹریٹ کی کاوشوں کو سراہا۔ وزیر خزانہ نے زور دیا کہ بورورز پلیٹ فارم کا مقصد باہمی تجربات سے سیکھنے اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے، نہ کہ اجتماعی سودے بازی کا فورم بنانا یا بحرانوں سے نمٹنے کے طریقہ کار کے طور پر کام کرنا۔ انہوں نے 2026-27 کے عملی منصوبے کے تحت پاکستان کی ترجیحات بیان کیں، جن میں قرض کے انتظام کے طریقہ کار کو مضبوط بنانا، اصلاحات کے تجربات کا تبادلہ اور ترقیاتی مالیات کے لیے جدید ذرائع تلاش کرنا شامل ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عملی اقدامات کے نفاذ اور قابل پیمائش نتائج کے حصول کے لیے پرعزم ہے، اور اس بات پر زور دیا کہ قرض ترقی کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ اس کی راہ میں رکاوٹ۔ اختتامی کلمات میں وزیر خزانہ نے پلیٹ فارم کی ادارہ جاتی بنیادوں، انتظامی ڈھانچے اور مشترکہ عملی پروگرام کی تشکیل میں تیز رفتار پیش رفت کا خیرمقدم کیا، جبکہ ممکنہ رکن ممالک کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو بھی سراہا۔ اجلاس کے بعد انہوں نے پریس کانفرنس سے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 48

خوارج کی موجودگی اور نقل وحرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز ان کے نیٹ ورکس تباہ کرنے اور نقل وحرکت محدود کرنے میں موثر ثابت ہو رہے ہیں۔ سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 49

عبداللہ سمیت الیکشن کمیشن کے افسران اور سٹاف نے شرکت کی۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے مرحوم کی الیکشن کمیشن آف پاکستان کے لیے گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شمشاد خان ایک نہایت مخلص، فرض شناس اور باصلاحیت افسر تھے۔ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر مرحوم کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگواران کو صبر وجمیل کے لیے دعا کی گئی

بقیہ 50

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں، پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے

بقیہ 51

ایمرجنسی اور گورنر نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کی جانب سے وزیر اعلی سہیل آفریدی اور جنید اکبر کو حراست میں لیے جانے کا دعوی کیا گیا تھا۔ بعدازاں، پیر کی صبح پولیس نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پی ٹی آئی کے 8 اہم رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ سینئر پولیس افسر کے مطابق وزیر اعلی سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی اور صوبائی صدر پی ٹی آئی جنید اکبر پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔

بقیہ 52

، جنوبی وزیرستان لوئر میں بھی تمام تعلیمی ادارے بند رہے، ضلع مالاکنڈ کے تعلیمی ادارے (آج) منگل کو بند رہیں گے، ضلع مالاکنڈ میں 30 روز کے لئے دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے۔

بقیہ 53

کریڈٹ ریٹنگ میں گزشتہ سال اپریل سے اب تک تین مرتبہ بہتری آئی ہے، حکومت کا ہدف ملک کو ڈبل بی کیٹیگری میں لانا ہے، حکومت آئندہ دو سے تین سال کے دوران بعض قلیل مدتی بیرونی قرضوں کو طویل میعادی قرضوں میں تبدیل کرنے کی کوشش کرے گی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر بنکاک میں بلوم برگ کو انٹرویو میں وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان نے چار سال کے وقفے کے بعد عالمی مالیاتی منڈیوں سے کامیابی کے ساتھ رجوع کیا ہے،

بقیہ 54

مطابق شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد بلاک ٹی میں شکی گراؤنڈ کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں ملزم عادل کو گرفتار کیا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا۔ دوسری کارروائی میں سرسید پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر 11-C-2 میں مبینہ مقابلے کے دوران زخمی ملزم محمد ناصر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ زخمی ملزم محمد ناصر کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم محمد راشد کو تھانے منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ادھر شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد بلاک یو میں بھی مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ زخمی ملزم کی شناخت صدام کے نام سے ہوئی، جسے علاج کے لیے عباسی شہید ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا ہے۔ پولیس کی جانب سے گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 55

ریاض ایئرپورٹ کی تمام 6 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ اسلام آباد سے کنگ خالد ایئرپورٹ ریاض کی 14 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں۔ لاہور سے ریاض کی 12 جبکہ پشاور سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ کراچی سے مدینہ اور دمام ایئرپورٹ کی 4 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ لاہور سے دمام ایئرپورٹ کی 3 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں۔

بقیہ 56

شاہ فیصل الیاس نے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی لگائے جانے کے اقدام پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پہلے ہی استعفیٰ دے دیا تھا۔ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ گزشتہ روز کیا گیا جس کے بعد صدر مملکت نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئین پاکستان کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دی تھی۔ اس قدام کے فوری بعد وفاقی حکومت نے صوبے کے انتظامی ڈھانچے میں متعدد تبدیلیاں کیں۔ وفاقی حکومت نے چیف سیکرٹری کے پی شہاب علی شاہ کو عہدے سے ہٹا کر گریڈ 22 کے افسر ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو نیا چیف سیکریٹری مقرر کیا، اس کے علاوہ صوبے میں بیوروکریسی اور پولیس افسران کے تبادلے اور تعیناتیاں بھی کی گئیں۔

بقیہ 57

سب انسپکٹرز کی سنیارٹی بغیر سماعت تبدیل کرنے سے متعلق سابقہ حکم واپس لیتے ہوئے محکمے کو متاثرہ افسران کا مؤقف سن کر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے 9 جون 2026 کو سنیارٹی سے متعلق نظر ثانی درخواستوں پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ سندھ پولیس کے سب انسپکٹرز کی 2015 کی سنیارٹی لسٹ میں 2020 کے دوران تبدیلی کرتے وقت متاثرہ افسران کو سماعت کا موقع نہیں دیا گیا جو اصول سماعت، قانونی طریقہ کار اور آئین کے آرٹیکل 10 اے میں دیے گئے منصفانہ ٹرائل اور قانونی عمل کے تقاضوں کے منافی ہے۔ فیصلے کے مطابق سنیارٹی ملازم کا اہم حق ہے جس کا اس کی پیشہ ورانہ ترقی اور مستقبل کے امکانات سے گہرا تعلق ہے، کسی ملازم کی سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے متعلقہ حکام پر لازم ہے کہ وہ متاثرہ ملازمین کو سنیں اور ان کے اعتراضات کا جائزہ لینے کے بعد وجوہات پر مبنی حکم جاری کریں۔ درخواست گزاروں کا موقف تھا کہ انہیں 28 اپریل 2015 کی سنیارٹی لسٹ میں مناسب مقام دیا گیا تھا تاہم بعد ازاں 18 نومبر 2020 کو ان کی سنیارٹی تبدیل کرکے انہیں اپنے ساتھیوں سے جونیئر قرار دے دیا گیا جبکہ انہیں نہ کوئی شوکاز نوٹس جاری کیا گیا اور نہ ہی اپنا مؤقف پیش کرنے کا موقع دیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ متاثرہ ملازم کو سنے بغیر انتظامی کارروائی کے ذریعے اس کی سنیارٹی ختم یا تبدیل کرنا قانونی تقاضوں کے منافی ہے، اگر سابقہ سنیارٹی سروس قواعد کے مطابق مقرر نہیں کی گئی تھی تب بھی متعلقہ ملازم کو اپنا دفاع پیش کرنے کا منصفانہ موقع دینا ضروری ہے۔ سپریم کورٹ نے 4 اپریل 2024 کا اپنا سابقہ حکم واپس لیتے ہوئے متعلقہ سول درخواستیں بحال کر دیں اور انہیں اپیلوں میں تبدیل کرکے جزوی طور پر منظور کر لیا۔ عدالت نے سندھ سروس ٹریبونل کا فیصلہ بھی درخواست گزاروں کے پہلے گروپ کی حد تک کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے محکمہ سندھ پولیس کو ہدایت کی کہ درخواست گزاروں سمیت دیگر متاثرہ افراد کو سماعت کا مناسب موقع فراہم کرکے ان کے اعتراضات کا جائزہ لیا جائے اور قانون کے مطابق وجوہات پر مبنی حکم جاری کیا جائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اگر درخواست گزاروں کے اعتراضات درست پائے جائیں اور سنیارٹی میں اچانک تبدیلی غیر قانونی اور ناانصافی پر مبنی ثابت ہو تو فیصلے کی وصولی کے دو ماہ کے اندر نئی سنیارٹی لسٹ مرتب کرکے جاری کی جائے۔ عدالت نے اس دوران درخواست گزاروں کے پہلے گروپ کی حد تک 18 نومبر 2020 کی سنیارٹی لسٹ سے متعلق موجودہ صورت حال برقرار رکھنے کا حکم بھی دیا۔

بقیہ 58

کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت 7 مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی علی وسیم نے کہا ہے کہ جنسی زیادتی کے جھوٹے الزامات لگا کر مقدمات درج کرانے اور بعد ازاں بڑی رقوم کے عوض ملزمان کے حق میں بیانات دیکر مقدمات ختم کرانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جنسی زیادتی جیسے سنگین جرم کا جھوٹا الزام لگا کر ذاتی مفادات حاصل کرنے اور قانون کا غلط استعمال کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد کے مطابق اس اقدام کا مقصد قانون کے غلط استعمال کی حوصلہ شکنی اور عدالتی وانتظامی سطح پر انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے، حقیقی متاثرین کو انصاف فراہم کرنا اور خواتین سمیت تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 59

شیوہ اڈہ، یارحسین، رزڑ، صوابی خاص، ٹوپی، لاہور، گدون اور ضلع کے دیگر علاقوں میں کی گئی ہیں۔ حراست میں لیے گئے افراد میں پی ٹی آئی کے کئی مقامی عہدیداران اور متحرک کارکن بھی شامل ہیں، جنہیں مختلف مقامات سے کارروائیوں کے دوران گرفتار کیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار افراد کو لانگ مارچ کی تیاریوں اور امن وامان میں خلل پڑنے کے خدشے کے پیش نظر حراست میں لیا گیا ہے دوسری جانب ضلع بھر میں پولیس کی بھاری نفری تعینات کردی گئی ہے، جبکہ حکام کی جانب سے مزید گرفتاریوں کا امکان ہے ادھر، پولیس نے پی ٹی آئی ضلع مردان کے 85 کارکن گرفتار کرلیے جبکہ دیگر عہدیداروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 60

ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کردی۔ سارہ ایڈمز نے بتایا کہ پکتیکا اور کنڑ میں تین اہم مراکز پر پاک فوج کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 19 دہشتگرد ہلاک اور 11 سے زائد زخمی ہوئے، ستمبر 21 کو پاکستان کے درست فضائی حملوں میں مشرقی افغانستان میں دہشت گردوں کے مضبوط ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کے مطابق ان حملوں میں خودکش بمباروں کا تربیتی کیمپ، سہولت کاری کا مرکز اور فتنہ الخوارج و داعش کا مشترکہ مرکز بھی تباہ ہوا۔ بین الاقوامی تحقیقات میں افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں اور ان پر حملوں میں ہلاکتوں کی تصدیق پاکستانی مؤقف کی تائید ہے۔

EGYPT
EGYPT
CHAIR

بنکاک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں بورڈ رز پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی چیئر مین شپ کا چارج سنبھال رہے ہیں

علاقے کی ترقی، عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا حل نصب العین ہے، میر سلیم کھوسہ

عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا، ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہماری روایات کا حصہ رہا ہے

عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی آواز متعلقہ فورمز تک پہنچانا اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے

مانجھی پور (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ علاقے کی ترقی، عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا حل ہماری سیاست کا بنیادی مقصد اور نصب العین ہے۔ ہمارے بزرگوں، الحاج مرحوم میر نبی خان کھوسہ اور مرحوم میر ظہور حسین خان کھوسہ نے اپنی زندگی عوام کی خدمت، علاقے کی بہتری اور لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی گراں قدر خدمات علاقے کی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہیں، جنہیں عوام ہمیشہ عزت واحترام کے ساتھ یاد رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کے لیے آنے والے میر اعجاز حسین خان کھوسہ میر محمد آصف خان کھوسہ حبیب اللہ کھوکھر وڈیرہ نثار احمد لانگو و دیگر مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر سلیم احمد (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون بلوچستان کی روڈ سیفٹی آگاہی مہم

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون بلوچستان کی روڈ سیفٹی آگاہی مہم نیشنل ہائی ویز اینڈ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 21 اکتوبر کو لاہور میں منعقد ہوگا، بلال خان کاکڑ

بلوچستان کو سرمایہ کاری، تجارت اور معاشی ترقی کا اہم مرکز بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت 21 اکتوبر کو لاہور میں منعقد ہونے والے بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں سی ای او عبدالمنان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں فورم کے انعقاد کے انتظامات، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کی شرکت، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے اور تقریب کو مؤثر بنانے کے لیے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر فورم کے اغراض و مقاصد اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

میر سرفراز بگٹی کی ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون سے ملاقات

عوامی خدمات، بالخصوص روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین کے نفاذ اور ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولت پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، ویسٹ زون، بلوچستان ڈاکٹر قریش خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بلوچستان کی جانب سے فراہم کی جانے والی مختلف عوامی خدمات، بالخصوص روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین کے نفاذ اور ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون بلوچستان کی پیشہ ورانہ خدمات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

غزالہ گولہ کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے کہا کہ دونوں افسران کی شہادت ایک افسوسناک سانحہ ہے، جس پر پوری قوم سوگوار ہے۔ انہوں نے شہدا کی خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر صوبائی مشیر بلدیات امیر حمزہ زہری کا اظہار افسوس

میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت ملک وقوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت ملک وقوم کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں صوبائی مشیر بلدیات (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا مشاورتی اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (بلوچستان چیپٹر) کا ایک مشاورتی اجلاس جنرل سیکرٹری محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ہوا جس میں سیکرٹری خزانہ پروفیسر آصف اختر کنوینر پروفیسر وسیع اختر پروفیسر سعد اللہ بڑیچ فاروق بنگلزئی پروفیسر حسین شاہ نصیر الحق سیکرٹری اطلاعات جہانگیر کاسی اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں رواں تعلیمی سال کے دوران میں پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن بلوچستان چیپٹر کی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مائنز اینڈ منرلز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیڈیز کلب بلوچستان خواتین کی معاشی وسماجی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا، گورنر

خواتین کی ہنرمندی، روزگار کے مواقع اور معاشی خودمختاری کیلئے مشترکہ اقدامات ضروری ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ لیڈیز کلب بلوچستان کا قیام ایک خوش آئند اقدام ہے جس سے خواتین کی معاشی و سماجی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، اور انہیں اپنے حقوق و فرائض سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس ضمن میں ضروری ہے کہ لیڈیز کلب بلوچستان کو دیگر متعلقہ سرکاری و غیر سرکاری اداروں، سماجی تنظیموں اور ڈونرز کے ساتھ موثر روابط استوار کریں تاکہ خواتین کی فلاح و بہبود، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے مشترکہ منصوبے شروع کیے جا سکیں۔ گورنر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7پر)

ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے سے ڈرائیور زخمی

کوئٹہ (آن لائن) ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے سے ڈرائیور زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے اس کا ڈرائیور زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانا غیر آئینی، جمہوری اصولوں کے منافی ہے، پشتونخوا میپ

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط نویں کلی علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا

پشتونخوا وطن کے عوام نہ اپنے جمہوری حقوق پر شب خون برداشت کریں گے اور نہ ہی ایسی پالیسیوں کو قبول کریں گے جو انہیں دوبارہ بے گھری، تباہی اور بدامنی کی طرف دھکیل دیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط نویں کلی علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کانفرنس کو 7 اکتوبر 1983 کے شہدائے جمہوریت اسلم اولیسیار شہید، کاکا محمود شہید، داد شہید اور رمضان شہید کی 43ویں برسی، جبکہ 11 اکتوبر 1991 کے شہدائے وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، باز محمد باز شہید، صابر شاہ شہید، صاحب خان شہید اور حبیب الرحمٰن شہید کی 35ویں برسی کے شہدا کے نام منسوب کیا گیا۔ کانفرنس کے شرکا نے شہدا کی قومی، سیاسی اور جمہوری جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کے متعین کردہ راستے پر چلتے ہوئے پشتون قومی خودمختاری، جمہوریت، انسانی حقوق اور عوام (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

قلات میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کردیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) قلات میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ شب قلات کے علاقے محلہ گوم کا رہائشی میر احمد گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

COUNTER-T
LAND
TTP · Cross-B

اسلام آباد: وزیر خارجہ اسحاق ڈار "پاکستان میں دہشتگردی کیخلاف بدلتے ہوئے منظرنامے" پر منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کا ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال سبی کا دورہ

مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال سبی کا دورہ کیا، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر جہانزیب بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات، دستیاب وسائل اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر سبی ڈویژن نے دورے کے دوران ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، او پی ڈی، ای پی آئی، ڈینٹل روم، آپریشن تھیٹر، میل و فی میل وارڈز، گائنی او پی ڈی سیکشن اور ادویات کے اسٹور کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ کا ناصر آباد میں مختلف بنیادی مراکزِ صحت اور سکولوں کا دورہ

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے ناصر آباد میں مختلف بنیادی مراکزِ صحت اور سکولوں کا دورہ کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے صحت اور تعلیم کی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں میں عملے کی حاضری، عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، تعلیمی سرگرمیوں اور طلبہ کو درپیش مسائل سے متعلق صورتحال کا معائنہ کیا اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کاکڑ نے متعلقہ عملے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7پر)

حکومت پرائیویٹ اسکولوں کو تنگ کرنے کا سلسلہ ترک کردے، ملک رشید کاکڑ

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ نجی اسکولوں کو 3 ماہ کی فیس وصول کرنے کے عدالتی فیصلے کی فوری طور پر وضاحت کریں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس کے صدر ملک رشید کاکڑ، جنرل سیکرٹری: محمد نواز پندرانی اور ترجمان حاجی سلیم ناصر نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ نجی اسکولوں کو 3 ماہ کی فیس وصول کرنے کے عدالتی فیصلے کی فوری طور پر وضاحت کریں بصورت دیگر بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے پر مجبور ہونگے، بلوچستان میں کورونا کے دوران 475 پرائیویٹ اسکول بند ہوئے جس سے ہزاروں کی تعداد میں بچوں کا بوجھ بھی پرائیویٹ تعلیم اداروں نے اٹھایا صوبے میں 30 لاکھ بچے آؤٹ آف سکول ہیں جنہیں اسکولوں میں لانے کیلئے پرائیویٹ ادارے اپنا بھر پور کردار ادا کر رہے ہیں حکومت پرائیویٹ اسکولوں کو سہولیات دینے کی بجائے انہیں تنگ کرنے کا سلسلہ ترک کردے۔ یہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر سبی کی صدارت میں آئندہ پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے اجلاس

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی صدارت میں آئندہ پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر میر بہادر خان بنگلزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، عالمی ادارہ صحت (WHO) (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید 2 اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی

چیکنگ کے دوران ایک گاڑی کو رکنے کا اشارہ دیا تو گاڑی میں سوار افراد پولیس پر فائرنگ کرکے فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ پر سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید 2 اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ شہید پولیس اہلکار کی پولیس لائن کوئٹہ میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی جس میں آئی جی پولیس سمیت پولیس کے آفیسران، جوان اور دیگر شریک ہوئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس چیکنگ کر رہی تھی کہ ایک گاڑی کو رکنے کا اشارہ دیا تو گاڑی میں سوار افراد پولیس پر فائرنگ کر کے فرار ہوگئے پولیس نے گاڑی کا تعاقب کیا جوائنٹ روڈ پر گاڑی میں سوار افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں کانسٹیبل نعمان (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

جوانوں کی شہادت شہادت ملک وقوم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت پر دلی رنج و غم ہے۔ ان کی قربانی اور قومی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، جبکہ ان کی شہادت ملک وقوم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا

اراکین اسمبلی کو پارلیمانی امور میں معاونت کے لیے یکجا سہولیات فراہم ہوں گی

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پیر کے روز بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں قائم ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر (Members Facilitation Centre) کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے معزز اراکین اسمبلی کو مرکز کے قیام کے مقاصد، فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی ہدایات پر عمل میں لایا گیا ہے، جس کا بنیادی مقصد معزز اراکین اسمبلی کو قانون (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

MOU Signing Ceremony
Directorate of Culture Balochistan &

کوئٹہ سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر، چیئرمین بورڈ آف گورنرز نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹ سید جاوید اقبال، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین کلچر ڈیپارٹمنٹ اور نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹ کے درمیان آرٹس، تھیٹر اور ثقافتی ترویج کے معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

2 نومبر سے انسدادِ پولیو مہم شروع ہوگی، 4 لاکھ 30 ہزار بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

پولیو مہم کے دوران کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی کی خصوصی ٹیمیں تعینات کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈی پیک (DPEC) اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، نیشنل ای او سی کے ممبران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات، سیکورٹی پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مہم کے دوران کوئٹہ میں تقریباً 4 لاکھ 30 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گورنر بلوچستان کا اظہارِ افسوس

گورنر جعفر خان مندوخیل کی شہید پائلٹس کے اہل خانہ سے تعزیت، صبر و ہمت کیلئے دعا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو تکنیکی خرابی کے باعث پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے کے نتیجے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے اہلِ خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ دونوں افسران کی شہادت ایک افسوسناک سانحہ ہے۔ جعفر خان مندوخیل نے سوگوار خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

مزدور ہمارا فخر، ان کے حقوق ہماری ذمہ داری ہے: جمال شاہ کاکڑ

لیبر ونگ کنونشن سے خطاب میں مزدوروں کے مسائل فوری حل کرنے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مزدور طبقہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی رکھتا ہے اور ان کے جائز حقوق کا تحفظ پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ کیونکہ ان کی محنت سے ہی ملکی ترقی اور معیشت کا پہیہ رواں دواں رہتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ اور دیگر مزدور تنظیموں کے زیر اہتمام منعقدہ لیبر ونگ کنونشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمٰن (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7پر)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سوئٹزرلینڈ کے اسٹیفن لارنٹ رے سے ایوان صدر میں اسناد وصول کر رہے ہیں

منشیات اور اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، فریدہ ترین

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کوآرڈینیشن کمیٹی DICC کا اہم اجلاس ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود امن و امان اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کوآرڈینیشن کمیٹی DICC کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف متعلقہ سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کا مقصد ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی صورت حال کا جائزہ لینا، (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7پر)

گوادر میں رائز بلوچستان پروگرام کے تحت 150 مستحق افراد میں ڈیڑھ، ڈیڑھ لاکھ روپے کی گرانٹس تقسیم

بیوٹیشن اور بیکنگ کورسز مکمل کرنے والی 40 بچیوں میں سرٹیفکیٹس اور پیشہ ورانہ کٹس تقسیم، خواتین کو خود روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا عزم

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات کے تحت رائز بلوچستان پروگرام نوجوانوں اور خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، غربت میں کمی اور خود روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ پروگرام کے تحت گوادر میں 150 مستحق افراد میں ڈیڑھ، ڈیڑھ لاکھ روپے کی انکم جنریٹنگ گرانٹس جبکہ بیوٹیشن اور بیکنگ کے کورسز مکمل کرنے والی 40 بچیوں میں سرٹیفکیٹس اور پیشہ ورانہ کٹس تقسیم کی گئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رائز (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز عبدالواسع خان کاکڑ کا لورالائی کے تعلیمی اداروں کا دورہ

طلبہ کی معیاری تعلیم، بنیادی مہارتوں اور اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے، گفتگو

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز ایجوکیشن لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے جی بی ایچ ایس ڈرگئی سرگڑہ لورالائی اور جی جی ایم ایس ڈرگئی سرگڑہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر بابو ملک نجیب خان کاکڑ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے مختلف کلاس رومز کا تفصیلی دورہ کیا، طلبہ سے سبق سنا اور مختلف مضامین کے حوالے سے سوالات کیے۔ انہوں نے بچوں کی تعلیمی استعداد، تدریسی سرگرمیوں، حاضری اور مجموعی تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اس موقع پر ہیڈ ماسٹر عبدالرؤف نے اسکول کے حوالے سے ڈویژنل ڈائریکٹر کو تفصیلی بریفنگ دی اور ادارے میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ کی تعداد، تدریسی امور اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا ڈویژنل (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

گورنر راج کا نفاذ جمہوریت کیلئے نیک شگون نہیں، پروفیسر حلیم صادق

بحرانوں کا واحد حل قومی حکومت کے قیام میں مضمر ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ ملک اس وقت جن گھمبیر بحرانوں اور سنگین مسائل کا شکار ہے، ان کا واحد اور دیرپا حل قومی حکومت کے قیام میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر نئے دن کے ساتھ مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ عوام مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور معاشی بے یقینی کے بوجھ تلے دب چکے ہیں۔ اپنے جاری کردہ بیان میں پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق کا کہنا تھا کہ سیاسی عدم استحکام نے معیشت کو کمزور کر دیا ہے، سرمایہ کاری کا عمل سست روی کا شکار ہے اور عام آدمی کی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

بلوچستان اسمبلی میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں شہید ہونیوالے پائلٹس کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی جارہی ہے

جمعیت کی سیاست منفی پروپیگنڈوں اور میڈیا ٹرائل سے بے نیاز ہے، مولانا عبدالواسع

جمعیت کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور میڈیا ٹرائل سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں، بلکہ بصیرت، سنجیدگی، سیاسی شعور اور زمینی حقائق کی بنیاد پر سیاست پر یقین رکھتی ہے

بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، بے روزگاری، پسماندگی، امن وامان کی خراب صورت حال اور بنیادی سہولیات کی کمی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے، صوبائی امیر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے لورالائی، دکی اور چمن کے دوروں سے واپسی پر کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی سیاست منفی پروپیگنڈوں اور میڈیا ٹرائل سے بے نیاز ہے، جمہوریت، امن اور ملکی استحکام کے لیے قربانیاں تاریخ کا سنہرا باب ہیں۔ جماعت نے ہمیشہ آئین، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور ملکی استحکام کے لیے اصولی سیاست کا راستہ اختیار کیا ہے اور ہر مشکل دور میں اپنے مؤقف پر ثابت قدم رہتے ہوئے عوام کی ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور میڈیا ٹرائل سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں، بلکہ بصیرت، سنجیدگی، سیاسی شعور اور زمینی حقائق (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7پر)

بابر یوسفزئی کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ حکومتِ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

نوجوانوں کی تعلیمی کامیابیاں دیگر طلبہ کیلئے مشعلِ راہ ہیں، گورنر جعفر خان مندوخیل

ایم ڈی کیٹ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ولی اللہ ترین کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ایف ایس سی کے طالب علم ولی اللہ ترین ولد عین الدین کی ایم ڈی کیٹ میں شاندار کامیابی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کیا۔ ڈسٹرکٹ پشین کے ولی اللہ ترین نے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (UniversityBUHMSMDCAT) میں ÷91 فیصد نمبر حاصل کر کے بلوچستان میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ گورنر بلوچستان نے فرسٹ پوزیشن ہولڈر کی محنت، لگن اور تعلیمی قابلیت کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی غیر معمولی کامیابیاں نہ صرف ان کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی 7 ملزمان کو گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

تربت سیکورٹی فورسز کی کارروائی مزدا گاڑی سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد، ڈرائیور کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، مطلوب، اشتہاری، مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ جبکہ 8 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور ون وے کی خلاف ورزی پر 25 موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او بروری نے کارروائی کرتے ہوئے وقار حسین سے 5 کلو چرس برآمد کر کے گرفتار کر لیا تھانہ عبدالخالق شہید کے حملے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

عوام اب سیاسی نعروں کے بجائے عملی کردار دیکھنا چاہتے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

غیر جمہوری قوتوں کی مضبوطی سے جمہوری اقدار، عوامی مینڈیٹ اور پارلیمانی بالادستی کو نقصان پہنچا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور دیگر رہنماں نے کہا ہے کہ جمہوریت کے نام نہاد علمبرداروں نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے آلہ کار کا کردار ادا کرتے ہوئے غیر جمہوری قوتوں کو مضبوط کیا، جس کے نتیجے میں جمہوری اقدار، عوامی مینڈیٹ اور (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)

بلوچستان میں فن وثقافت کے فروغ کیلئے ڈائریکٹریٹ آف کلچر اور نیپا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں فن، ثقافت اور پرفارمنگ آرٹس کے فروغ کے لیے ڈائریکٹریٹ آف کلچر، حکومت بلوچستان، اور نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس (NAPA) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں NAPA کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز سید جاوید اقبال، معروف سماجی کارکن اور سابق سینیٹر روشن خورشید بروچہ، سینئر فنکاروں، میڈیا نمائندوں، ثقافتی شخصیات اور سول (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

جمہوریت کے نام پر آمریت کا چہرہ قوم کے سامنے طشت از بام ہوگئی، مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی گورنر راج کی نفاذ کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کے نام پر آمریت کا چہرہ قوم کے سامنے طشت از بام ہو گئی۔ ملک میں جمہوریت کے نام پر قائم حکمرانی کے نظام کا اصل چہرہ بالآخر عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے۔ جمہوریت (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی اسمبلی اجلاس کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، ڈی سی زیارت

عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی فیز ٹو اور فیز تھری کی ترقیاتی سکیمات کے حوالے سے اجلاس

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی فیز ٹو اور فیز تھری کی ترقیاتی سکیمات کے حوالے سے اجلاس، منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت اور معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی سکیمات کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لیفٹیننٹ کرنل وونگ کمانڈر 155 ونگ کرنل زیشان، میجر عامر، ایکسین اریگیشن عمیر علی، ایکسین (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7پر)

قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ چمن شاہراہ پر جنگل پیر علی زئی بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

عوام سے کئے وعدے پورے کریں گے، اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، محمد خان طور اتمانخیل

لورالائی کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا اور علاقے سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

لورالائی میونسپل کمیٹی کو بہت جلد میونسپل کارپوریشن کا درجہ دلانے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس سے شہر کے انتظامی و ترقیاتی نظام میں مزید بہتری آئے گی

لورالائی (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں بھاری اکثریت سے کامیاب کیا ہے، ہم ان کے اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ ان شاءاللہ عوام کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے لورالائی کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا اور علاقے سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ لورالائی شہر کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہری مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ میونسپل کمیٹی لورالائی کے ترقیاتی فنڈز میں نمایاں اضافہ کرتے ہوئے اسے 12 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے، جبکہ سالانہ فنڈز بھی 12 لاکھ روپے سے بڑھا کر (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7پر)

نور محمد خان دمڑ کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ پوری قوم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ شہدا کے سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں حاجی نور محمد خان دمڑ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی افسر کو شیلڈ دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

بجلی چوری، منشیات اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائی، ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس عوامی مسائل کے حل اور فراہم کردہ ریلیف کا تفصیلی جائزہ ہوا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں کمیٹی کے پلیٹ فارم کی افادیت مختلف محکموں کی کارکردگی عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو فراہم کیے جانے والے ریلیف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال عوامی سہولیات کی فراہمی اور انتظامی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

پولیس کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابلِ تحسین ہیں، محمد جان لانگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی جنرل کونسل کے اراکین ٹکری محمد جان لانگو حافظ رحمت اللہ لانگو پرویز لانگو نے اپنے مشترکہ بیان میں ایس ایچ او جناح ٹاؤن تھانہ نور اللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی نے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

سیکرٹری مائنز بلوچستان سیدال لونی کی جاپانی قونصل جنرل سے ملاقات

معدنی شعبے کی ترقی صوبائی معیشت کو مضبوط اور روزگار کے مواقع پیدا کر سکتی ہے: سید ندیم عالم شاہ

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ، بلوچستان کے سیکرٹری سیدال خان لونی نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ہونے والی ملاقات میں بلوچستان کے معدنی وسائل کی اہمیت اور مائننگ کے شعبے میں ترقی کے امکانات کو اُجاگر کرنے، مائننگ سیکٹر میں سرمایہ کاری، باہمی تعاون کے امکانات، پاکستان اور جاپان کے دوطرفہ تعلقات کا فروغ، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)، ٹیکنیکل ایجوکیشن، پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں سے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سیکرٹری خارجہ سفیر عاصم افتخار احمد ملاقات کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس
پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون
روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح
روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

☆☆☆☆☆☆☆☆ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆